Like other postpositions it must be preceded by the oblique case:

میرے لڑکے کا نام	*mere laṛke kā nām*	my boy's name
لڑکیوں کا اسکول	*laṛkīoṅ kā iskūl*	the girls' school
بڑے شہر کا ہوٹل	*baṛe šahr kā hoṭal*	the big city's hotel

کا also changes for number, gender and case like adjectives in ا *-ā*, having the forms کا، کی، کے *kā, kī, ke*, the same endings as اچھا *acchā*:

اچھا لڑکا	*acchā laṛkā*	a good boy
لڑکے کا اسکول	*laṛke kā iskūl*	the boy's school
اچھے لڑکے	*acche laṛke*	good boys
لڑکے کے دوست	*laṛke ke dost*	the boy's friends

اچھے لڑکوں کو	*acche laṛkoṅ ko*	to the good boys
لڑکے کے دوستوں سے	*laṛke ke dostoṅ se*	from the boy's friends
اچھی لڑکی	*acchī laṛkī*	a good girl
لڑکی کی کتاب	*laṛkī kī kitāb*	the girl's book
اچھی لڑکیوں کو	*acchī laṛkīoṅ ko*	to the good girls
لڑکی کی کتابوں میں	*laṛkī kī kitāboṅ meṅ*	in the girl's books

To sum up, the postposition کا *kā:* must take the oblique case of the word which precedes it; must agree in number, gender and case with the word which comes after it:

میرے بڑے بیٹے کے اسکول کے لڑکوں سے پوچھیے	*mere baṛe beṭe ke iskūl ke laṛkoṅ se pūchīe*	Ask the boys of my eldest son's school
میری چھوٹی بیٹیوں کی سہیلیوں کے شہروں میں	*merī choṭī beṭioṅ kī sahelīoṅ ke šahroṅ meṅ*	In the cities of the friends of my small daughters

سے دور se dūr 'far from'

In Urdu, the sentence 'my house is twenty miles (away) from London' is expressed:

میرا گھر لندن سے بیس میل دور ہے	*merā ghar landan se bīs mīl dūr hai*	My house is twenty miles far from London

In such expressions, the word دور must always be included.

دور *dūr* is regarded as a feminine noun. Thus 'how far?' is کتنی دور *kitnī dūr?* 'how much far?':

آپ کا گھر یہاں سے کتنی دور ہے؟	*āp kā ghar yahāṅ se kitnī dūr hai?*	How far is your house from here?

ہونا honā 'to have', 'to possess'

We have already noted that Urdu has no verb like the English 'to have, possess'. To have relations or to possess things, which are not actually with you or on you, is expressed by using the postposition کا *kā* with ہونا *honā*:

اسلم کے چار بچے ہیں	*aslam ke cār bacce haiṅ*	Aslam has four children ('Aslam's four children are')

رحیم صاحب کی گاڑی نہیں ہے	*rahīm sāhib kī gāṛī nahīṅ hai*	Rahim does not have (own) a car ('Rahim's car is not')

If the noun (i.e. Aslam, Rahim) is replaced by a pronoun (I, you, he, they, etc.), then the possessive adjective (e.g. میرا، اس کا، ہمارا، ان کا etc.) is used:

میرے چار بچے ہیں	*mere cār bacce haiṅ*	I have four children ('my four children are')
ان کا بہت خوبصورت گھر ہے	*un kā bahut xūbsūrat ghar hai*	They have a very beautiful house

Expressing your age

There are two ways of expressing age in Urdu. The more straight-forward is to use the word عمر *'umr* 'age':

آپ کی عمر کیا ہے؟ میری عمر اٹھارہ سال ہے؟	*āp kī 'umr kyā hai? merī 'umr aṭhāra sāl hai*	What is your age? My age is eighteen (i.e. I am eighteen)

The other way is to use the postposition کا *kā*, which must take the gender of the subject:

حامد چودہ سال کا ہے	*hāmid cauda sāl kā hai*	Hamid is fourteen ('Hamid is of fourteen years')
اس کی بیٹی دو سال کی ہے	*us kī beṭī do sāl kī hai*	His daughter is two ('of two years')

Note that even though سال *sāl* 'years' is masculine plural and is followed by کی, its form does not change to oblique.

مشق *mašq* Exercise

4.1 Correct form of کا *kā*

In the following sentences, give the correct form of کا *kā*. Make sure of the gender, number and case of the word that follows it:

1 رحیم صاحب __________ پرانے گھر میں۔

2 میری بیٹی __________ اسکول اچھا ہے۔

3 اقبال ________ عمر کیا ہے؟
4 اسلم ________ بیٹی کا نام کیا ہے؟
5 پاکستان ________ پرانے شہر دلچسپ ہیں

مکالمہ ایک ***mukālima ek*** **Dialogue 1**

CD 1, TR 6, 02:08

Helen and Bilqis go to have some ice cream. Bilqis talks about her origins.

بلقیس : آیئے ہیلن، اس دوکان میں بہت اچھا آئس کریم ہے۔ مجھے آئس کریم بہت پسند ہے۔ آج ہمارے شوہر شہر میں مصروف ہیں۔ چلیں آئس کریم کھائیں۔

ہیلن : آپ کا خیال بہت اچھا ہے۔ لیکن ان لوگوں کو معلوم نہیں ہے کہ ہم کہاں ہیں! کوئی بات نہیں، آیئے بیٹھیے آج واقعی کافی گرمی ہے۔ بلقیس یہ بتایئے، آپ کہاں کی رہنے والی ہیں؟

بلقیس : میں اصل میں دہلی کی ہوں۔ یعنی میرا وطن ہندوستان ہے لیکن میں بچپن سے یہاں کراچی میں ہوں۔ اسلم صاحب کا وطن پنجاب ہے۔ وہ سیالکوٹ کے رہنے والے ہیں۔ لیکن ان کی مادری زبان پنجابی نہیں، اردو ہے۔

ہیلن : یہ بہت دلچسپ ہے اس شہر میں ہر طرح کے لوگ ہیں۔ بتایئے اس دوکان کا نام کیا ہے؟

بلقیس : اس دوکان کا نام مجھے معلوم نہیں۔ مجھے صرف یہ معلوم ہے اس کا آئس کریم مجھے پسند ہے۔ چلیں، اور کھائیں!

bilqīs : *āīe helan. is dūkān meṅ bahut acchā āis krīm hai. mujhe āis krīm bahut pasand hai. āj hamāre šauhar šahr meṅ masrūf haiṅ. caleṅ, āis krīm khāeṅ.*

helan : *āp kā xayāl bahut acchā hai. lekin un logoṅ ko ma'lūm nahīṅ ki ham kahāṅ haiṅ. koī bāt nahīṅ āīe, baiṭhīe. āj vāqa'ī kāfī garmī hai. bilqīs, yih batāīe. āp kahāṅ kī rahnevālī haiṅ?*

bilqīs : *maiṅ asal meṅ dihlī kī hūṅ. ya'nī merā vatan hindustān hai, lekin maiṅ bacpan se yahāṅ karācī meṅ hūṅ. aslam sāhib kā vatan panjāb hai. vuh siālkoṭ ke rahnevāle haiṅ. lekin un kī mādrī zabān panjābī nahīṅ. urdū hai.*

helan : *yih bahut dilcasp hai. is šahr meṅ har tarah ke log haiṅ. batāīe is dūkān kā nām kyā hai?*

bilqīs : *is dūkān kā nām mujhe ma'lūm nahīṅ. mujhe sirf yih ma'lūm hai kī is kā āis krīm mujhe bahut pasand hai. calīe. aur khāeṅ.*

Bilqis : Come on, Helen. They have very good ice cream in this shop. I like ice cream very much. Today our husbands are busy in town. Come on, let's have ('eat') some ice cream.

Helen : Your idea is very good. Today our husbands are busy and they don't know (that) where we are. It doesn't matter. Come on. Sit down. It is really very warm today. Bilqis, tell me. Where are you from?

Bilqis : In fact, I am from Delhi, but I have been ('am') here in Karachi since childhood. Aslam's homeland is Panjab. He comes from Sialkot. But his mother tongue is not Panjabi. It's Urdu.

Helen : That's very interesting. In this city there are all sorts of people. Tell me. What's the name of this shop?

Bilqis : I don't know the name of this shop. I only know that I like its ice cream very (much). Come on. Let's have ('eat') some more.

QUICK VOCAB

اس دوکان میں	*is dūkān meṅ*	in this shop	دہلی	*dihlī*	Delhi (f.)
دوکان	*dūkān*	shop (f.)	وطن	*vatan*	homeland (m.)
آئس کریم	*āis krīm*	ice cream (m.)	بچپن	*bacpan*	childhood (m.)
شوہر	*šauhar*	husband (m.)	بچپن سے	*bacpan se*	since childhood
چلیں	*caleṅ*	let's go, come on	سیالکوٹ	*siālkoṭ*	Sialkot (a town in Panjab) (m.)
خیال	*xayāl*	idea, opinion (m.)	کے رہنے والے ہیں	*ke rahnevāle haiṅ*	is from
ان لوگوں کو	*un logoṅ ko*	to them			
گرمی	*garmī*	heat (f.)			

کافی گرمی ہے	***kāfī garmī hai***	it's quite warm ('there's quite a lot of heat')	مادری زبان	***mādrī zabān***	mother tongue (f.)
کہاں کی رہنے والی ہیں	***kahāṅ kī rahnevālī haiṅ?***	where are you from?	زبان	***zabān***	tongue (f.)
اصل میں	***asal meṅ***	in fact	ہر طرح کا	***har tarah kā***	all kinds of
			اس دوکان کا	***is dūkān kā***	of this shop
			اور کھائیں	***aur khāeṅ***	let's eat some more

قواعد *qavā'id* Grammar

Oblique forms of یہ and وہ

یہ *yih* 'this, these' and وہ *vuh* 'that, those' have the following oblique forms:

Direct		Oblique singular		Oblique plural	
یہ	*yih*	اِس	*is*	اِن	*in*
وہ	*vuh*	اُس	*us*	اُن	*un*

These forms must be used before nouns in the oblique case; for example.

Direct singular	یہ لڑکا	*yih laṛkā*	this boy
Oblique singular	اِس لڑکے سے	*is laṛke se*	from this boy
Direct plural	یہ لڑکے	*yih laṛke*	these boys
Oblique plural	اِن لڑکوں سے	*in laṛkoṅ se*	from these boys
Direct singular	وہ لڑکی	*vuh laṛkī*	that girl
Oblique singular	اُس لڑکی سے	*us laṛkī se*	from that girl
Direct plural	وہ لڑکیاں	*vuh laṛkīāṅ*	those girls
Oblique plural	اُن لڑکیوں سے	*un laṛkīoṅ se*	from those girls

When Urdu is written without vowel signs, which is usually the case, اس and ان could stand for both *is/us; in/un*. Thus, اس لڑکے کو could be read as *is laṛke*

ko or *us laṛke ko* 'to this boy' or 'to that boy'. Only context can decide which one is which.

Oblique plural pronouns and possessive adjectives

We have seen that the technically plural pronouns ہم *ham* 'we', تم *tum* 'you', آپ *āp* 'you', یہ *and* وہ *yih/vuh* 'they' can be further pluralized for clarity by adding the word لوگ *log* 'people' to them:

ہم لوگ پاکستانی ہیں	We ('people') are Pakistanis
وہ لوگ کون ہیں	Who are they ('those people')?

لوگ is a masculine plural noun, and when it is followed by a postposition it must have the plural oblique form لوگوں *logoṅ*:

ہم لوگوں کو معلوم ہے	*ham logoṅ ko ma'lūm hai*	We know ('to us people it is known')
تم لوگوں کو یہ کھانا پسند ہے؟	*tum logoṅ ko yih khānā pasand hai?*	Do you like this food? ('to you people is it pleasing?')

Plural possessive pronouns ('our, your, their') are formed by using لوگ *log*:

ہم لوگوں کا وطن	*ham logoṅ kā vatan*	our homeland ('of us people')
آپ لوگوں کے بچے	*āp logoṅ ke bacce*	your children ('of you people')

کہاں کے رہنے والے ہیں؟ kahāṅ ke rahnevāle haiṅ? 'Where do you come from?'

The word رہنے والا *rahnevālā* (m.) رہنے والی *rahnevālī* (f.), composed of two elements written separately, literally means 'dweller', 'original inhabitant'. When you ask someone آپ کہاں کے رہنے والے ہیں؟ *āp kahāṅ ke rahnevāle haiṅ?* (for a male) or آپ کہاں کی رہنے والی ہیں *āp kahāṅ kī rahnevālī haiṅ?* (for a female), the question usually implies 'where do you and your ancestors originate from?'. The answer will be میں دہلی کا رہنے والا ہوں *maiṅ dihlī kā rahnevālā hūṅ* (for a male) or کی رہنے والی ہوں *kī rahnevālī hūṅ* (for a female) 'I am a dweller of Delhi', even though the person may have been born and brought up in Karachi. In other words, you refer to family origins rather than to where you actually live at present. How to say the latter will be discussed in the next unit.

The emotive word وطن *vatan* 'homeland' again often refers to the ancestoral home:

میرا وطن پنجاب ہے	*merā vatan panjāb hai*	My (ancestoral) home is Panjab

میں بچپن سے یہاں ہوں main bacpan se yahāṅ hūṅ

In Urdu, when you say 'I have been here since childhood', 'I have been here for five hours', you say 'I *am* here since . . .', 'I *am* here for . . .', because you *are* here still. 'Since' and 'for' are expressed by سے *se*:

میں بچپن سے یہاں ہوں	*maiṅ bacpan se yahāṅ hūṅ*	I have been here since childhood
میں پانچ گھنٹے سے اس ریستراں میں ہوں	*maiṅ pāṅc ghanṭe se is restarāṅ meṅ hūṅ*	I've been in this restaurant for five hours

گھنٹہ *ghanṭa* means 'hour'. When the word is in the plural and followed by a postposition, the direct plural form is used and not, perhaps unexpectedly, the oblique plural:

پانچ گھنٹے	*pāṅc ghanṭe*	five hours
پانچ گھنٹے سے	*pāṅc ghanṭe se*	for five hours

لاہور یہاں سے کتنی دور ہے؟ بارہ گھنٹے کا راستہ ہے

lāhaur yahāṅ se kitnī dūr hai? bāra ghanṭe kā rāsta hai

How far is Lahore from here? It's twelve hours away ('a road of twelve hours')

اور aur 'more', 'some more'

اور as well as meaning 'and', may also mean 'more' or 'some more':

آپ کو اور چائے چاہیے؟	*āp ko aur cāe cāhie?*	Do you want some more tea?
اور کھائیں	*aur khāeṅ*	Let's eat some more

مکالمہ دو mukālima do Dialogue 2

CD 1, TR 6, 03:28

Aslam reflects on the size and complexities of his country.

جان	اسلم صاحب، آپ سیالکوٹ کے رہنے والے ہیں نا؟ کیا آپ پنجابی ہیں؟
اسلم	جی نہیں۔ سیالکوٹ میرا وطن ہے لیکن میرے والدین ہندوستان کے ہیں۔ ہماری

زبان اُردو ہے۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اس ملک میں ہر طرح کے لوگ ہیں
لیکن پھر بھی ہم سب لوگ پاکستانی ہیں۔ کافی پیچیدہ بات ہے نا؟

جان — جی نہیں۔ میرے خیال سے بہت زیادہ پیچیدہ نہیں۔ پاکستان اور ہندوستان
بہت بڑے ملک ہیں اور ان ملکوں کی تاریخ بہت لمبی ہے۔

اسلم — یہ تو سچ ہے۔ سیالکوٹ کراچی سے کم سے کم ایک ہزار میل دور ہے۔ ریل گاڑی
سے بیس پچیس گھنٹے کا سفر ہے۔ وہاں کے موسم اور یہاں کے موسم میں کتنا فرق
ہے! ہر طرح کی زبانیں بھی ہیں۔ کیا آپ کو ان باتوں سے دلچسپی ہے؟

جان — ضرور۔ مجھے بہت دلچسپی ہے۔ لیکن، آج بہت گرمی ہے۔ چلیں ایک کپ
چائے پئیں!

اسلم — بالکل ٹھیک، آپ کا خیال اچھا ہے۔ چلیں، اس چائے خانے میں چائے پئیں۔

jān *aslam sāhib, āp siālkoṭ ke rahnevāle haiṅ nā? kyā āp panjābī haiṅ?*

aslam *jī nahīṅ. siālkoṭ merā vatan hai lekin mere vālidain hindustān ke haiṅ. hamārī zabān urdū hai. jaisā ki āp ko ma'lūm hai is mulk meṅ har tarah ke log haiṅ, lekin phir bhī ham sab log pākistānī haiṅ. kāfī pecīda bāt hai nā?*

jān *jī nahīṅ! mere xayāl se bahut ziyāda pecīda nahīṅ. pākistān aur hindustān bahut baṛe mulk haiṅ. aur in mulkoṅ kī tārīx bahut lambī hai.*

aslam *yih to sac hai. siālkoṭ karācī se kam se kam ek hazār mīl dūr hai. rel gāṛī se bīs paccīs ghanṭe kā safar hai. vahāṅ ke mausam aur yahāṅ ke mausam meṅ kitnā farq hai! har tarah kī zabāneṅ bhī haiṅ. kyā āp ko in bātoṅ se dilcaspī hai?*

jān *zarūr, mujhe bahut dilcaspī hai. lekin āj bahut garmī hai. caleṅ. ek kap cāe pīeṅ?*

aslam *bilkul ṭhīk. āp kā xayāl acchā hai. caleṅ, us cāe xāne meṅ cāe pīeṅ.*

John Aslam Sahib! You come from Sialkot, don't you? Are you a Panjabi?

Aslam No. Sialkot is my homeland, but my parents are from India. Our language is Urdu. As you know, there are all kinds of people in this country, but even so we are all Pakistanis. It's quite a complicated matter, isn't it?

John No. In ['from'] my opinion it's not all that complicated. Pakistan and India are very big countries. And the history of these countries is very long.

Aslam	:	That's true. Sialkot is at least a thousand miles from Karachi. By train it's twenty (or) twenty-five hours' journey. What a difference there is in the weather here and the weather there. There are all sorts of languages as well. Are you interested in ['to you is there interest from'] these matters?
John	:	Of course. I am very interested. But it's very warm today. Come on, shall we have a cup of tea?
Aslam	:	Quite right! That's a good idea of yours. Come on, let's have tea in that tea shop.

QUICK VOCAB

ہندوستان کے	*hindustān ke*	from India	وہاں کا موسم	*vahāṅ kā mausam*	the weather there
پھر بھی	*phir bhī*	even so	فرق	*farq*	difference (m.)
پیچیدہ	*pecīda*	complicated	علاقہ	*'ilāqa*	area, region (m.)
میرے خیال سے	*mere xayāl se*	in my opinion	دلچسپی	*dilcaspī*	interest (f.)
ملک	*mulk*	country (m.)	آپ کو دلچسپی ہے	*āp ko dilcaspī hai*	are you interested
تاریخ	*tārīx*	history (f.)	ان باتوں سے	*in bātoṅ se*	in these things
لمبا	*lambā*	long	ضرور	*zarūr*	certainly
کم سے کم	*kam se kam*	at least	ایک کپ چائے	*ek kap cāe*	a cup of tea
ایک ہزار	*ek hazār*	a thousand			
ریل گاڑی	*rel gāṛī*	train (f.)			
پچیس	*paccīs*	twenty-five			
سفر	*safar*	journey (m.)			
موسم	*mausam*	weather, climate (m.)			

قواعد *qavā'id* Grammar

میں ہندوستان کا ہوں *maiṅ hindustān kā hūṅ*

We have met the phrase میں ہندوستان کا رہنے والا ہوں (کی رہنے والی ہوں) *maiṅ hindustān kā rahnevālā hūṅ (kī rahnevālī hūṅ)* 'I originate from India'.

The word رہنے والا، رہنے والی may be dropped without any difference to the meaning:

میں ہندوستان کا/کی ہوں	*main hindustān kā/kī hūn*	'I am of India' i.e. I originate from India
آپ کہاں کے ہیں۔ میں اصل میں لندن کا ہوں	*āp kahān ke hain? main asal men landan kā hūn*	Where are you from? In fact I am from London

ہر *har* 'every'; سب *sab* 'all'

ہر *har*, mostly used with singular nouns, means 'every':

ہر ملک	*har mulk*	every country
ہر آدمی	*har ādmī*	every person

When followed by ایک *ek* it means 'every single', ہر ایک چیز *har ek cīz* 'every single thing'.

ہر طرح کا *har tarah kā* means 'all kinds of', 'all sorts of' طرح *tarah* means 'way, method, kind' (f.):

ہر طرح کے لوگ	*har tarah ke log*	all kinds of people
ہر طرح کی کتابیں	*har tarah kī kitāben*	all sorts of books

سب *sab* 'all' is mostly used with plural nouns:

سب لوگ	*sab log*	all (the) people
سب چیزیں	*sab cīzen*	all (the) things

Note the word order in ہم سب *ham sab* 'all of us' and آپ سب *āp sab* 'all of you'.

میرے خیال سے *mere xayāl se* 'in my opinion'

خیال *xayāl* 'idea, opinion, thought' (m.) is used in the expression میرے خیال سے *mere xayāl se* 'in (from) my opinion', 'I think that'. Note also the expression آپ کا کیا خیال ہے؟ 'what is your opinion?', 'what do you think?'.

ریل گاڑی سے *rel gāṛī se* 'by train'

In Urdu, 'by train' is expressed ریل گاڑی سے *rel gāṛī se* or گاڑی سے *gāṛī se*. گاڑی *gāṛī* may be used for any wheeled vehicle. Originally meaning 'cart', it is now used for 'car', 'automobile' and 'train'.

دلچسپ **dilcasp 'interesting'** دلچسپی **dilcaspī 'interest'**

The adjective دلچسپ means interesting:

دلی دلچسپ تاریخی شہر ہے Delhi is an interesting historical city

The noun دلچسپی means interest (f.). The expression مجھے اس سے دلچسپی ہے *mujhe is se dilcaspī hai* 'to me from this is interest' means 'I am interested in this':

کیا آپ کو پاکستان سے دلچسپی ہے؟ جی ہاں مجھے بہت دلچسپی ہے

kyā āp ko pākistān se dilcaspī hai? jī hāṅ mujhe bahut dilcaspī hai
Are you interested in Pakistan? Yes, I am very interested

چلیں **caleṅ 'let's go', 'shall we go?'**

When added to the stem of the verb, the suffix یں *-eṅ* expresses 'let's (do)', 'shall we (do)'. So far we have met the following examples:

چلیں	*caleṅ*	let's go, come on!	(stem چل to go, come)
کھائیں	*khāeṅ*	let's eat	(stem کھا to eat)
پئیں	*pieṅ*	let's drink	(stem پی to drink)

The form is discussed in detail later. Note that the verb چلنا *calnā* can mean 'to go, come, walk, depart' and that the exact translation is decided from the context.

گرمی ہے **garmī hai 'it's hot';** سردی ہے **sardī hai 'it's cold'**

گرمی *garmī* means 'heat' (f.); سردی *sardī* means 'cold(ness)' (f.). 'It is hot/cold today' is expressed in Urdu as آج گرمی ہے *āj garmī hai* 'there is heat today' آج سردی ہے *āj sardī hai* 'there is cold today'. موسم *mausam* can mean both 'weather' and 'climate' (m.).

Insight

In India and Pakistan, people are very proud of their origins and even though they may never have lived in their ancestoral homeland وطن they still feel that they belong to it. The وطن might be a region, for instance, Panjab or UP یوپی the former British United Provinces to the east of Delhi, now called Uttar Pradesh (coincidentally with the same initials), or a city like Lahore or Lucknow لکھنؤ *lakhnaū*. After Partition, many Urdu speakers migrated to the newly founded state of

Pakistan from Delhi and UP, the homeland of Urdu, and, even when firmly settled, still persisted in describing their وطن as that part of India from which their families and forebears originally came.

In Indian and Pakistani society, men and women mix much less freely than they do in the west. In general, women have female friends سہیلی *sahelī* while men prefer the company of their male friends دوست *dost.* Hence the word دوست is generally masculine and applies to a male friend or friends in general. In exceptional circumstances, especially in Europe, where segregation of the sexes is less rigid, it would be possible to say: وہ میری دوست ہیں *vuh merī dost haiṅ* 'she is my friend', making the word feminine. The word سہیلی can, however, only be used by a woman for her female friend.

مشقیں *māšqeṅ* Exercises

CD 1, TR 6, 05:00


4.2 Comprehension

Listen to the conversation between the two ladies, Fahmida (فہمیدہ) and Mumtaz (ممتاز) and tick the correct answer.

1	Fahmida meets Mumtaz	In town ( )	At home ( )
2	The children are	At school ( )	On holiday ( )
3	Mumtaz is asked if she knows	A good shop ( )	A hotel ( )
4	The weather is	Warm ( )	Cold ( )
5	Fahmida proposes they	Have lunch ( )	Have ice cream ( )

4.3 Answer the questions

Look at the pictures and answer the questions.







1 یہ محمد صاحب اور ان کے بچے ہیں۔ ان کے کتنے بچے ہیں؟
2 آج گرمی ہے یا سردی ہے؟
3 یہ رحیم ہیں۔ ان کو کھانا پسند ہے؟
4 یہ فہمیدہ اور ممتاز ہیں۔ وہ کہاں ہیں؟
5 یہاں دو بینک نوٹ ہیں۔ کتنے روپے ہیں؟

4.4 Translate into Urdu

1 Mr Rahim is, in fact, a native of Delhi, but his house is in Pakistan.
2 There is much difference in the climate of England and in the climate of Asia.
3 Hello, Mumtaz Sāhiba. Let's go and have some ice cream.
4 It's very warm today. Let's go and have a cup of tea.
5 Lahore is at least a thousand miles (far) from Karachi.

Test yourself

1 Re-read the Urdu passage at the beginning of the unit (اسلم صاحب کی زندگی کا خلاصہ) and answer the following questions.

a اسلم صاحب کا گھر کہاں ہے؟ کیا کراچی میں ہے یا لاہور میں؟

b ان کے گھر میں کتنے کمرے ہیں؟

c ان کے کتنے بچے ہیں۔ ان کے بچوں کے نام کیا ہیں؟

d کلفٹن کراچی کے مرکز سے کتنی دور ہے؟

e اسلم کی چھوٹی بیٹی، جمیلہ، کی عمر کیا ہے؟

2 How would you say in Urdu (use the appropriate gender for yourself)?

f I am quite happy. My life is not so bad.

g My husband is busy today. He is in town. Come on, let's have an ice cream.

h It's quite warm today, isn't it? I don't like the heat. (گرمی)

i Where do you come from, Jamila? In other words, where do you originate from? (use وطن)

j That's a very complicated matter. My family's homeland is India, but I am a Pakistani.

5

آپ ہر روز کیا کرتے ہیں؟

Āp har roz kyā karte haiṅ?

What do you do every day?

In this unit you will learn how to:

- Describe your daily routine
- Ask others about their activities
- Tell the time
- Express the days of the week

مکالمہ ایک *mukālima ek* Dialogue 1

CD 1, TR 7, 00:08

John meets Aslam in his office and asks him about his day.

اسلم : آیئے، جان صاحب! خوش آمدید۔ یہ میرا دفتر ہے۔ عام طور سے میں یہاں کام کرتا ہوں۔ تشریف رکھیے۔ ہم ابھی چائے پیتے ہیں۔

جان : شکریہ، اسلم صاحب۔ آپ کا دفتر واقعی بہت خوبصورت ہے۔ کیا آپ ہر روز یہاں آتے ہیں۔

اسلم : جی ہاں۔ یعنی پیر سے جمعے تک کام پر آتا ہوں۔ ہفتے اور اتوار کو میں گھر پر رہتا ہوں۔

جان : آپ یہاں کتنے بجے پہنچتے ہیں؟

اسلم — میں ہر روز پانچ بجے اٹھتا ہوں، نماز پڑھتا ہوں، اور بیوی اور بچوں کے ساتھ
ناشتہ کرتا ہوں۔ اس کے بعد گھر سے کوئی سات بجے نکلتا ہوں۔ خوش قسمتی سے
میری گاڑی ہے۔ ڈرائیور اچھا آدمی ہے۔ اور ہمیشہ وقت پر آتا ہے۔ میں دفتر
میں کوئی آٹھ بجے پہنچتا ہوں۔

جان — کیا آپ کی بیگم کام کرتی ہیں؟

اسلم — جی نہیں۔ وہ گھر پر رہتی ہیں اور بچوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں۔ جیسا کہ آپ کو معلوم
ہے، حامد کا اسکول ہمارے گھر سے کافی دور ہے۔ وہ دوسرے بچوں کے ساتھ بس
میں اسکول جاتا ہے۔ وہاں نو بجے پہنچتا ہے اور کوئی چار بجے گھر آتا ہے۔ اچھا،
پہلے چائے پیجیے۔ اس کے بعد میں آپ کو سب کچھ بتاتا ہوں۔

aslam *āie jān sāhib. xuš āmaded. yih merā daftar hai. 'ām taur se main yahān kām kartā hūn. tašrīf rakhīe. ham abhī cāe pīte hain.*

jān *šukrīa, aslam sāhib. āp kā daftar vāqa'ī bahut xūbsūrat hai. kyā āp har roz yahān āte hain?*

aslam *jī hān, ya'nī pīr se jum'e tak kām par ātā hūn. hafte aur itvār ko main ghar par rahtā hūn.*

jān *āp yahān kitne baje pahuncte hain?*

aslam *main har roz pānc baje uṭhtā hūn, namāz paṛhtā hūn, bīvī aur baccon ke sāth nāšta kartā hūn. us ke ba'd ghar se koī sāt baje nikaltā hūn. xuš qismatī se merī gāṛī hai. ḍrāivar acchā ādmī hai, aur hameša vaqt par ātā hai. main daftar men koī āṭh baje pahunctā hūn.*

jān *kyā āp kī begam kām kartī hain?*

aslam *jī nahīn, vuh ghar par rahtī hain aur baccon kī dekh bhāl kartī hain. jaisā ki āp ko ma'lūm hai, hāmid kā iskūl hamāre ghar se kāfī dūr hai. vuh dūsre baccon ke sāth bas men iskūl jātā hai. vahān nau baje pahunctā hai aur koī cār baje ghar ātā hai. acchā pahle cāe pījie. us ke ba'd main āp ko sab kuch batātā hūn.*

Aslam Come in, John. Welcome. This is my office. Usually I work here. Take a seat. We'll have ('drink') tea right now.

John Thank you, Aslam Sahib. Your office is really very beautiful. Do you come here every day?

Aslam Yes. That is I work from Monday to Friday. On Saturday and Sunday I stay at home.

John : What time do you arrive here?

Aslam : I get up every day at five o'clock. I say (my) prayers; I have ('do') breakfast with the wife and children. After that I leave ('go out from') the house at about seven o'clock. Fortunately, I have a car. The driver is a good man and always come on time. I arrive in the office at about eight.

John : Does your wife work?

Aslam : No, she stays at home and looks after the children. As you know, Hamid's school is quite far from our house. He goes to school by bus with the other children. He arrives there at nine o'clock and comes home at about four. But first drink (your) tea. After that, I'll tell you everything.

QUICK VOCAB

هر روز	*har roz*	every day
کیا کرتے ہیں	*kyā karte haiṅ?*	what do you do?
خوش آمدید	*xuš āmaded*	welcome!
دفتر	*daftar*	office (m.)
عام طور سے	*'ām taur se*	usually
کام کرتا ہوں	*kām kartā hūṅ*	(I) work
ابھی	*abhī*	right now
پیتے ہیں	*pīte haiṅ*	(we'll) drink
آتے ہیں	*āte haiṅ*	(you) come
پیر	*pīr*	Monday (m.)
جمعے تک	*jum'e tak*	(up) to Friday
کام پر	*kām par*	to/at work
آتا ہوں	*ātā hūṅ*	(I) come
کے ساتھ	*ke sāth*	with
ناشتہ کرتا ہوں	*nāšta kartā hūṅ*	(I) have breakfast
کوئی	*koī*	about, approximately
نکلتا ہوں	*nikaltā hūṅ*	(I) go out
خوش قسمتی سے	*xuš qismatī se*	fortunately
ڈرائیور	*ḍrāivar*	driver (m.)
ہمیشہ	*hameša*	always
وقت پر	*vaqt par*	on time
آتا ہے	*ātā hai*	comes
پہنچتا ہے	*pahuṅctā hai*	arrives
کام کرتی ہیں	*kām kartī haiṅ*	(she) works
رہتی ہیں	*rahtī haiṅ*	(she) stays

ہفتے اور اتوار کو	*hafte aur itvār ko*	on Saturday and Sunday
گھر پر	*ghar par*	at home
رہتا ہوں	*rahtā hūṅ*	(I) stay
کتنے بجے	*kitne baje?*	at what time?
پہنچتے ہیں	*pahuṅcte haiṅ*	(you) arrive
بجے	*baje*	at . . . o'clock
پانچ بجے	*pāṅc baje*	at five o'clock
اٹھتا ہوں	*uṭhtā hūṅ*	I get up
نماز پڑھتا ہوں	*namāz paṛhtā hūṅ*	(I) say prayers
بچوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں	*baccoṅ kī dekh bhāl kartī haiṅ*	she looks after the children
دوسرے	*dūsre*	other
بس	*bas*	bus (f.)
بس سے	*bas se*	by bus
اسکول جاتا ہے	*iskūl jātā hai*	goes to school
پہنچتا ہے	*pahuṅctā hai*	(he) arrives
گھر آتا ہے	*ghar ātā hai*	(he) comes home
پہلے	*pahle*	first of all
اس کے بعد	*us ke ba'd*	after that
بتاتا ہوں	*batātā hūṅ*	I'll tell

قواعد *qavā'id* Grammar

The Urdu verb

A verb is a word which expresses action ('to do, go'), feeling ('to seem, feel'), existence ('to be, live'), etc. A verb is usually referred to by its infinitive, which, in English, is preceded by 'to': 'to do, to go, to be'. Verbs have participles, which, in English, are often formed by adding '-ing' (the present participle) and '-ed' (the past participle) to the verb, e.g. 'loving, loved' English, however, has many irregular forms: 'doing, done; seeing, seen' etc.) Verbs also have tenses, which indicate the time of the action. For example, 'I go' is the **present tense**, 'I shall go' is the **future tense**, and 'I went' is the **past tense**. Urdu, being a language from the same family as English, has a similar range of verb forms: infinitive, participles and tense, etc.

The Urdu infinitive always ends in نا *-nā*. So far we have met ہونا *honā* 'to be', بتانا *batānā* 'to tell', آنا *ānā* 'to come' دیکھنا *dekhnā* 'to see' رکھنا *rakhnā* 'to place' کھانا *khānā* 'to eat' and پینا *pīnā* 'to drink'.

The most basic part of the verb, the stem, from which all other parts of the verb are formed, is obtained by dropping the نا *-nā* of the infinitive. In the first dialogue of this unit, we met some new verbs. These, with their stems, are as follows:

Stem		Infinitive		
آ	*ā-*	آنا	*ānā*	to come
کر	*kar-*	کرنا	*karnā*	to do
رکھ	*rakh-*	رکھنا	*rakhnā*	to place
پی	*pī-*	پینا	*pīnā*	to drink
رہ	*rah-*	رہنا	*rahnā*	to stay, live
پہنچ	*pahuṅc-*	پہنچنا	*pahuṅcnā*	to arrive
اٹھ	*uṭh-*	اٹھنا	*uṭhnā*	to get up
پڑھ	*paṛh-*	پڑھنا	*paṛhnā*	to read
نکل	*nikal-*	نکلنا	*nikalnā*	to go out
جا	*jā-*	جانا	*jānā*	to go
بتا	*batā-*	بتانا	*batānā*	to tell
سو	*so-*	سونا	*sonā*	to (go to) sleep

The present participle and the present habitual tense

The present participle of the verb, which in some ways corresponds to the English 'going, doing', is formed by adding the suffixes تا *-tā* (m.s.), تی *tī* (f.), تے *-te* (m.p.) to the stem of the verb. The endings are the same as those of adjectives ending in ا *-ā*, such as اچھا *acchā*:

		Present participle				Stem	Infinitive	
m.p.	کرتے	f.	کرتی	m.s.	کرتا	کر	کرنا	(*karnā*)
m.p.	آتے	f.	آتی	m.s.	آتا	آ	آنا	(*ānā*)
m.p.	پیتے	f.	پیتی	m.s.	پیتا	پی	پینا	(*pīnā*)

The present habitual tense expresses action that is performed regularly and habitually, something that is done always, often or usually. It corresponds to the English tense 'I do (usually), I go (often)', etc.

It is formed with the present participle followed by the relevant part of ہونا *honā*:

میں جاتا ہوں	*maiṅ jātā hūṅ*	'I going am' = I (m.) go
وہ جاتی ہے	*vuh jātī hai*	'she going is' = she goes
وہ جاتے ہیں	*vuh jate haiṅ*	'they going are' = they (m.) go
وہ جاتی ہیں	*vuh jātī haiṅ*	'they going are' = they (f.) go

Gender is indicated by the ending of the participle; number both by the participle and the verb ہونا *honā*.

ہم *ham* 'we', however, is always regarded as masculine plural. Both men and women say ہم جاتے ہیں *ham jāte haiṅ* 'we go'.

Since the verb itself indicates the person to which it refers, the personal pronoun is often omitted:

جاتی ہوں	*jātī hūṅ*	I (f.) go
کرتا ہے	*kartā hai*	he does

The present habitual tense of the verb کرنا *karnā* 'to do' is as follows:

Masculine		
maiṅ kartā hūṅ	میں کرتا ہوں	I do
tū kartā hai	تو کرتا ہے	you do
yih, vuh kartā hai	یہ، وہ کرتا ہے	he/it does
ham karte haiṅ	ہم کرتے ہیں	we do
tum karte ho	تم کرتے ہو	you do
āp karte haiṅ	آپ کرتے ہیں	you do
yih, vuh karte haiṅ	یہ، وہ کرتے ہیں	they do
Feminine		
maiṅ kartī hūṅ	میں کرتی ہوں	I do
tū kartī hai	تو کرتی ہے	you do

yih, vuh kartī hai	یہ، وہ کرتی ہے	she/it does
ham karte haiṅ	ہم کرتے ہیں	we do
tum kartī ho	تم کرتی ہو	you do
āp kartī haiṅ	آپ کرتی ہیں	you do
yih, vuh kartī haiṅ	یہ، وہ کرتی ہیں	they do

All verbs follow the same patern, without exception:

میں اٹھتا ہوں	I (m.) get up	میرا بیٹا پہنچتا ہے	my son arrives
میں پڑھتی ہوں	I (f.) read	میری بیٹی آتی ہے	my daughter comes
آپ جاتے ہیں	you (m.) go	ہم دیکھتے ہیں	we see
رحیم صاحب بتاتے ہیں	Mr Rahim tells (plural of respect)	میری بیگم کرتی ہیں	my wife does (plural of respect)

Phrase verbs

Many one-word English verbs are expressed in Urdu by a phrase which usually consists of a noun followed by a verb, for example کام کرنا *kām karnā* 'to do work' = 'to work'; نماز پڑھنا *namāz paṛhnā* 'to read prayer' = 'to pray'; کی دیکھ بھال کرنا *kī dekh bhāl karnā* 'to do the looking after of = 'to look after'; ناشتہ کرنا *nāštā karnā* 'to do breakfast' = 'to have breakfast'. Such verbs are known as phrase verbs.

رحیم صاحب ہر روز کام کرتے ہیں	Rahim works every day ('does work')
اسلم اٹھتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں	Aslam gets up and prays ('reads prayers')
بیگم اسلم بچوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں	Mrs Aslam looks after the children ('does the children's looking after')

As well as meaning 'I do something habitually', the present habitual tense can also mean 'I'll do something right away':

ہم ابھی چائے پیتے ہیں	*ham abhī cāe pīte haiṅ*	We'll have tea right now

Days of the week

The days of the week are:

itvār	اتوار	Sunday
pīr	پیر	Monday
mangal	منگل	Tuesday
budh	بدھ	Wednesday
jumi'rāt	جمعرات	Thursday
jum'a	جمعہ	Friday
hafta	ہفتہ	Saturday

Note that all are masculine except جمعرات 'Thursday'. For پیر 'Monday', there is a common alternative سوموار *somvār*, which is often heard in Panjab. For ہفتہ 'Saturday', some people use سنیچر *sanīcar*. The word literally means 'the planet Saturn', which is regarded as unlucky, and therefore سنیچر is generally avoided.

ہر روز *har roz* means 'every day'. 'On a day' is expressed by کو *ko*. Note that جمعہ and ہفتہ are masculine nouns like بچہ and form their oblique in the normal way:

وہ پیر کو آتا ہے	*vuh pīr ko ātā hai*	He comes on Monday
جمعے کو چھٹی ہے	*jum'e ko chuṭṭī hai*	There is a holiday on Friday
ہفتے کو کام ہے	*hafte ko kām hai*	There is work on Saturday
پیر سے جمعے تک	*pīr se jum'e tak*	From Monday to Friday

The postposition تک *tak* means 'up to, until, as far as'. Note یہ بس کراچی تک جاتی ہے *yih bas karācī tak jātī hai* 'this bus goes as far as Karachi'.

Telling the time

To say 'at . . . o'clock' Urdu uses بجے *baje*:

ایک بجے	*ek baje*	at one o'clock	دو بجے	*do baje*	at two o'clock
دس بجے	*das baje*	at ten o'clock	بارہ بجے	*bāra baje*	at twelve o'clock

Note کتنے بجے *kitne baje?* at what time? 'at how much o'clock?'.

'What is the time' and 'it is . . . o'clock' are expressed as follows:

کتنے بجے ہیں	*kitne baje haiṅ?*	What is the time? ('how many are o'clock?)

ایک بجا ہے	*ek bajā hai*	It is one o'clock (singular)
دو بجے ہیں	*do baje haiṅ*	It is two o'clock (plural)


Compound postpositions

So far all the postpositions we have met have consisted of one word: پر on; سے from; میں in; کو to; تک up to. There are many postpositions which consist of two words, the first of which is usually کے *ke*: کے ساتھ *ke sāth* 'with'; کے بعد *ke ba'd* 'after'. These are known as compound postpositions, and take the oblique case in the normal way:

بچوں کے ساتھ	*baccoṅ ke sāth*	with the children
میرے کام کے بعد	*mere kām ke ba'd*	after my work
اس کے بعد	*us ke ba'd*	after that


Selection of clocks

a



تین بجے　　پانچ بجے　　سات بجے　　گیارہ بجے

b کتنے بجے ہیں؟



نو بجے ہیں　　ایک بجا ہے　　آٹھ بجے ہیں　　دس بجے ہیں

کوئی *koī* 'about', 'approximately'

We have met کوئی *koī* in the sense of 'some', 'any':

کوئی بات نہیں	It doesn't matter ('it isn't anything')

When preceding numerals, کوئی means 'about', 'approximately':

اسلم کوئی سات بجے پہنچتے ہیں	Aslam arrives about seven o'clock

رہنا *rahnā* 'to stay, remain, live'

The verb رہنا *rahnā* has two basic meanings. It can mean to stay:

میری بیگم عام طور سے گھر پر رہتی ہیں	*merī begam 'ām taur se ghar par rahtī hain*	My wife usually stays at home

Its other meaning is 'to live, reside':

میں کراچی میں رہتا ہوں	*maiṅ karācī meṅ rahtā hūṅ*	I live in Karachi
آپ کہاں رہتے ہیں؟	*āp kahāṅ rahte haiṅ?*	Where do you live?

To go to a place

When you say 'I go to school', 'I go to Pakistan' in Urdu, no word for 'to' is required:

میرے بچے نو بجے اسکول جاتے ہیں	*mere bacce nau baje iskūl jāte hain*	My children go (to) school at nine o'clock
میں ہر سال پاکستان جاتا ہوں	*maiṅ har sāl pākistān jatā hūṅ*	I go (to) Pakistan every year

The same applies to other verbs of motion such as آنا 'to come' and پہنچنا 'to arrive':

میں آٹھ بجے دفتر آتی ہوں	I (f.) come to the office at eight o'clock

---

مشق *mašq* Exercise

5.1 Answer the questions in English

In her diary, Fahmida records a typical working day. Read her entry and answer in English the questions that follow:

جمعرات ۱۲/ مارچ

(۱) پانچ بجے اٹھتی ہوں
(۲) نماز پڑھتی ہوں اور والدین کے ساتھ ناشتہ کرتی ہوں
(۳) گھر سے نکلتی ہوں اور ریل گاڑی سے بینک جاتی ہوں
(۴) ایک چھوٹے ریستوراں میں نرگس کے ساتھ کھانا کھاتی ہوں
(۵) پانچ بجے دفتر سے نکلتی ہوں اور گھر چھے بجے پہنچتی ہوں
(۶) سات بجے کھانا کھاتی ہوں اور ٹیلیویژن دیکھتی ہوں
(۷) گیارہ بجے سوتی ہوں

1 What time does Fahmida get up?
2 What does she do after getting up?
3 With whom does she have her breakfast?
4 How does she get to her bank?
5 Where and with whom does she have lunch?
6 What time does she get home?
7 What does she do in the evening?

مکالمہ دو *mukālima do* Dialogue 2

CD 1, TR 7, 01:59

Bilqis discusses her daily life with Helen.

ہیلن : بلقیس، آپ کا گھر واقعی بہت آرامدہ ہے۔
بلقیس : جی ہاں۔ٹھیک ہے۔کافی پرانا گھر ہے لیکن ہمیں بہت پسند ہے۔شہر کے مرکز سے زیادہ دور نہیں۔اس علاقے میں سب دوکانیں ہیں اور اقبال اور نرگس کے اسکول کافی نزدیک ہیں۔
ہیلن : آپ تو کام نہیں کرتیں!

بلقیس	جی نہیں۔ میں اکثر عورتوں کی طرح گھر پر رہتی ہوں، بچوں کی دیکھ بھال کرتی ہوں اور کھانا پکاتی ہوں۔ ہمارے دو نوکر ہیں لیکن مجھے کھانا پکانا پسند ہے۔ یہ میری خاص دلچسپی ہے۔
ہیلن	کیا آپ بازار بھی جاتی ہیں۔
بلقیس	جی نہیں، میں زیادہ نہیں جاتی۔ ہمارا نوکر عام طور سے خریداری کرتا ہے اور بازار سے چیزیں لاتا ہے۔ اسلم صاحب کو بازار بالکل پسند نہیں ہے۔ وہ کبھی وہاں نہیں جاتے۔
ہیلن	جی ہاں، مجھے معلوم ہے۔ وہ میرے شوہر کی طرح ہیں۔ وہ دوکانوں میں کبھی نہیں جاتے۔

helan *bilqīs, āp kā ghar vāqa'ī bahut ārāmdih hai.*

bilqīs *jī hāṅ, ṭhīk hai. kāfī purānā ghar hai lekin hameṅ bahut pasand hai. šahr ke markaz se ziyāda dūr nahīṅ. is 'ilāqe meṅ sab dūkāneṅ haiṅ, aur iqbāl aur nargis ke iskūl kāfī nazdīk haiṅ.*

helan *āp to kām nahīṅ kartīṅ?*

bilqīs *jī nahīṅ. maiṅ aksar 'auratoṅ kī tarah ghar par rahtī hūṅ. baccoṅ kī dekh bhāl kartī hūṅ aur khānā pakātī hūṅ. hamāre do naukar haiṅ, lekin mujhe khānā pakānā pasand hai. yih merī xās dilcaspī hai.*

helan *kyā āp bāzār bhī jātī haiṅ?*

bilqīs *jī nahīṅ. maiṅ ziyāda nahīṅ jātī. hamārā naukar 'ām taur se xarīdārī kartā hai, aur bāzār se cīzeṅ lātā hai. aslam sāhib ko bāzār bilkul pasand nahiṅ hai. vuh kabhī vahāṅ nahīṅ jāte.*

helan *jī hāṅ, mujhe ma'lūm hai. vuh mere šauhar kī tarah haiṅ. vuh dūkānoṅ meṅ kabhī nahīṅ jāte.*

Helen Bilqis, your home is really very comfortable.

Bilqis Yes. It's all right. It's quite an old house but we like it very much. It's not very far from the centre of the city. All the shops are in this area and Iqbal's and Nargis' schools are quite near.

Helen You don't work?

Bilqis No. Like most women, I stay at home. I look after the children and cook the food. But I like cooking ('to cook'). This is my special interest.

Helen : Do you go to the bazaar as well?
Bilqis : No. I don't go all that much. Our servant usually does the shopping, and brings things from the bazaar. Aslam doesn't like the bazaar at all. He never goes there.
Helen : Yes, I know. He's like my husband. He never goes in the shops.

QUICK VOCAB

آرامدہ	*ārāmdih*	comfortable	زیادہ	*ziyāda*	all that much
کام نہیں کرتیں؟	*kām nahīn kartīn?*	don't you work?	خریداری	*xarīdārī*	shopping
اکثر	*aksar*	most; often	خریداری کرنا	*xarīdārī karnā*	to go shopping
کی طرح	*kī tarah*	like			
پکانا	*pakānā*	to cook	لانا	*lānā*	to bring
خاص	*xās*	special	کبھی نہیں	*kabhī nahīn*	not ever, never

قواعد *qavā'id* Grammar

Negative forms of the present habitual tense

The negative of the present habitual tense, 'I do not do', is formed by placing the negative particle نہیں *nahīn* immediately before the verb:

میں جاتا ہوں	I go
میں نہیں جاتا ہوں	I do not go
وہ پکاتی ہے	she cooks
وہ نہیں پکاتی ہے	she does not cook

The verb ہونا may be optionally dropped:

میں نہیں جاتا	*main nahīn jātā*	I (m.) don't go
وہ نہیں پکاتی	*vuh nahīn pakātī*	she doesn't cook

However, when ہونا is dropped from the feminine plural وہ نہیں جاتی ہیں *vuh nahīn jātī hain*, 'they (f.) do not go' the participle changes the ending ی *-ī* to یں *-īn:*

وہ نہیں جاتی ہیں	*vuh nahīṅ jātī haiṅ*	they (f.) don't go
وہ نہیں جاتیں	*vuh nahīṅ jātīṅ*	they (f.) don't go

Similarly, وہ نہیں کرتیں *vuh nahīṅ kartīṅ* they do not do, میری بیگم اُردو نہیں بولتیں *merī begam urdū nahīṅ boltīṅ* 'my wife does not speak Urdu'.

اکثر *aksar* 'most; often'

The word اکثر has two functions: as an adjective in the sense of 'most':

اکثر عورتیں کام نہیں کرتیں	Most women do not work
اکثر پاکستانی اُردو بولتے ہیں	Most Pakistanis speak Urdu

and as an adverb meaning 'often', 'mostly':

میری بیگم اکثر گھر پر رہتی ہیں	My wife mostly stays at home
میں اکثر پاکستان جاتا ہوں	I often go to Pakistan

کی طرح *kī tarah* 'like'

کی طرح *kī tarah* 'like' is a compound postposition, of which the first element is کی *kī:*

اکثر عورتوں کی طرح میری بیگم کام نہیں کرتیں	Like most women my wife does not work
آپ کی طرح میں بھی لکھنؤ کا رہنے والا ہوں	Like you, I am also a native of Lucknow

خریداری کرنا *xarīdārī karnā* 'to go shopping'

The verb خریدنا *xarīdnā* means 'to buy':

بازار میں ہم ہر طرح کی چیزیں خریدتے ہیں	*bāzār meṅ ham har tarah kī cīzeṅ xarīdte haiṅ*	We buy all sorts of things in the bazaar

خریداری *xarīdārī* means 'shopping' (f.) The phrase verb خریداری کرنا *xarīdārī karnā* means 'to shop', 'to go shopping':

ہم اکثر بوہری بازار میں خریداری کرتے ہیں	*ham aksar bohrī bāzār meṅ xarīdārī karte haiṅ*	We usually go ('do') shopping in Bohri Bazaar

کبھی kabhī 'ever'; کبھی نہیں kabhī nahīṅ 'not ever, never'

کبھی *kabhī* means 'ever':

آپ کبھی پاکستان جاتے ہیں؟	Do you ever go to Pakistan?
آپ کبھی فلمیں دیکھتے ہیں؟	Do you ever see films? (فلم *film* 'film' (f.))

In negative sentences, کبھی نہیں *kabhī nahīṅ* means 'not ever', 'never':

میرے شوہر بازار کبھی نہیں جاتے	*mere šauhar bāzār kabhī nahīṅ jāte*	My husband never goes to the bazaar
یہاں ہم پانی کبھی نہیں پیتے	*yahāṅ ham pānī kabhī nahīṅ pīte*	We never drink the water here

---

مکالمہ تین mukālima tīn Dialogue 3

CD 1, TR 7, 03:16

Aslam asks John about his routine in England.

اسلم : جان صاحب، انگلستان میں آپ لوگوں کا معمول کیا ہے؟ مجھے اس سے دلچسپی ہے۔

جان : جیسا کہ آپ کو معلوم ہے ہم دونوں ڈاکٹر ہیں۔ اس لئے ہم ہمیشہ مصروف رہتے ہیں۔ آپ کی طرح ہم صبح سویرے اٹھتے ہیں۔ ناشتے کے بعد ہم کلنک پر جاتے ہیں۔ ہمارا کلنک گھر سے زیادہ دور نہیں اور عام طور سے دوپہر کو ہم گھر پر کھانا کھاتے ہیں۔

اسلم : کیا آپ لوگ ہر روز کام کرتے ہیں؟

جان : جی نہیں، عام طور پر ہم منگل کو اور جمعرات کو فارغ رہتے ہیں۔ لیکن ہفتے کو تین بجے تک ہم کام کرتے ہیں۔ شام کو ہم کوئی آٹھ بجے گھر آتے ہیں اور کھانا کھاتے ہیں۔ اس کے بعد ٹیلیویژن پر خبریں دیکھتے ہیں۔

اسلم : اچھا، تو آپ کی زندگی کافی مصروف ہے! خیر کوئی بات نہیں، اب تو آپ کی چھٹی ہے۔ اس سے فائدہ اٹھائیے!

aslam : *jān sāhib inglistān meṅ āp logoṅ kā ma' mūl kyā hai? mujhe is se dilcaspī hai.*

jān : *jaisā ki āp ko ma'lūm hai, ham donoṅ ḍākṭar haiṅ. is lie ham hameša masrūf rahte haiṅ. āp kī tarah ham subh savere uṭhte haiṅ. nāšte ke ba'd ham klinik par jāte haiṅ. hamārā klinik ghar se ziyāda dūr nahīṅ aur 'ām taur se do pahr ko ham ghar par khānā khāte haiṅ.*

aslam : *kyā āp log har roz kām karte haiṅ?*

jān : *jī nahīṅ. 'ām taur par ham mangal aur jumi' rāt ko fāriğ rahte haiṅ. lekin hafte ko tīn baje tak ham kām karte haiṅ. šām ko ham koī āṭh baje ghar āte haiṅ, khānā khāte haiṅ, us ke ba'd ṭelīvižan par xabreṅ dekhte haiṅ.*

aslam : *acchā, to āp kī zindagī kāfī masrūf hai. xair, koī bāt nahīṅ. ab to āp kī chuṭṭī hai. is se fāida uṭhāie.*

Aslam : John! What's your routine in England? I am interested in this.

John : As you know, we are both doctors. Therefore, we are ('remain') always busy. Like you we get up early in the morning. After breakfast we go to the clinic. Our clinic is not far from the house, and usually at midday we have lunch ('eat food') at home.

Aslam : And do you work every day?

John : No. Usually we are ('remain') free on Tuesday and Thursday. But on Saturday we work till three o'clock. In the evening we come home at about eight, have dinner; after that we watch the news on television.

Aslam : I see. So your life is quite busy. Well, never mind. Now you're on holiday. Take advantage of it.

QUICK VOCAB

معمول	*ma'mūl*	routine (m.)	صبح سویرے	*subh savere*	early in the morning
ہم دونوں	*ham donoṅ*	both of us	کلنک	*klinik*	clinic (m.)
اس لیے	*is lie*	therefore	کلنک پر	*klinik par*	to the clinic
صبح	*subh*	morning, in the morning (f.)	دوپہر	*do pahr*	midday (f.)
			دوپہر کو	*do pahr ko*	at midday

فارغ	*fāriġ*	free, at leisure	ٹیلیویژن دیکھنا	*ṭelīvižan dekhnā*	to watch TV
فارغ رہتے ہیں	*fāriġ rahte haiṅ*	we are ('remain') free	خبریں	*xabreṅ*	news (f.p.)
شام	*šām*	evening (f.)	خیر	*xair*	well!, so!
شام کو	*šām ko*	in the evening	فائدہ	*fāida*	advantage (m.)
ٹیلیویژن	*ṭelīvižan*	television (m.)	سے فائدہ اٹھانا	*se fāida uṭhānā*	to take advantage of

---

قواعد *qavā'id* Grammar

دونوں *donoṅ* تینوں *tīnoṅ* 'inclusive numbers'

When the suffix وں *-oṅ* is added to a numeral, it gives the sense of 'all two, all three, all four', so-called 'inclusive numbers'. دو *do* has a slightly irregular form دونوں *donoṅ*, which is best translated as 'both':

ہم دونوں ڈاکٹر ہیں *ham donoṅ ḍākṭar haiṅ* We are both doctors

Note the word order ہم دونوں 'we both', which is often rendered in English as 'both of us'. Other numerals add وں *-oṅ* regularly: تینوں *tīnoṅ* 'all three', چاروں *cāroṅ* 'all four', پانچوں *pāṅcoṅ* 'all five':

پاکستان، ہندوستان اور بنگلہ دیش، تینوں ملک جنوبی ایشیا میں ہیں

pākistān, hindustān aur bangla-deš, tīnoṅ mulk janūbī ešiyā meṅ haiṅ
Pakistan, India and Bangladesh, all three countries are in South Asia

رہنا *rahnā* 'to be somewhere usually'

When you are usually or always somewhere, the verb 'to be' is often translated by رہنا *rahnā* 'to remain':

میں اسٹیشن پر ہوں *maiṅ isṭešan par hūṅ* I am at ('on') the station (now)

میں نو بجے سے پانچ تک دفتر میں رہتا ہوں	*main nau baje se pāṅc tak daftar meṅ rahtā hūṅ*	I'm always at the office from nine till five
ہم اِس وقت مصروف ہیں	*ham is vaqt masrūf haiṅ*	We are busy at this moment
ہم اکثر مصروف رہتے ہیں	*ham aksar masrūf rahte haiṅ*	We are usually busy

Times of the day

The most common word for 'day' is دن *din*:

میں دن میں کام کرتا ہوں	*maiṅ din meṅ kām kartā hūṅ*	I work during ('in') the day

The word روز *roz* is used only in certain expressions like ہر روز *har roz* 'every day', or by itself in the same sense:

میں روز کلنک پر جاتا ہوں	*maiṅ roz klinik par jātā hūṅ*	I go to ('on') the clinic every day

Divisions of the day are as follows:

صبح	*subh*	morning/in the morning (f.)
صبح سویرے	*subh savere*	early in the morning
دوپہر	*do pahr*	midday (f.)
دوپہر کو	*do pahr ko*	at midday
دوپہر کے بعد	*do pahr ke ba'd*	in the afternoon
شام	*šām*	evening (f.)
شام کو	*šām ko*	in the evening
رات	*rāt*	night (f.)
رات کو	*rāt ko*	at night

These expressions are illustrated in the following passage, which you should practise reading aloud:

میں صبح سویرے اٹھتا ہوں۔ میں صبح نو بجے دفتر پہنچتا ہوں۔ دوپہر کو میں ایک چھوٹے ریستراں میں کھانا کھاتا ہوں۔ دوپہر کے بعد میں دفتر میں کام کرتا ہوں اور عام طور سے میں شام کو کوئی سات بجے گھر پہنچتا ہوں۔ میری بیگم کھانا پکاتی ہیں، اور کھانے کے بعد ہم ٹیلیوژن دیکھتے ہیں۔ رات کو میں صبح تک سوتا ہوں۔

maiṅ subh savere uṭhtā hūṅ. maiṅ subh nau baje daftar pahuṅctā hūṅ. do pahr ko maiṅ ek choṭe restarāṅ meṅ khānā khātā hūṅ. do pahr ke ba'd maiṅ daftar meṅ kām kartā hūṅ aur 'ām taur se maiṅ šām ko koī sāt baje ghar pahuṅctā hūṅ. merī begam khānā pakātī haiṅ, aur khāne ke ba'd ham ṭelīviżan dekhte haiṅ. rāt ko maiṅ subh tak sotā hūṅ.

I get up early in the morning. I arrive at the office at nine o'clock in the morning. At midday I have lunch in a small restaurant. In the afternoon I work in the office and I usually arrive home at about seven in the evening. My wife cooks the dinner. After dinner we watch the television. At night I sleep till morning.

'This morning', 'this afternoon', 'this evening', 'tonight'

آج صبح	*āj subh*	today morning
آج دوپہر کے بعد	*āj do pahr ke ba'd*	today afternoon
آج شام کو	*āj šām ko*	today in the evening
آج رات کو	*āj rāt ko*	today at night

Numbers

At this stage, the numerals 21–30 (see Appendix 1) should be learnt.

Insight

In India and Pakistan, professional people living in cities have a daily routine similar to that of most countries in the world. The British institution of the 'weekend' still aplies and most offices are closed on Saturday and Sunday. Muslims regard Friday as the most important day of worship and mosques are crowded for midday prayers. Many middle-class women still do not go out to work and fulfil their traditional role of looking after the house and family. Even relatively poor families can afford one or two servants, who often become part of the household, working for little more than their keep. The situation is, of course, very different in villages, where women play as great a part in agriculture as the men. The amount of freedom women have to go out shopping and enjoy themselves in town with their friends depends on the traditions of the family and the attitude of their husband.

مشقیں *mašqeṅ* Exercises

5.2 Dialogue

Take your part in the following dialogue. When answering in the first person, make sure you use the appropriate gender for yourself.

آپ کہاں کے رہنے والے ہیں / کی رہنے والی ہیں؟	**Aslam**
Tell him that you come from England.	**You**
انگلستان میں آپ کیا کرتے (کرتی) ہیں؟	**Aslam**
Tell him that you are a doctor in London.	**You**
آپ کو پاکستان پسند ہے؟	**Aslam**
Tell him you like it very much.	**You**
کراچی میں آپ کے دوست ہیں؟	**Aslam**
Tell him that you have many.	**You**
آج گرمی ہے۔ چلیں، ایک کپ چائے پئیں؟	**Aslam**
Tell him that it is a good idea and agree to go.	**Aslam**

5.3 Answer the questions in Urdu

Here is a picture of Aslam and his family. From what you have read about them, answer the questions, remembering to use plural of respect for the adults.



1 اسلم صاحب اور بلقیس صاحبہ کہاں رہتے ہیں؟

2 ان کے کتنے بچے ہیں اور بچوں کے نام کیا ہیں؟

3 اسلم صاحب ہر روز کام کرتے ہیں؟

4 گھر پر کھانا کون پکاتا ہے؟

5 عام طور سے خریداری کون کرتا ہے؟

6 جان اور اسلم کو بازار کی دوکانیں پسند ہیں؟

5.4 True or false?

Here are some statements about our story so far. Tick which are true and which false:

True	False

1 اسلم صاحب بہت امیر ہیں۔ اس لئے وہ کام نہیں کرتے۔

2 بلقیس، بچوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں۔

3 اسلم صاحب دہلی کے رہنے والے ہیں۔


4 ہیلن کام نہیں کرتیں اور اکثر گھر پر رہتی ہیں۔

5 حامد ایک بڑے امریکن اسکول میں پڑھتا ہے۔


6 اِس وقت کراچی میں بہت سردی ہے۔

5.5 Tell the time

From the clocks in **a** to **e**, state what the time is. Use both words and figures.



a



b



c



d



e

Test yourself

1 Read the following passage and answer the questions that follow.

ممتاز پاکستانی ہیں، وہ کراچی میں رہتی ہیں۔ ان کا معمول یہ ہے: وہ کراچی (*ma'mūl routine*)
کے ایک بڑے دفتر میں کام کرتی ہیں اور وہ پیر سے جمعہ تک وہاں کام کرتی ہیں،
وہ ہفتے اور اتوار کو کام نہیں کرتی ہیں (کرتیں)، وہ چھے بجے اٹھتی ہیں، نماز پڑھتی ہیں۔
اس کے بعد وہ والدین کے ساتھ ناشتہ کرتی ہیں۔ وہ دفتر میں کوئی نو بجے پہنچتی ہیں
اور شام کو کوئی سات بجے گھر آتی ہیں، کھانے کے بعد وہ ٹیلی وژن دیکھتی ہیں
یا کتاب پڑھتی ہیں۔ ہفتے اور اتوار کو وہ آرام کرتی ہیں۔

a ممتاز پاکستانی ہیں یا ہندوستانی؟ وہ کہاں رہتی ہیں؟
b وہ کہاں کام کرتی ہیں؟ کیا ہفتے اور اتوار کو بھی کام کرتی ہیں؟
c وہ عام طور سے کتنے بجے اٹھتی ہیں؟
d اٹھنے کے بعد وہ کیا کرتی ہیں؟
e وہ دفتر میں کتنے بجے پہنچتی ہیں اور شام کو کتنے بجے آتی ہیں؟
f شام کے کھانے کے بعد وہ کیا کرتی ہیں؟
g ہفتے اور اتوار کو وہ عام طور سے کیا کرتی ہیں،

2 How would you say in Urdu. (is your answer use the appropriate gender)?

a I am interested in the old buildings of India and Pakistan.
b I live in London but I work in Brighton برائٹن. My office is a long way from my home.
c What time do you go home in the evening?
d After getting up most people say their prayers. After that they have breakfast.
e I usually have dinner (شام کا کھانا) at seven o'clock. After that I watch television.
f Like most Pakistani women, my wife cooks the food and looks after the children. She does not go to work.

6

ساحلِ سمندر پر
By the seaside

In this unit you will learn how to:

مینیجر — ٹھیک ہے۔ آپ یہاں تشریف رکھیے۔ میں قلی کو بلاؤں گا۔ وہ سامان لائے گا اور ٹیکسی میں رکھے گا۔ آپ کے پاس بہت وقت ہے۔ کیا جانے سے پہلے چائے یا کوفی پئیں گے؟

جان — جی نہیں، شکریہ۔ میرے خیال سے ہم ابھی چلیں گے۔ کیونکہ ہمیں اسٹیشن پر دوستوں سے ملنا ہے۔ وہ بھی ہمارے ساتھ لاہور جا رہے ہیں۔

مینیجر — لاہور کے بعد آپ کا کیا ارادہ ہے؟ کیا آپ وہاں سے گھر جائیں گے؟

جان — جی نہیں۔ ہم وہاں سے دہلی جائیں گے اور ہندوستان میں دو ہفتے کے لئے رہیں گے۔

مینیجر — اچھا! آپ کو دہلی بہت پسند آئے گا۔ دہلی میرے خاندان کا وطن ہے یعنی میں دہلی کا رہنے والا ہوں۔ بہت شاندار شہر ہے۔

جان	مجھے یقین ہے کہ دہلی بہت شاندار ہے۔ لیکن ہم پہلے لاہور دیکھیں گے۔ اچھا، یہ ہمارا ٹیکسی والا ہے نا؟ تو ہم چلیں گے۔ ایک بار پھر سے آپ کا بہت بہت شکریہ! ہم پھر ملیں گے۔
مینیجر	پھر کبھی آیئے۔ خدا حافظ۔

QUICK VOCAB

جناب	*janāb*	Sir	سوٹ کیس	*sūt-kes*	suitcase (m.)
مجھے پیسے دینے ہیں	*mujhe paise dene haiṅ*	I have to give money/ pay	بھاری	*bhārī*	heavy
کی طرف سے	*kī taraf se*	from, on	قلی	*qulī*	porter (m.)
سفر	*safar*	journey (m.)	قلی کو بلاؤں گا	*qulī ko bulāūṅgā*	I'll call the porter
پھل	*phal*	fruit (m.)	رکھنا	*rakhnā*	to put
ہماری طرف سے	*hamārī taraf se*	from us; on us	آپ کے پاس وقت ہے	*āp ke pās vaqt hai*	you have time
ارے	*are!*	oh! well!	کوفی	*kofī*	coffee (f.)
ہمیں یاد رہےگا	*hameṅ yād rahegā*	we'll remember	چلنا	*calnā*	to go, depart, be off
سامان	*sāmān*	luggage (m.)	ایک بار پھر سے	*ek bār phir se*	once more
کمرہ	*kamra*	room (m.)	پھر کبھی آیئے	*phir kabhī āie*	come again some time

قواعد *qavā'id* Grammar

جناب *janāb* 'Sir'

جناب is an Arabic word literally meaning 'courtyard of a noble's palace in which the oppressed might take refuge'. In Persian and Urdu, it has come to mean 'My Lord', but in modern Urdu, it simply means 'Sir' and may be used when addressing any male.

More rules for obligation 'must'; the object of the verb

In certain circumstances, the infinitive behaves like adjectives in ا *-ā*, such as اچھا

	Adjective		Infinitive	
Masculine singular	*acchā*	اچھا	*karnā*	کرنا
Masculine singular oblique	*acche*	اچھے	*karne*	کرنے
Masculine plural	*acche*	اچھے	*karne*	کرنے
Feminine	*acchī*	اچھی	*karnī*	کرنی

We have already seen that the masculine singular oblique is used with postpositions: کرنے سے from doing, جانے کے بعد after going, آنے سے پہلے before coming.

We saw earlier that 'I must give, I have to give' is expressed in Urdu as 'to me is to give'. If in such a sentence the verb takes an object, e.g. 'I must give money', the infinitive (in this case دینا) takes the number and gender of the object. Here, the object of the verb is پیسے *paise* 'money', which is masculine plural. Therefore the infinitive also changes to masculine plural دینے in order to 'agree' with its object. The verb also changes to plural (ہیں *hain̊*):

مجھے پیسے دینے ہیں	*mujhe paise dene hain.*

Compare the following:

مجھے گھر دیکھنا ہے	*mujhe ghar dekhnā hai*	I have to see a house (m.s.)
مجھے کتاب دیکھنی ہے	*mujhe kitāb dekhnī hai*	I have to see a book (f.s.)
مجھے گھر دیکھنے ہیں	*mujhe ghar dekhne hain̊*	I have to see houses (m.p.)
مجھے کتابیں دیکھنی ہیں	*mujhe kitāben̊ dekhnī hain̊*	I have to see books (f.p.)

If the object of a verb is a person ('boy', 'Mr Rahim', etc.) or a pronoun ('me, you, him, her, us, them'), the object must be followed by کو *ko*):

میں رحیم کو دیکھتا ہوں	*main̊ rahīm ko dekhtā hūn̊*	I see Rahim
رحیم مجھ کو/مجھے دیکھتے ہیں	*rahīm mujh ko/mujhe dekhte hain̊*	Rahim sees me
ہم لڑکے کو بلاتے ہیں	*ham laṛke ko bulāte hain̊*	We call the boy
قلی کو بلاؤ/اسے بلاؤ	*qulī ko bulāo/use bulāo*	Call the porter/ call him

Thus مجھے، تجھے، اسے، ہمیں، تمہیں، آپ کو، انہیں coming before a verb as its object are the equivalent of English: 'me, you, him, her, us, them'.

In sentences of obligation, when the verb takes an object followed by کو, the infinitive always remains masculine singular, regardless of the gender or number of the noun or pronoun and the verb ہے *hai* also remains singular:

مجھے رحیم کو بلانا ہے	*mujhe rahīm ko bulānā hai*	I must call Rahim
مجھے اس لڑکی کو دیکھنا ہے	*mujhe us laṛkī ko dekhnā hai*	I must see that girl
ہمیں ان آدمیوں کو بلانا ہے	*hameṅ un ādmīoṅ ko bulānā hai*	We must call those men

---

مشق *mašq* Exercise

8.1 Complete the sentences

Complete the following sentences choosing the final two words (infinitive + ہونا) from the following: کرنی ہے۔ کرنا ہے۔ جانا ہے۔ دینے ہیں۔ بلانا ہے۔ پڑھنی ہیں۔

1 اس ہفتے ہمیں کم سے کم پانچ کتابیں ________

2 آپ کو مجھے پانچ روپے ________

3 کیا آپ کو خریداری ________؟

4 جان کو بیوی کو ٹیلیفون ________

5 آج شام کو ہمیں باہر ________

6 کیا آپ کو انہیں ________؟

کی طرف سے *kī taraf se* 'from' 'on the part of' 'on'

کی طرف سے, literally 'from the side of', can be translated into English as 'on, from', 'on the house':

یہ کھانا میری طرف سے ہے	This meal is on me
یہ پھل ہوٹل کی طرف سے ہے	The fruit is from the hotel/on the house

یاد yād 'memory' مجھے یاد ہے mujhe yād hai 'I remember'

یاد *yād* means 'memory' (f.) and مجھے یاد ہے *mujhe yād hai* 'to me a memory is' means 'I remember':

آپ کا نام مجھے یاد نہیں ہے	I don't remember your name ('your name isn't a memory to me')
آپ کا ہوٹل ہمیشہ یاد رہے گا	We shall always remember your hotel ('your hotel will remain a memory')

چلنا calnā

We have already met the verb چلنا, which expresses the idea of motion in various senses. In English, it can be rendered 'to come, go, move, walk, leave, depart, get going', etc. according to the context.

Compare the following:

چلیں چائے پئیں	Come on, let's have tea
گاڑی چھ بجے چلتی ہے	The train goes at six
وہ راستے پر چلتے ہیں	They walk along the road
میری گاڑی نہیں چلے گی	My car won't go ('it's broken down)
اے بھائی، چلو! (چلو بھائی)	Get a move on (brother/mate)!
مجھے اب چلنا ہے	I have to leave now

The related verb چلانا *calānā* means 'to drive':

آپ چلاتے ہیں	Do you drive?
بلقیس گاڑی چلاتی ہیں	Bilqis drives a car

پھر phir 'then, again'

پھر has two meanings: 'then, afterwards'; 'again':

ہم پہلے لاہور جائیں گے، پھر دہلی جائیں گے	We'll go to Lahore first, then to Delhi
ہم پھر ملیں گے	We'll meet again some time

مکالمہ تین *mukālima tīn* Dialogue 3

CD 2, TR 1, 04:08

John and Helen take a taxi to the station and find a porter.

ٹیکسی والا	کہاں جانا ہے، صاحب، اسٹیشن جانا ہے؟
جان	جی ہاں۔ ہم لاہور جا رہے ہیں۔ گاڑی کس پلیٹ فارم سے چلتی ہے؟ آپ کو معلوم ہوگا؟
ٹیکسی والا :	جی ہاں، صاحب۔ کوئی مشکل نہیں۔ میں آپ کے لئے قلی کو بلاؤں گا۔ اسٹیشن یہاں سے زیادہ دور نہیں۔ صرف بیس منٹ کا راستہ ہے۔ آپ لوگ انگریز ہیں نا۔ آپ کو اُردو کیسے آتی ہے؟
جان	بس۔ میں اُردو سیکھ رہا ہوں۔ انگلستان میں بہت سے اُردو بولنے والے رہتے ہیں۔
ٹیکسی والا	جی ہاں، مجھے معلوم ہے۔ میرے بڑے بھائی مینچسٹر میں رہتے ہیں۔ میں بھی وہاں جاؤں گا۔
جان	اچھا۔ کب جانے کا ارادہ ہے؟
ٹیکسی والا	ارادے تو ہمیشہ ہوتے ہیں، صاحب۔ لیکن پیسے چاہئیں نا! میں ٹیکسی چلانے والا ہوں۔ میں بہت زیادہ نہیں کماتا۔ لیکن ایک دن میں وہاں ضرور جاؤں گا۔ دیکھیے، اسٹیشن یہاں ہے۔
جان	اوہو! کتنی بڑی بھیڑ ہے۔ ہم پلیٹ فارم تک کیسے پہنچیں گے؟
ٹیکسی والا	کوئی مشکل نہیں، صاحب۔ میں قلی کو بلاؤں گا۔ وہ آپ کو گاڑی میں بٹھائے گا۔ آپ اس کو دس روپے دیجیے۔ زیادہ نہیں۔
جان	اور مجھے آپ کو کتنے پیسے دینے ہیں؟
ٹیکسی والا :	بس۔ پچیس روپئے دیجیے۔ اس آدمی کو دیکھیے۔ وہ آپ کا قلی ہے۔
جان	آپ کی بڑی مہربانی۔ خدا حافظ۔

پلیٹ فارم	*plaitfārm*	platform (m.)	مینچسٹر	*maincesṭar*	Manchester (m.)
آپ کو معلوم ہوگا	*āp ko ma'lūm hogā*	you probably know	چلانے والا	*calānevālā*	driver (m.)
			کمانا	*kamānā*	to earn
			بھیڑ	*bhīṛ*	crowd (f.)
آپ کو اردو کیسے آتی ہے؟	*āp ko urdū kaise ātī hai?*	how do you know Urdu?	کتنی بڑی بھیڑ	*kitnī baṛī bhīṛ*	what a huge crowd!
بس	*bas*	well!, enough	بٹھانا	*biṭhānā*	to seat, show to a seat
سیکھنا	*sīkhnā*	to learn			
اُردو بولنے والے	*urdū bolnevāle*	Urdu speakers			

QUICK VOCAB

قواعد *qavā'id* Grammar

آپ کو معلوم ہوگا *āp ko ma'lūm hogā* 'you probably know'

The future tense can, as in English, have the sense of 'probably', 'must':

آپ کو معلوم ہوگا کہ اسٹیشن کہاں ہے — You probably/must know where the station is ('you will know . . .')

میری بہن کراچی میں ہوگی — My sister must be in Karachi ('she will be . . . ')

مجھے اُردو آتی ہے *mujhe urdū ātī hai* 'I know/speak Urdu'

مجھے اُردو آتی ہے 'Urdu comes to me', i.e. 'I know Urdu'. آنا in the sense of 'to know' is especially common in the context of languages:

حامد کو تین زبانیں آتی ہیں۔ اس کو اُردو، انگریزی اور عربی آتی ہیں

Hamid knows three languages. He knows Urdu, English and Arabic

بس *bas!* 'well! enough!'

بس used as an exclamation means 'well!, you see!'.

بس، میں اُردو سیکھ رہا ہوں	Well, I'm learning Urdu

When asked کیا حال ہے؟ people often simply reply بس meaning OK. بس can also mean 'enough':

بس! بس! مجھے اور نہ دیجیے	Enough! Enough! Don't give me any more

والا -vālā

The suffix والا -vālā (fem. والی -vālī) denotes a person who does, sells or possesses something. In the English of the Raj, 'wallah' was often used:'chaiwallah' a tea vendor = Urdu چائے والا cāevālā; 'boxwallah' someone who carried your boxes = Urdu بکس والا baksvālā. Compare ٹیکسی والا 'a taxi driver', پھل والا 'a fruit seller'.

Added to the oblique infinitive, والا means 'someone who does something':

کام کرنے والا	*kām karnevālā*	a worker
چلانے والا	*calānevālā*	a driver
اُردو بولنے والا	*urdū bolne vālā*	an Urdu speaker

The feminine counterpart والی would be used by or for a woman: بلقیس اُردو بولنے والی ہے *bīlqis urdū bolnevālī hai* Bilqis is an Urdu speaker.

بٹھانا *biṭhānā* 'to seat, show someone to a seat'

بٹھانا (related to بیٹھنا 'to sit') means 'to seat someone'. On Indian and Pakistani stations, the porter, as well as carrying your luggage, will also find your compartment for you, arrange your things, and deal with over-zealous guards and ticket inspectors. All these services are included in بٹھانا.

Insight

In the westernized luxury hotels of large cities in India and Pakistan, the system is much the same as anywhere else in the world. The less ostentatious hotels have much more of a 'family' atmosphere. When you speak Urdu, the staff will become extremely friendly and helpful, not to mention curious and it is not uncommon to find a bowl of fruit placed in your room: ہوٹل کی طرف سے 'on the house'.

According to the code of hospitality, you are the honoured guest and there will always be porters present to carry your bags and give other

services in return for a tip. Tipping بخشش *baxšiš*, from which we have the English words 'buckshee' and 'baksheesh', is customary and expected. In hotels and at stations, many people earn their living almost entirely from tips. If you insist on carrying your own baggage to the train, you will not only be regarded as mean, but definitely as odd!

مشقیں *mašqeṅ* Exercises

8.2 Dialogue

You are at the station. Take your part in the dialogue with the porter:

Porter	:	آپ اسٹیشن جا رہے/رہی ہیں؟ کہاں جا رہے/رہی ہیں؟
You	:	Say yes; you are going to Lahore.
Porter	:	آپ کے پاس کتنا سامان ہے؟
You	:	Say you have only two suitcases.
Porter	:	آپ کا ریزرویشن ہے؟
You	:	Say you do, and ask at what time the train will depart.
Porter	:	ٹھیک آٹھ بجے چلتی ہے
You	:	Say thank you, and ask how much you have to give him.

8.3 Give the correct form of the infinitive

1 آپ کو سب چیزیں (کھانا) ہیں
2 ہمیں کل صبح چھے بجے (اٹھنا) ہے
3 آپ کو کتنی کتابیں (پڑھنا) ہے
4 مجھے اس لڑکی کو فون (کرنا) ہے
5 رحیم صاحب کو آج اسپتال (جانا) ہے

8.4 Numbers and figures

While staying in Karachi, John has made the following accounts (حساب) of his expenditure. Look at his list and then answer the questions that follow.

حساب کتاب

۱۱۰۰	گیارہ سو	ہوٹل کا کرایہ (دس دن)
۷۰۰	سات سو	دوپہر کا کھانا
۹۳۰	نو سو تیس	شام کا کھانا
۱۲۰۰	ایک ہزار دو سو	خریداری
۳۲۰	تین سو بیس	ٹیکسی (پانچ بار)
۶۱۸	چھ سو اٹھارہ	لاہور جانے کا کرایہ (دو ٹکٹ)
۳۰	تیس	تین کتابیں
۲۲	بائیس	بخشش
؟		کل

1 How many days has John stayed in his hotel?
2 How much has he spent altogether on food?
3 How many times has he travelled in a taxi?
4 What is the price of a single ticket to Lahore?
5 How much money has he given in tips?
6 What has been his total expenditure in Karachi?

(The Arabic word کل *kul* means 'total'.)

Test yourself

1 Fill in the blanks in the following sentences with a suitable word or phrase from the list.

1 یاد 2 ملیں گے 3 چاہیے 4 آسانی سے 5 طرف 6 جلدی

a کیا یہاں سے ٹیکسی ______ ملے گی ؟
b اگر آپ کو اور کچھ ______ تو مجھے بتائیے۔
c ______ کرو۔ ہمیں ٹھیک سات بجے پہنچنا ہے۔
d اچھا رحیم صاحب، اجازت دیجیے۔ ہم پھر ______ ۔
e آج کھانا میری ______ سے ہوگا۔
f آپ کا گھر میں ہمیشہ ______ رہے گا۔

2 Complete the following sentences using the future tense of the verb in brackets.

a آج میرے دوست گھر پر ضرور (رہنا)۔
b کیا آپ کی بیگم ہمارے ساتھ (چلنا)؟
c آپ کو معلوم (ہونا) کہ ان کا گھر کہاں ہے۔
d چلیے۔ شہر چلیں۔ وہاں اس نئی فلم کو (دیکھنا)۔
e میرے خیال سے آج ہم باہر نہیں (جانا)۔

9

میری بیوی کہاں ہے؟

Where is my wife?

In this unit you will learn how to:

- Say where and how you were
- Make comparisons
- Identify more of the geography of Pakistan
- Say more directions
- Use higher numbers

مکالمہ ایک *mukālima ek* Dialogue 1

🔉 CD 2, TR 2, 00:07

Qasim meets the Smiths at the station and loses his wife in the crowd.

جان صاحب، السلام علیکم۔آپ لوگ کہاں تھے؟ آپ پلیٹ فارم پر نہیں تھے۔ میں بہت پریشان تھا۔	قاسم
وعلیکم السلام، قاسم صاحب۔معاف کیجئے۔ہم پلیٹ فارم پر تھے لیکن اتنی بڑی بھیڑ تھی۔مشکل ہے نا! ایسی بھیڑ میں کچھ نظر نہیں آتا۔	جان
خیر، کوئی بات نہیں۔اہم بات تو یہ ہے کہ اب آپ لوگ یہاں ہیں۔ڈبا کافی آرامدہ ہے نا؟ ہم صرف چار آدمی ہوں گے۔اور کوئی نہیں ہوگا۔آپ کو پاکستان پسند آرہا ہے؟	قاسم

جان	بہت پسند آرہا ہے۔ کراچی میں ہمارا ہوٹل بہت اچھا تھا۔ کھانا اچھا تھا، لوگ اچھے تھے اور ہوٹل کے مینیجر خاص طور سے مہربان تھے۔ کراچی میں اب ہمارے بہت سے دوست ہیں۔
قاسم	لاہور میں اور زیادہ دوست ملیں گے۔ پنجاب کے لوگ بہت مہمان نواز ہوتے ہیں۔ ارے میری بیگم کہاں ہیں! وہ پانچ منٹ پہلے سہیلیوں کے ساتھ پلیٹ فارم پر تھیں، اب وہ کہیں نظر نہیں آتیں۔ آپ لوگ یہاں بیٹھیے میں ان کی تلاش کروں گا۔ گاڑی پانچ منٹ کے بعد روانہ ہوگی۔
جان	قاسم صاحب، آپ پریشان مت ہوئیے۔ دیکھیے وہ آرہی ہیں۔
قاسم	کوثر، آپ کہاں تھیں؟ کیا سہیلیوں کے ساتھ تھیں؟ آئیے ڈبے میں بیٹھیے۔ گاڑی اب چل رہی ہے۔

QUICK VOCAB

تھے	*the*	were	اور زیادہ	*aur ziyāda*	even more, many more
پریشان	*parešān*	worried	مہمان نواز	*mihmān navāz*	hospitable
اتنی بڑی بھیڑ	*itnī baṛī bhīṛ*	such a big crowd	پانچ منٹ پہلے	*pāṅc minaṭ pahle*	five minutes ago
نظر نہیں آتا	*nazar nahiṅ ātā*	can't be seen	سہیلی	*sahelī*	woman friend (f.)
خیر	*xair*	well!	تھیں	*thīṅ*	(she) was
اہم	*ahm*	important	کہیں نہیں	*kahīṅ nahīṅ*	nowhere
سب سے اہم	*sab se ahm*	the most important	نظر نہیں آتیں	*nazar nahīṅ ātīṅ*	can't be seen
ڈبا	*ḍibbā*	compartment (m.)	ان کی تلاش کروں گا	*un kī talāš karūṅgā*	I'll look for her
آپ کو پسند آرہا ہے؟	*āp ko pasand ā rahā hai?*	are you enjoying?			
تھا	*thā*	was			
مہربان	*mihrbān*	kind, gentle			

قواعد *qavā'id* Grammar

Past tense of ہونا : تھا *thā* 'was'

The past tense refers to what was or happened in the past. First, we look at the past tense of ہونا 'I was, you were, they were', etc. In Urdu, the past tense of ہونا shows gender (masculine and feminine) and number (singular and plural), but does not indicate person ('I, you, he', etc.). It is formed as follows:

Masculine singular			**Masculine plural**		
میں تھا	*maiṅ thā*	I was	ہم تھے	*ham the*	we were
تو تھا	*tū thā*	you were	تم تھے	*tum the*	you were
یہ، وہ تھا	*yih, vuh thā*	he/it was	آپ تھے	*āp the*	you were
			یہ، وہ تھے	*yih, vuh the*	they were

Feminine singular			**Feminine plural**		
میں تھی	*maiṅ thī*	I was	ہم تھے	*ham the*	we were
تو تھی	*tū thī*	you were	تم تھیں	*tum thīṅ*	you were
یہ، وہ تھی	*yih, vuh thī*	she, it was	آپ تھیں	*āp thīṅ*	you were
			یہ، وہ تھی	*yih, vuh thīṅ*	they were

As usual, ہم is regarded as masculine plural even when used by women. It will be noticed that the past tense of ہونا has only four elements: تھا *thā*, تھی *thī*, تھے *the*, تھیں *thīṅ*:

آپ کل شام کو کہاں تھے؟ میں گھر پر تھا	*āp kal šām ko kahāṅ the? maiṅ ghar par thā*	Where were you yesterday evening? I was at home

Notice that کل *kal*, as well as meaning 'tomorrow' also means 'yesterday':

میری بیٹیاں کل اسکول میں نہیں تھیں	*merī beṭīāṅ kal iskūl meṅ nahīṅ thīṅ*	My daughters were not at school yesterday

اتنا *itnā* 'so much (as this)'; 'such'

اتنا means 'so much (as this)' and can sometimes be translated as 'such':

پلیٹ فارم پر اتنی بڑی بھیڑ تھی	*plaiṭfārm par itnī baṛī bhīṛ thī*	There was such ('so much') a big crowd on the platform
مجھے اتنا نہیں چاہیے	*mujhe itnā nahīṅ cāhīe*	I don't want so much (as this)

اتنا is often followed by زیادہ meaning the same thing:

میرے پاس اتنے زیادہ پیسے نہیں ہیں	*mere pās itne ziyāda paise nahīṅ haiṅ*	I don't have so much money

نظر آنا *nazar ānā* 'to come into view, be seen'

نظر *nazar* means 'view, sight' (f.). The phrase verb نظر آنا *nazar ānā* means 'to come into view, be seen':

میری کھڑکی سے پورا لندن نظر آتا ہے	*merī khiṛkī se pūrā landan nazar ātā hai*	I can see the whole of London from my window ('London comes into view')
یہاں سے کچھ نظر نہیں آتا	*yahāṅ se kuch nazar nahīṅ ātā*	'from here nothing comes into view' (i.e. you can't see anything.)

In this sentence, the subject is کچھ 'anything'.

Comparison of adjectives

When we make comparisons with adjectives, 'he is bigger than me; he is the biggest', the form 'bigger' is known as the comparative, and the form 'biggest' is known as the superlative. For some English adjectives, we have to use 'more, most': 'more beautiful, most beautiful'.

In Urdu, 'than' is expressed by the postposition سے. Comparison is effected as follows:

وہ مجھ سے بڑا ہے	*vuh mujh se baṛa hai*	He is bigger than me ('he than me is big')
وہ سب سے بڑا ہے	*vuh sab se baṛā hai*	He is the biggest ('he than all is big')
رحیم صاحب اسلم صاحب سے امیر ہے	*rahīm sāhib aslam sāhib se amīr haiṅ*	Mr Rahim is richer than Mr Aslam

لندن انگلستان کا سب سے بڑا شہر ہے	*landan inglistān kā sab se baṛā šahr hai*	London is the biggest city in ('of') England

Note that 'in' England is انگلستان کا 'of' England in Urdu.

In the comparative, the word زیادہ *ziyāda* 'more' may be placed before the adjective:

میرے بڑے بھائی مجھ سے زیادہ مصروف ہیں	My elder brother is busier ('more busy') than me

کو پسند آنا **ko pasand ānā 'to enjoy'**

The phrase verb کو پسند آنا *ko pasand ānā* 'to come (as) pleasing to' is best translated as 'to enjoy':

مجھے لاہور پسند آ رہا ہے	*mujhe lāhaur pasand ā rahā hai*	I am enjoying Lahore ('to me Lahore is coming pleasing')

Note the difference between:

مجھے پاکستانی کھانا پسند ہے	I like Pakistani food
مجھے پاکستانی کھانا پسند آتا ہے	I enjoy Pakistani food

پہلے **pahle 'ago'**

In expressions of time, پہلے *pahle* means 'ago':

چالیس منٹ پہلے	*cālīs minaṭ pahle*	forty minutes ago
پینتیس سال پہلے	*paiṅtīs sāl pahle*	thirty-five years ago

The adjective پہلا *pahlā* means 'first':

پہلا درجہ	*pahlā darjā*	first class
پہلی بار	*pahlī bār*	the first time

The adverb پہلے *pahle* or سب سے پہلے means 'first (of all)':

پہلے میں لندن میں تھا۔ اب میں مینچسٹر میں ہوں	First I was in London; now I am in Manchester
آپ سب سے پہلے کہاں تھے؟	Where were you first of all?

کی تلاش کرنا **kī talāš karnā 'to look for'**

تلاش *talāš* means 'seeking, looking for' (f.). The phrase verb کی تلاش کرنا *kī talāš karnā* 'to do the seeking of' means 'to look for':

میں آپ کی تلاش کر رہا تھا لیکن آپ کہیں نہیں تھے

I was looking for you ('doing your seeking'), but you weren't anywhere

Note کہیں *kahīṅ* 'somewhere', کہیں نہیں *kahīṅ nahīṅ* 'nowhere'.

مشق *mašq* Exercise

9.1 Complete the sentences

Complete the sentences with the correct form of the past tense of ہونا (تھیں، تھے، تھی، تھا):

1 آداب عرض اسلم صاحب۔ کل آپ کہاں __________؟

2 قاسم صاحب اور ان کے دوست پلیٹ فارم پر __________۔

3 وہ خاتون بہت مہربان __________۔

4 بلقیس صاحبہ، آپ دہلی میں کب __________؟

5 حامد کہاں ہے؟ پانچ منٹ پہلے وہ یہاں __________۔

مکالمہ دو *mukālima do* Dialogue 2

CD 2, TR 2, 02:02

While travelling in the train through Sindh, the Smiths hear about Qasim's life.

جان	کیوں، قاسم صاحب۔ آپ لاہور کے رہنے والے ہیں؟
قاسم	جی نہیں، میں اصل میں ملتان کا رہنے والا ہوں۔ ملتان بھی پنجاب میں ہے اور لاہور سے زیادہ دور نہیں۔ میں پہلے فوج میں تھا۔ یعنی دس سال کے لئے میں سپاہی تھا۔ اس کے بعد میں پانچ سال کے لئے حیدرآباد سندھ اور کراچی میں تھا۔ آج کل میں لاہور میں کاروبار کرتا ہوں۔ آج ہماری ریل گاڑی حیدرآباد اور ملتان سے گزرے گی۔ کل صبح آٹھ نو بجے ہم لاہور پہنچیں گے۔

جان : لاہور کراچی سے چھوٹا ہے نا؟

قاسم : جی ہاں۔ لاہور پنجاب کا سب سے بڑا شہر ہے، لیکن کراچی سے بہت چھوٹا ہے۔ میرے خیال سے لاہور کی آبادی کوئی تیس لاکھ ہے۔ کراچی کی آبادی بہت بڑی ہے۔ پہلے کراچی پاکستان کا دارالحکومت تھا۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اب ہمارا دارالحکومت اسلام آباد ہے۔

جان : کیا اسلام آباد لاہور سے دور ہے؟

قاسم : جی نہیں۔ بہت زیادہ دور نہیں، ریل سے کوئی پانچ گھنٹے کا راستہ ہے۔ اسلام آباد کافی نیا شہر ہے اور لاہور سے بہت چھوٹا ہے۔ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے۔ لیکن میرے خیال سے لاہور سب سے دلچسپ اور خوشگوار ہے۔ اب کتنے بجے ہیں؟ دس بجے ہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد ہم حیدرآباد پہنچیں گے۔ وہاں ہم چائے پئیں گے۔

QUICK VOCAB

کیوں	*kyoṅ*	why?, well	سے گزرے گی	*se guzregī*	will pass through
ملتان	*multān*	Multan (m.)	آبادی	*ābādī*	population (f.)
پہلے	*pahle*	first (of all)	چالیس	*cālīs*	forty
فوج	*fauj*	army (f.)	لاکھ	*lākh*	100,000
سپاہی	*sipāhī*	soldier, 'sepoy' (m.)	دارالحکومت	*dārul hukūmat*	capital (city) (m).
			اسلام آباد	*islāmābād*	Islamabad (m.)
حیدرآباد	*haidarābād*	Hyderabad (m.)	خوشگوار	*xušgavār*	pleasant
کاروبار	*kār o bār*	business (m.)	تھوڑی دیر	*thoṛī der*	a little while
سے گزرنا	*se guzarnā*	to pass through	تھوڑا	*thoṛā*	a little/few

قواعد *qavā'id* Grammar

ہجے *hijje* Spelling

Note that when a verb has a stem with two syllables, for example گزرنا *guzarnā* (گزر *guzar-*) and نکلنا *nikalnā* (نکل *nikal-*), if the stem is followed by a vowel, as is the case with the future tense endings وں گا *-ūṅgā*, ے گا *-egā*, etc., the vowel in the second syllable is dropped: گزرے گا *guzregā* 'will pass', نکلے گا *niklegā* 'will go out'.

The Urdu word for 'capital' دارالحکومت *dārul hukūmat* is composed of three Arabic words: دارُ *dāru* 'home', ال *al* 'the' and حکومت *hukūmat* 'government'. After the *u* of *dāru*, the *a* of *al* is elided. Thus *daru al hukūmat* is pronounced *dārul hukūmat.*

The Urdu word for business کاروبار *kār o bār* consists of three Persian words: کار *kār* 'work', و *o* (written simply with the letter *vau*) 'and', and بار *bār* 'activity'. The Persian word و *o* 'and' is used frequently in Urdu to link two Persian words. One of the most common phrases is ہند و پاک *hind o pāk* 'India and Pakistan'.

کیوں *kyoṅ!* 'why!, well!'

کیوں *kyoṅ*? means 'why?' and like all question words immediately precedes the verb:

آپ وہاں کیوں جا رہے ہیں؟ Why are you going there?

As an exclamation at the beginning of the sentence it means 'well!'. In English 'why!' can be used in the same way:

کیوں جان صاحب۔ آپ اکیلے ہیں؟ Well/why!, John! Are you alone?

تھوڑا سا *thoṛā (sā)* 'a little'; بہت سا *bahut (sā)* 'much'

تھوڑا *thoṛā* means 'a little'; its plural form تھوڑے *thoṛe* means '(a) few'.

After تھوڑا and بہت (in the sense of 'much, many') the word سا *sā* (m.), سی *sī* (f.), سے *se* (m. p. and oblique) may be inserted:

مجھے تھوڑی سی چائے دیجیے *mujhe thoṛī sī cāe dījie* Give me a little tea

مجھے تھوڑے سے پیسے چاہئیں	*mujhe thoṛe se paise cāhīeṅ*	(I) need a little money
یہاں بہت سی لڑکیاں ہیں	*yahāṅ bahut sī laṛkīāṅ haiṅ*	There are many girls here

If بہت (in the sense of 'much', 'many') is followed by another adjective, e.g. 'many good films', then the addition of سے، سی، سا is obligatory:

بہت سا مزےدار کھانا	much tasty food
بہت سی اچھی فلمیں	many good films

This is because بہت مزےدار کھانا would mean 'very good food'.

The word دیر *der* means 'a short space of time', 'a while' (f.):

تھوڑی دیر کے بعد	*thoṛī der ke ba'd*	after a little while

It can also mean 'lateness'. Note the expression:

وہ ہمیشہ دیر سے آتا ہے	*vuh hameša der se ātā hai*	He always comes late ('with lateness')

Higher numbers 100, 1000 and millions; 'lacs' and 'crores'

We have already met سو *sau* '100' and ہزار *hazār* '1000'. 'One hundred' and 'a thousand' are usually expressed ایک سو *ek sau* and ایک ہزار *ek hazār*.

اس اسکول میں ایک سو لڑکے ہیں	In this school there are a hundred boys
کراچی لندن سے کوئی پانچ ہزار میل دور ہے	Karachi is about five thousand miles from London

The next highest numeral is ایک لاکھ *ek lākh* (often spelt 'lac' in English) which is 100,000 (a hundred thousand) (m.). There is no word for 'million', which would, of course, be دس لاکھ *das lākh* (10 × 100,000). 100 *lākhs* (100 × 100,000) = ایک کروڑ. *ek karoṛ* 10,000,000 (ten million) کروڑ is often spelt in English as 'crore'.


The system of lacs and crores operates throughout India and Pakistan, and was widely employed by the British during the time of the Raj. At first, this new concept of counting is rather confusing and it is difficult for us, who are used to 'millions' to make instant conversions. A useful mnemonice is: On the lottery you can win دس لاکھ پاؤنڈ *das lākh pāūnḍ* 'a million pounds':

لندن کی آبادی کوئی ایک کروڑ ہے	*landan kī ābādī koī ek karoṛ hai*	The population of London is roughly 10,000,000

مشق *mašq* Exercise

9.2 Karachi to Islamabad

Look at the scheme of the railway line from Karachi to Islamabad (approximate distances are in miles), then answer the questions.



1 کراچی سے لاہور تک ریل گاڑی کن شہروں سے گزرتی ہے؟
2 کراچی کے بعد پہلا اسٹیشن کیا ہے؟
3 حیدرآباد ملتان سے کتنی دور ہے؟
4 نومبر کے مہینے میں لاہور میں کراچی سے زیادہ سردی ہوتی ہے؟
5 پاکستان کا دارالحکومت کیا ہے۔ وہ لاہور سے کتنی دور ہے؟

مکالمہ تین *mukālima tīn* Dialogue 3

CD 2, TR 2, 04:05

Arrival in Lahore.

قاسم بس! آخر ہم لاہور میں ہیں۔ آپ لوگ بہت تھکے ہوں گے، لیکن آپ کا ہوٹل یہاں سے زیادہ دور نہیں۔ ہم ٹیکسی میں بیٹھیں گے اور آپ کو ہوٹل تک پہنچائیں گے۔

جان شکریہ قاسم صاحب۔ لیکن آپ تکلف نہ کیجیے۔ آپ بھی تھکے ہوں گے۔ آپ سیدھے گھر جایئے۔ ہم آسانی سے ہوٹل پر پہنچیں گے۔

قاسم کوئی تکلف نہیں۔ آپ کا ہوٹل ہمارے راستے پر ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ آپ کا ہوٹل بہت دلچسپ ہے۔ مطلب یہ کہ عمارت دلچسپ ہے۔ پہلے وہ کسی انگریز جرنیل کا مکان تھا اور وہاں انگریز فوجی تھے۔ اب ہوٹل ہے۔ کمرے بہت بڑے اور آرامدہ ہیں۔ پرانا ہوٹل ہے لیکن میرے خیال سے ان نئے ہوٹلوں سے پرانے ہوٹل زیادہ دلچسپ ہوتے ہیں۔ آیئے، ٹیکسی میں بیٹھیے۔ ہم سیدھے آپ کے ہوٹل جائیں گے۔ وہاں کھانا کھایئے۔ خوب آرام کیجیے۔ کل صبح میں آپ لوگوں کے پاس آؤں گا۔ میں آپ کو لاہور دکھاؤں گا۔

جان بہت شکریہ قاسم صاحب۔ لیکن آپ کو کل فرصت ہوگی؟

قاسم جی ہاں، کل دن بھر فرصت ہوگی۔ کل ہفتہ ہے نا۔ میں ہفتے کو کام نہیں کرتا۔ عام طور سے پاکستان میں ہفتے کو چھٹی ہوتی ہے۔ دیکھیے، آپ کا ہوٹل یہاں ہے بائیں ہاتھ پر۔ دائیں ہاتھ پر مال روڈ ہے۔ یہ لاہور کا سب سے بڑا اور سب سے شاندار راستہ ہے اب آپ لوگ جایئے اور آرام کیجیے۔ ہم انشاءاللہ کل صبح ملیں گے۔

جان شکریہ، قاسم صاحب۔ خدا حافظ

QUICK VOCAB

آخر	*āxir*	at last	آپ کے ہوٹل جائیں گے	*āp ke hotal jāenge*	we'll go to your hotel
تھکا	*thakā*	tired	خوب	*xūb*	well, fine
تھکے ہوں گے	*thake hoṅge*	you must be tired	آرام کرنا	*ārām karnā*	to rest
پہنچانا	*pahuṅcānā*	to take (someone somewhere)	دن بھر	*din bhar*	all day long
			دایاں	*dāyāṅ*	right
			بایاں	*bāyāṅ*	left

سیدھے	*sīdhe*	straight (there)	ہاتھ	*hāth*	hand (m.)
انگریز	*aṅgrez*	English person (m./f.)	دائیں ہاتھ پر	*dāeṅ hāth par*	on the right (hand side)
جرنیل	*jarnail*	general (in the army) (m.)	بائیں ہاتھ پر	*bāeṅ hāth par*	on the left (hand side)
فوجی	*faujī*	soldier, military person (m.)	انشاءاللہ	*inšallāh*	'if Allah wills'

قواعد qavā'id Grammar

ہجے hijje Spelling

انشاءاللہ *inšallāh* 'if Allah wills', بسم اللہ *bismillāh* 'in the name of Allah'.

The word اللہ *allāh* 'Allah' is made up of two Arabic words: ال *al* 'the' and اِلٰہ *ilāh* 'a god'. After ال *al* the *i* of *ilāh* is elided and the resulting double *lām* is indicated by the sign ّ *tašdīd*. The *alif* that represents the long vowel *ā* is conventionally written above the letter *lām* and not, as we might expect, after it. In Urdu, *allāh* is usually written اللہ with the normal *choṭī he*. In Arabic, and sometimes also in Urdu, the final *he* is written with the sign ـه. الله is the normal Arabic representation of the divine name.

The phrase انشاء اللہ *inšallāh* 'God willing', very frequently used by Muslims all over the world when stating that something will be done in the future, such as 'we'll meet again', is made up of three Arabic words: اِن *in* 'if', شاء *ša-a* 'wished' and اللہ *allāh*. Note that the final *a* of *ša-a* 'wished' is elided before the initial *-a* of *allāh*.

Another very common Arabic expression is بسم اللہ *bismillāh* 'in the name of Allah', which is used before embarking on any enterprise, even eating. It is composed of three Arabic words: بِ *bi* 'in', اِسم *ismi* 'name' and اللہ 'Allah'. Note how the vowels coalesce: *bi ismi allāh* → *bismillāh* بسم اللہ. Before beginning a meal it is customary to say بسم اللہ کریں *bismillāh kareṅ* 'let's do *bismillāh*'.

See if you can work out the reason for the spelling of the Arabic phrase:

لاالٰہ الااللہ *lā ilāha illā allāh* 'not god except the God' (There is no god except Allah)

This Islamic profession of faith is found written almost everywhere – over the door of a house, in buses, taxis and so on. It is composed of the following Arabic words: لا *lā* (also written لا) no, not; الٰہ *ilāha* 'god'; الا *illā* (الا) 'except' and اللہ *allāh*. With the Arabic form of *he* it would be: لاالٰه الا اَللّٰه .

پہنچانا *pahuṅcānā* 'to take (someone) to'

The verb پہنچانا, related to پہنچنا 'to arrive', literally means 'to cause to arrive', i.e. to take to:

ہم آپ کو اسٹیشن تک پہنچائیں گے	*ham āp ko isṭešan tak pahuṅcāeṅge*	We'll take you ('cause you to arrive') to the station

دایاں *dāyāṅ* 'right'; بایاں *bāyāṅ* 'left'

The adjectives دایاں *dāyāṅ* 'right' and بایاں *bāyāṅ* 'left' form their plural and oblique in the same way as اچھا *acchā*, but have nasalized final vowels:

Masculine singular	دایاں	*dāyāṅ*	بایاں	*bāyāṅ*
Masculine singular/oblique plural	دائیں	*dāeṅ*	بائیں	*bāeṅ*
Feminine	دائیں	*dāīṅ*	بائیں	*bāīṅ*

The word ہاتھ *hāth* 'hand' is often added to these adjectives:

دایاں ہاتھ	*dāyāṅ hāth*	the right (hand)
دائیں ہاتھ پر	*dāeṅ hāth par*	on the right
بائیں ہاتھ کی طرف	*bāeṅ hāth kī taraf*	towards the left

The compound postposition کی طرف *kī taraf* means 'towards', 'in the direction of':

میں مال روڈ کی طرف جا رہا ہوں	I'm going in the direction of Mall Road
میں آپ کی طرف آ رہا ہوں	I am coming to you

Going to a place

We know now that when you go to a place, no postposition is required. In such sentences, however, the noun denoting the place is considered to be in the

oblique. With a noun such as گھر, this does not show, but if the place name ends in ا *-ā* or ہ *-a*, e.g. کلکتہ *kalkatta Calcutta*, ڈھاکہ *ḍhāka* Dacca (the capital of Bangladesh) or آگرا *āgrā* Agra (the city of the Taj Mahal), then the ending must change to oblique:

میں کلکتے / ڈھاکے / آگرے جا رہا ہوں	*maiṅ kalkatte/ḍhāke/ āgre jā rahā hūṅ*	I am going to Calcutta/ Dacca/Agra

If an adjective such as بڑا *baṛā* or میرا، اس کا، آپ کا *merā, us kā, āp kā* precedes the noun or place name, then it, too, must become oblique:

میں کل شام کو آپ کے گھر آؤں گا	*maiṅ kal šām ko āp ke ghar āūṅgā*	I shall come to your house tomorrow evening

Insight

Travelling by train is an excellent way to see any country, and the rail system of India and Pakistan, originally constructed by the British, is among the most extensive in the world. The line from Karachi to Lahore follows the course of the River Indus (دریاے سندھ *daryā-e sind*), first crossing the desert via the medieval cities of Hyderabad and Multan and then emerging into the fertile plains of Panjab, the land of the 'five rivers'. 'Panjab' is derived from the two Persian words پنج *panj* 'five' and آب *āb* 'waters'. Refreshment is provided on the train or by the ubiquitous چاے والے at the main stops. The old hotels, which date from the time of the Raj, with their extensive accommodation and carefully tended gardens are always preferable to the bland 'Hiltons' and 'Intercontinentals' and offer a glimpse of how life used to be during the time of the British, who, however far they might have been from home, never neglected their own comfort!

daryā-e sind is the Persian term for the Indus, literally 'River of Sind' (the old name for India). دریا *daryā* 'river' (m.). Note that after ا *-ā*, the *izāfat -e* is written with ے .

مشقیں *mašqeṅ* Exercises

9.3 Match question and answer

The following questions relate to the three dialogues of this unit. Match them with the answers given.

سوالات

1 اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر بھیڑ تھی؟
2 جان اور ہیلن کو پاکستان پسند آ رہا ہے؟
3 ہوٹل کے منیجر کیسے آدمی تھے۔ وہ مہربان تھے؟
4 آج کل قاسم صاحب کیا کر رہے ہیں؟
5 لاہور پہنچنے کے بعد جان اور ہیلن بہت تھکے تھے؟
6 عام طور سے پاکستان میں ہفتے کو چھٹی ہوتی ہے؟
7 لاہور کے سب سے بڑے اور شاندار راستے کا نام کیا ہے؟

جواب

1 انہیں پاکستان بہت پسند آ رہا ہے۔
2 جی ہاں' وہ کافی تھکے تھے۔
3 لاہور کے سب سے بڑے راستے کا نام مال روڈ ہے۔
4 جی ہاں' ہفتے کو چھٹی ہوتی ہے۔
5 جی ہاں' بہت بڑی بھیڑ تھی۔
6 وہ بہت مہربان تھے۔
7 لاہور میں کاروبار کر رہے ہیں۔

9.4 Complete the sentences

Complete the following sentences with the correct form of the verb indicated in brackets:

1 آپ فکر نہ کیجیے۔ میں ابھی ________۔ (am coming)
2 قاسم اور ان کے دوست پہلے فوج میں ________۔ (were)
3 آج شام کو گھر آیئے۔ میری بیگم قورمہ ________۔ (will cook)
4 اتوار کو ہم عام طور سے دس بجے ________۔ (get up)
5 عورتیں سمندر میں کبھی نہیں ________۔ (bathe)

(to read)	6 بتایئے آپ کو کیا ______ ہے۔
(bring!)	7 اے بھائی۔ ادھر آؤ۔ میرے ______۔
(shall look at)	8 آج شام کو میں ٹیلیوژن ______۔
(speak)	9 اکثر پاکستانی اُردو ______۔

9.5 Comparisons

The following sentences suggest comparisons. Complete them by choosing an adjective from the following: پرانا، مزے دار، چھوٹا، بڑا، مشکل، امیر:

1 کراچی لاہور سے ______ ہے۔ لیکن لاہور زیادہ ______ ہے۔
2 حامد اور اقبال اسلم کے بیٹے ہیں۔ اقبال حامد سے ______ ہے۔
3 میرے خیال سے بریانی پلاؤ سے زیادہ ______ ہے۔
4 عربی زبان اُردو سے زیادہ ______ ہے۔
5 رحیم صاحب غریب نہیں ہیں لیکن قاسم صاحب ان سے ______ ہیں۔

Test yourself

Match each sentence with an appropriate answer.

a کل شام کو آپ کہاں تھے؟		1 کوئی چالیس لاکھ ہوگی۔
b کیا اسٹیشن پر بھیڑ ہوگی؟		2 جی نہیں، میں بالکل ٹھیک ہوں۔
c انگلستان کا سب سے بڑا شہر کیا ہے؟		3 ان شاء اللہ ملیں گے۔
d کیا آپ اکیلے ہیں؟		4 ہاں وہاں بہت لوگ ہوں گے۔
e مجھے ایک کپ چائے دیجئے۔		5 میں جناب گھر پر تھا اور کیا!

6	میرے خیال سے لندن ہے۔	کیا ہوٹل دائیں ہاتھ پر ہے؟	f
7	معاف کیجئے میرے پاس چائے نہیں ہے۔	آپ بہت تھکے ہوں گے۔	g
8	جی نہیں۔ بائیں طرف ہے۔	کیا ہم کل ملیں گے؟	h
9	جی نہیں۔ بیوی میرے ساتھ ہے	لاہور کی آبادی کتنی ہوگی؟	i

10

کتنا شاندار ہوٹل ہے!

What a splendid hotel!

In this unit you will learn how to:

- Ask permission and make requests
- Say that you are able
- Express hunger and thirst
- Talk about the city of Lahore and its history

مکالمہ ایک *mukālima ek* Dialogue 1

CD 2, TR 3, 00:08

Qasim and his wife visit the Smiths' hotel.

قاسم السلام علیکم، جان صاحب۔ کیا میں اندر آ سکتا ہوں؟

جان وعلیکم السلام۔ جی ہاں، قاسم صاحب۔ تشریف لائیے۔ کیا آپ چائے پئیں گے؟ میں چائے منگواؤں؟ یہ ہوٹل کتنا شاندار ہے! ایک کمرہ نہیں بلکہ تین کمرے ہیں۔ یہاں بیٹھنے کا کمرہ ہے اور وہاں سونے کا کمرہ۔ پیچھے ایک بہت بڑا غسل خانہ بھی ہے۔

قاسم اور بتائیے، کل آپ کا دن کیسا تھا؟ میرے خیال سے سفر کے بعد آپ لوگ بہت تھکے تھے۔

جان : جی ہاں۔بس ہم دن بھر ہوٹل میں تھے۔سامنے ایک بہت خوبصورت باغیچہ ہے۔ہر طرح کا آرام ہے۔اور موسم کتنا اچھا ہے! لاہور میں کراچی کے مقابلہ میں زیادہ سردی ہے نا؟

قاسم : جی ہاں۔پنجاب میں نومبر کے مہینے میں زیادہ سردی ہوتی ہے۔لیکن دن بھر دھوپ ہوتی ہے۔تو آپ بتائیے۔ہم آج کیا کریں؟ کیا باہر جائیں؟

جان : اگر آپ کو فرصت ہو تو ہم لاہور کی سیر کر سکیں گے۔کیا آپ ہمیں سب سے اہم سڑکیں اور عمارتیں دکھا سکیں گے؟

قاسم : جی ہاں۔بڑی خوشی سے۔اگر آپ مجھے یہ بتائیں کہ آپ خاص طور پر کیا دیکھنا چاہتے ہیں، تو میں آپ کو دکھاؤں گا۔

جان : میرے خیال سے ہم بادشاہی مسجد سے شروع کریں۔کہتے ہیں کہ بادشاہی مسجد دنیا کی سب سے بڑی مسجد ہے نا؟

قاسم : مجھے یقین نہیں ہے، لیکن سب سے بڑی مسجدوں میں سے ایک ہوگی۔کم سے کم دہلی کی جامع مسجد سے بڑی ہے۔ٹھیک ہے، جلدی چائے پئیں اور چلیں۔

QUICK VOCAB

اندر	*andar*	inside, in	اگر۔۔ہو	*agar . . ho*	if it is
آسکتا ہوں	*ā saktā hūṅ*	can I come?	کی سیر کرنا	*kī sair karnā*	to go around, visit
سکنا	*saknā*	to be able	سڑک	*saṛak*	street (f.)
چائے منگواؤں	*cāe maṅgvāūṅ*	shall I order tea?	دکھا سکیں	*dikhā sakeṅ*	can you show?
بلکہ	*balki*	but, even	بڑی خوشی سے	*baṛī xušī se*	with great pleasure
بیٹھنے کا کمرہ	*baiṭhne kā kamra*	sitting room (m.)	اگر آپ بتائیں	*agar āp bataēṅ*	if you tell
سونا	*sonā*	to sleep	چاہنا	*cāhnā*	to want,
سونے کا کمرہ	*sone kā kamra*	bedroom (m.)			

پیچھے	*pīche*	behind			love
غسل خانہ	*ğusal-xāna*	bathroom (m.)	دیکھنا چاہتے ہیں	*dekhnā cāhte haiṅ*	you want to see
دن بھر	*din bhar*	all day long	بادشاہی مسجد	*bādšāhī masjid*	The Badshahi Mosque (in Lahore)
سامنے	*sāmne*	in front			
باغیچہ	*bāğīca*	garden (m.)			
کے مقابلے میں	*ke muqābile meṅ*	compared to	مسجد	*masjid*	mosque (f.)
			شروع کرنا	*šūrū' karnā*	to begin
دھوپ	*dhūp*	sunshine (f.)	شروع کریں	*šūrū' kareṅ*	let's begin
کیا کریں؟	*kyā kareṅ*	what to do?	جامع مسجد	*jāmi' masjid*	The Jami' Mosque (in Delhi) (f.)
باہر جائیں؟	*bāhar jāeṅ*	shall we go out?			

قواعد *qavā'id* Grammar

سکنا *saknā* 'to be able'

The verb سکنا *saknā* 'to be able' is always used with the stem of another verb and can never stand by itself:

میں کر سکتا ہوں	*maiṅ kar saktā hūṅ*	I can/am able to do
ہم آ سکتے ہیں	*ham ā sakte haiṅ*	We can come
ہم جا سکیں گے	*ham jā sakeṅge*	We shall be able to go

کیا آپ میرے لئے ایک کام کر سکتے ہیں؟ جی ہاں، میں کر سکتا ہوں

kyā āp mere lie ek kām kar sakte haiṅ? jī hāṅ, maiṅ kar saktā hūṅ.
Can you do a job for me? Yes, I can

Subjunctive mood

As well as having tenses (present, past, future), a verb is also said to have 'moods'. For example, the imperative (the form of the verb which makes

commands) – go!, be!, do! – is known as a mood. Possibility, probability and doubt – 'I may do, I might do, if I were to do', etc. – are expressed by what is called the subjunctive mood.

The Urdu subjunctive is formed by adding the following endings to the stem:

میں	ـوں	*-ūṅ*
تو، یہ، وہ	ـے	*-e*
تم	ـو	*-o*
ہم، آپ، یہ، وہ	ـیں	*-eṅ*

It is, in fact, the same as the future tense without the suffixes.: گے، گی، گا. The subjunctive indicates person and number but makes no distinction for gender:

میں کروں	*maiṅ karūṅ*	I (m./f.) may do
وہ کرے	*vuh kare*	he, she, it may do
تم کرو	*tum karo*	you (m./f.) may do
وہ کریں	*vuh kareṅ*	they (m./f.) may do

The subjunctive of کرنا is as follows:

میں کروں	*maiṅ karūṅ*	I may do
تو کرے	*tū kare*	you may do
یہ، وہ کرے	*yih, vuh kare*	he, she, it may do
ہم کریں	*ham kareṅ*	we may do
تم کرو	*tum karo*	you may do
آپ کریں	*āp kareṅ*	you may do
یہ، وہ کریں	*yih, vuh kareṅ*	they may do

The subjunctive of ہونا is slightly irregular:

میں ہوں	*main hūṅ*	I may be
تو ہو	*tū ho*	you may be
یہ، وہ ہو	*yih, vuh ho*	he, she, it may be
ہم ہوں	*ham hoṅ*	we may be
تم ہو	*tum ho*	you may be
آپ ہو	*āp hoṅ*	you may be
یہ، وہ ہوں	*yih, vuh hoṅ*	they may be

Use of the subjunctive

The subjunctive has various uses. Here are some of the most important.

Let us do! Shall/may we do?

چلیں، ہم چائے پئیں	*caleṅ, ham cāe pīeṅ*	Come on, let's have tea ('let us go, let us drink tea')
کیا میں اندر آ سکوں؟	*kyā maiṅ andar ā sakūṅ?*	May I come in(side)?
کیا میں آپ کی کتاب پڑھوں؟	*kyā maiṅ āp kī kitāb paṛhūṅ?*	May I read your book?
آج شام کو ایک فلم دیکھیں؟	*āj šām ko ek film dekheṅ?*	Shall we see a film this evening?

In 'if' ('conditional') sentences

In the sentence 'if you come with me, I shall show you the city', the condition 'if' is said to be 'open', because it is not certain whether you will come or not. In Urdu, the verb 'come' is put into the subjunctive. The second part of the sentence is introduced by تو *to* 'then':

اگر آپ میرے ساتھ آئیں تو میں آپ کو شہر دکھاؤں گا

agar āp mere sāth āeṅ, to maiṅ āp ko šahr dikhāūṅgā
If you come with me (then) I shall show you the city

اگر آپ کو فرصت ہو تو ہم لاہور کی سیر کریں گے

agar āp ko fursat ho, to ham lāhaur kī sair kareṅge
If you (should) have the time, (then) we'll walk around Lahore

سیر *sair* means 'a stroll, a walk, going around, visit' (f.). The phrase verb کی سیر کرنا *kī sair karnā* can be translated as 'to stroll around, to visit':

ہم آج کل پاکستان کی سیر کر رہے ہیں	*ham āj kal pākistān kī sair kar rahe haiṅ*	These days we're visiting/touring Pakistan

کل صبح ہم بادشاہی مسجد کی سیر کریں گے

kal subh ham bādšāhī masjid kī sair kareṅge
Tomorrow morning we'll visit/take a trip to the Badshahi Mosque

Negative of the subjunctive

The subjunctive always forms its negative with نہ *na*:

اگر سردی نہ ہو تو ہم سمندر کے پاس جائیں گے | *agar sardī na ho, to ham samandar ke pās jāeṅge* | If it's not cold, then we'll go to the seaside

بلکہ **balki 'but'; نہ صرف بلکہ na sirf . . . balki 'not only but also'**

بلکہ *balki* means 'but' in the sense of 'even', 'not only but also':

ہمارے ہوٹل میں ایک کمرہ نہیں بلکہ تین کمرے ہیں

hamāre hotal meṅ ek kamra nahīṅ balki tīn kamre haiṅ

In our hotel, there is not just one (but) there are three rooms

بھر **bhar 'all through, all over'**

بھر *bhar*, following the word to which it refers, means 'all through, all over':

رات بھر	all through the night	دن بھر	all day long
دنیا بھر	all over the world	شہر بھر	all over the city

کے مقابلے میں **ke muqābile meṅ 'in comparison with'**

کے مقابلے میں like سے 'than' can also be used to make comparisons:

کراچی کے مقابلے میں دہلی میں زیادہ گرمی ہوتی ہے

karācī ke muqābile meṅ dihlī meṅ ziyāda garmī hotī hai

In comparison with Karachi it is (usually) hotter in Delhi

سورج **sūraj 'the sun' (m.)** دھوپ **dhūp 'sunshine' (f.)**

سورج is the sun itself; دھوپ is 'sunshine':

سورج پانچ بجے نکلتا ہے اور چھ بجے ڈوبتا ہے | *sūraj pāṅc baje nikaltā hai aur che baje ḍūbtā hai* | The sun rises at five and sets at six

نومبر میں دن بھر دھوپ ہوتی ہے | *navambar meṅ din bhar dhūp hotī hai* | In November it's sunny (there's sunshine) all day long

'To sunbathe' is دھوپ کھانا 'to eat (!) sun':

پاکستان میں عام طور پر لوگ ساحل سمندر پر دھوپ نہیں کھاتے

pākistān meṅ 'ām taur par log sāhil-e samandar par dhūp nahīṅ khāte

In Pakistan, people do not usually sunbathe on the beach

چاہنا *cāhnā* 'to want, wish, love'

The verb چاہنا, to which چاہیے is related, means 'to want': آپ کیا چاہتے ہیں؟ 'what do you want' (the equivalent of آپ کو کیا چاہیے؟).

It may be used with the infinitive meaning 'to want/wish to do':

میں لاہور جانا چاہتا ہوں	I want to go to Lahore
میری بیٹی سونا چاہتی ہے	My daughter wishes to sleep

شروع کرنا، شروع ہونا *šurū' karnā, šurū' honā* 'to begin'

شروع *šurū'* is a noun meaning 'beginning' (m.). The phrase verb شروع کرنا *šurū' karnā* means 'to begin (something)'; with the infinitive it means 'to begin to do, start doing':

ہم اب کام شروع کریں گے	*ham ab kām šurū' kareṅge*	We'll begin work now
بادشاہی مسجد سے شروع کریں	*bādšāhī masjid se šurū' kareṅ*	Let's start with the Badshahi Mosque

شروع ہونا *šurū' honā* means 'to begin/start' (as in 'my work begins at nine'):

میرا کام نو بجے شروع ہوتا ہے	*merā kām nau baje šurū' hotā hai*	My work begins (usually) at nine o'clock
جلدی کرو۔ فلم ابھی شروع ہو رہی ہے	*jaldī karo! film abhī šurū' ho rahī hai*	Hurry up! The film's starting

---

مکالمہ دو *mukālima do* Dialogue 2

CD 2, TR 3, 02:15

Qasim shows John and Helen around the old city of Lahore.

جان : اچھا تو یہ بادشاہی مسجد ہے۔ واقعی بہت وسیع مسجد ہے۔ قاسم صاحب بتائیے۔ یہ کس کی مسجد ہے؟

قاسم : یہ اورنگ زیب کی مسجد ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ اورنگ زیب شاہ جہاں کے صاحب زادے تھے۔ اور شاہ جہاں کی سب سے مشہور عمارت تاج محل ہے۔

تاج محل آگرے میں ہے۔ وہ دونوں مغل بادشاہ تھے اور مغلوں کے زمانے میں تین شہر، یعنی لاہور، دہلی اور آگرہ، سب سے اہم پائے تخت تھے۔

جان : کیا ہم اندر جا سکتے ہیں؟

قاسم : ضرور۔ کوئی مشکل نہیں۔ اگر آپ کی بیگم سر پر چادر یا اسکارف پہنیں تو اچھا ہوگا۔

جان : اس کا مطلب یہ ہے کہ خواتین مسجد میں داخل ہو سکتی ہیں؟

قاسم : کیوں نہیں؟ اسلام کے اعتبار سے سب انسان برابر ہیں۔ دیکھیے دروازہ وہاں ہے۔ چلیں۔ اندر جائیں؟

ہیلن : کتنی شاندار مسجد ہے! وہاں آٹھ اونچے مینار ہیں اور تین سفید گمبد۔ دیواروں کا رنگ لال ہے۔ اور کتنا صاف ستھرا ہے! لیکن یہاں بہت کم لوگ ہیں۔

قاسم : جی ہاں، لیکن نماز کے وقت بہت بڑی بھیڑ ہوگی۔ یہاں ایک لاکھ آدمی نماز پڑھ سکتے ہیں۔

ہیلن : کیا میں ایک تصویر کھینچ سکتی ہوں؟

قاسم : ضرور۔ لیکن یہاں سے مت کھینچیے۔ سورج آپ کے سامنے ہے۔ اگر آپ اُس طرف جائیں تو اچھی تصویر نکلے گی۔

QUICK VOCAB

وسیع	*vasī'*	vast	اعتبار	*i'tibār*	point of view (m.)
اورنگ زیب	*aurangzeb*	Emperor Aurangzeb	انسان	*insān*	human being (m.)
آپ کو یاد ہوگا	*āp ko yād hogā*	you probably recall	برابر	*barābar*	equal
شاہجہاں	*šāhjahān*	Emperor Shahjahan	دروازہ	*darvāza*	door (m.)
صاحبزادے	*sāhibzāda*	son (m.)	اونچا	*ūṅcā*	high
تاج محل	*tāj mahal*	Taj Mahal (m.)	مینار	*mīnār*	minaret (m.)
آگرا	*āgrā*	Agra (m.)	سفید	*safed*	white
			گمبد	*gumbad*	dome (m.)

مغل	*muġal*	Mughal (dynasty) (m.)
پائے تخت	*pāe taxt*	(imperial) capital (m.)
سر	*sar*	head (m.)
چادر	*cādar*	shawl (m.)
اسکارف	*iskārf*	scarf (m.)
پہننا	*pahinnā*	to put on (clothes)
خواتین	*xavātīn*	ladies (f.p.)
میں داخل ہونا	*meṅ dāxil honā*	to enter
اسلام	*islām*	Islam (m.)
کے اعتبار سے	*ke i'tibār se*	from the point of view of

رنگ	*rang*	colour (m.)
دیوار	*dīvār*	wall (f.)
صاف	*sāf*	clean
صاف ستھرا	*sāf-suthrā*	spotlessly clean
کے وقت	*ke vaqt*	at the time of
تصویر	*tasvīr*	picture, photo (f.)
تصویر کھینچنا	*tasvīr khaiṅcnā*	to take a photo
سورج	*sūraj*	sun (m.)
کے سامنے	*ke sāmne*	in front of
اُس طرف	*us taraf*	over there
تصویر نکلے گی	*tasvīr niklegī*	the photo will come out

قواعد qavā'id Grammar

ہجے hijje Spelling

Note the spelling of پائے تخت *pāe taxt* 'capital', which is composed of two Persian words: پائے *pāe* 'foot' and تخت *taxt* 'throne'. پائے تخت is a much grander word than دار الحکومت as it has royal (rather than mere government) connotations.

صاحبزادہ sāhibzāda 'son'; صاحبزادی sāhibzādī 'daughter'

The Persian suffix زادہ *zāda* (f. زادی *zādī*) means 'born of '.صاحبزادہ literally means 'born of a *sāhib*', hence 'son'; its feminine counterpart is صاحبزادی 'daughter'. These words are frequently used in polite conversation:

کیا آپ کے صاحبزادے بھی تشریف لائیں گے؟	*kyā āp ke sāhibzāde bhī taśrīf lāeṅge?*	Will your son (plural of respect) be coming as well?

خواتین xavātīn 'ladies'; broken 'Arabic' plurals

We have already met the word خاتون *xātūn*, a polite word for 'lady'. The plural is خواتین *xavātīn*, which is its normal Arabic plural form.

Arabic forms plurals by altering the internal structure of the word. These are known as 'broken plurals', many of which have been taken into Urdu from Arabic.

The main letters of the word *xātūn* are خ *x*, ت *t*, ن *n*. The plural is formed by keeping the main letters in their original order, but by changing the vowels: XāTūN; XavāTīN. Another common example is مضمون *mazmūn* 'subject'; مضامین *mazāmīn* 'subjects' (main letters MZMN). Broken plurals are best learnt separately as they are encountered. Broken plurals do not take case endings:

خواتین کو بتائیے	*xavātīn ko batāīe*	'tell the ladies'

میں داخل ہونا meṅ dāxil honā 'to enter'

داخل *dāxil* means 'entering'. The phrase verb میں داخل ہونا *meṅ dāxil honā* means 'to enter (into)' ('to be entering'):

خواتین مسجد میں داخل ہو سکتی ہیں	*xavātīn masjid meṅ dāxil ho saktī haiṅ*	Ladies may enter a mosque

---

مکالمہ تین mukālima tīn Dialogue 3

CD 2, TR 3, 04:14

Qasim takes the Smiths to Anarkali Bazaar and starts feeling hungry.

هیلن : بادشاہی مسجد واقعی بہت خوبصورت تھی اور اس علاقے کی سڑکیں کتنی دلچسپ ہیں! معلوم ہوتا ہے کہ ہم الف لیلا کی کہانیاں دیکھ رہے ہیں۔ اگر میں آنکھیں بند کروں تو پرانا بغداد نظر آتا ہے۔

قاسم : کیا آپ کو لاہور کراچی سے زیادہ پسند ہے؟

هیلن : یہ میں نہیں کہوں گی۔ اتنا میں کہہ سکتی ہوں کہ بالکل مختلف ہے۔

قاسم : اچھاتو آگے چلیں اور دوپہر کے کھانے سے پہلے میں آپ کو پرانا شہر دکھاؤں گا۔ ایک بہت مشہور بازار ہے۔اس کا نام انارکلی ہے۔انارکلی مغلوں کے زمانے میں ایک بچاری لڑکی تھی۔وہ بہت مشہور گانے والی اور ناچنے والی تھی لیکن اس کی زندگی اداس تھی۔اس کی قبر پرانے قلعے میں ہے۔اگر آپ انارکلی تک پیدل جانا چاہیں تو ہم پرانے شہر کو پار کریں گے۔آپ کو سب کچھ نظر آئے گا۔

ہیلن : جی ہاں۔پیدل چلیں۔موسم بہت پیارا ہے اور مجھے نہ بھوک ہے نہ پیاس۔مجھے صرف اس قدیم اور خوبصورت شہر سے محبت ہے۔

قاسم : ٹھیک ہے۔پیدل چلیں،لیکن ایک گھنٹے کے بعد بھوک ضرور ہوگی۔انارکلی میں ایک بہت اچھا رستراں جانتا ہوں۔معاف کیجیے۔مجھے بھی پرانی عمارتوں سے شوق ہے لیکن اس دنیا میں روٹی بھی اہم چیز ہے۔

QUICK VOCAB

انارکلی	*anārkalī*	Anarkali Bazaar (f.)
معلوم ہوتا ہے	*ma'lūm hotā hai*	it seems
الف لیلا	*alf lailā*	the Arabian Nights (m.)
کہانی	*kahānī*	story (f.)
آنکھ	*āṅkh*	eye (f.)
بند کرنا	*band karnā*	to close, shut
بغداد	*baġdād*	Baghdad (m.)
کہنا	*kahnā*	to say
مختلف	*muxtalif*	different
آگے	*āge*	forward, on (wards)
آگے چلیں	*āge caleṅ*	let's go on
گانا	*gānā*	to sing
گانے والا/والی	*gānevālā, -vālī*	singer (m./f.)
ناچنا	*nācnā*	to dance
ناچنے والا/والی	*nācnevālā -vālī*	dancer (m./f.)
اداس	*udās*	sad
قبر	*qabr*	grave, tomb (f.)
قلعہ	*qil'a*	fort (m.)
پیدل	*paidal*	on foot
کو پار کرنا	*ko pār karnā*	to cross
بھوک	*bhūk*	hunger (f.)
پیاس	*piyās*	thirst (f.)
مجھے بھوک/پیاس ہے	*mujhe bhūk/piyās hai*	I feel hungry/thirsty

بیچارا	*bicārā*	poor, miserable	قدیم	*qadīm*	ancient
سے محبت ہونا	*se muhabbat honā*	to be in love with	محبت	*muhabbat*	love (f.)
			شوق	*šauq*	fondness, interest (m.)

قواعد *qavā'id* Grammar

مجھے معلوم ہوتا ہے *(mujhe) mā'lūm hota hai* 'it seems (to me)'

مجھے معلوم ہوتا ہے *mujhe ma'lūm hotā hai* 'it seems to me' must not be confused with مجھے معلوم *mujhe ma'lūm hai* 'I know':

مجھے معلوم ہوتا ہے کہ کل موسم اچھا ہوگا	*mujhe ma'lūm hotā hai ki kal mausam acchā hogā*	It seems to me that the weather will be fine tomorrow

The phrase can be translated into English as 'I think that':

مجھے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہمارے ہاں نہیں آئیں گے	I think that he will not come to our place

الف لیلا *alf lailā* The Arabian Nights

The Arabic word الف *alf* means 'one thousand'; لیلا *lailā* means 'night(s)'. The full Arabic title of the famous work, composed in Baghdad in the 14th and 15th centuries, is الف لیلا و لیلا *alf lailā va lailā* 'One Thousand Nights and (one) Night'.

More uses of the suffix والا *-vālā*

common. In both countries, there is no shortage of well-trained doctors who can be called out on a fee-paying basis. Hotels can usually make such arrangements. Surgeries and hospitals are run very much as in Britain and any pharmacy (دواخانہ *davā xanā* m.) will usually be able to provide you with what you need. Traditional homoeopathic medicine can be very effective for common upsets. The Muslim system is known as یونانی *yūnānī* 'Greek', transmitted by the Arabs from Ancient Greek sources. The Hindu آیورویدک *āyūrvedīk* system depends on Sanskrit medical texts.

The word for 'injection' is ٹیکا *ṭīkā* (m.) 'To have an injection done' ٹیکا لگوانا *ṭīkā lagvānā*:

مجھے ہیضے، پیلیے/ٹی بی/منجائٹس کا ٹیکا لگوانا ہے

mujhe haize/pīlīe/ṭī bī/meninjāiṭis kā ṭīkā lagvāna hai

I have to have an injection for cholera/hepatitis/TB/meningitis

The most common way of saying 'I don't feel well' is میری طبیعت ٹھیک/اچھی نہیں ہے *merī tabī'at ṭhīk/acchī nahīn hai* 'my state (of health) is not good'.

In India and Pakistan, you should always insist on having boiled water اُبلا ہوا پانی *ublā hūā pānī* (ابلنا *ubalnā* 'to come to the boil)' if bottled water is not available.

مشقیں *mašqeṅ* Exercises

CD 2, TR 7, 05:03

14.2 Answer the questions

Mr Khan is not feeling well and calls a doctor. Listen to the dialogue and answer the questions:

1. What are Mr Khan's two main symptoms?
2. What two further questions does the doctor ask?
3. How high is Mr Khan's temperature?
4. What seems to be the main cause of the indisposition?
5. What does the doctor prescribe?
6. What should Mr Khan do if things do not improve?

14.3 Write using both words and figures

1 I was born in 1960.
2 It is quarter past ten.
3 The plane leaves at about half past twelve.
4 We ought to arrive there at quarter to five.
5 What's the time? It's sixteen minutes to five.
6 It is now eighteen minutes past eleven.

14.4 Compound verbs

Replace the verbs underlined in the following sentences with their corresponding compound:

1 میں کل شام کو آپ کے پاس آیا۔ (آ جانا)
2 ہوائی جہاز ڈھائی بجے پہنچا تھا۔ (پہنچ جانا)
3 رحیم صاحب اپنے گھر سے نو بجے نکلے۔ (نکل جانا)
4 میری بیگم کھانا پکا کے سوئیں۔ (سو جانا)
5 کیا ریل گاڑی پہنچی ہے؟ (پہنچ جانا)

14.5 Compounds with *lenā* and *denā*

Replace the verbs underlined in the following sentences with their corresponding لینا or دینا compound, as indicated:

1 سردار جی۔ میں آپ کو کتنے پیسے دوں؟ (دے دینا)
2 انہوں نے سب کھانا کھایا۔ (کھا لینا)
3 میں آپ کو اپنی کتابیں بھیجوں گا۔ (بھیج دینا)
4 آپ نے میری کتاب پڑھی تھی؟ (پڑھ لینا)
5 انہوں نے دہلی میں اردو سیکھی تھی۔ (سیکھ لینا)

Test yourself

How would you say the following in Urdu? In sentences such as 'I am tired' etc., give both masculine and feminine genders, if appropriate.

- **a** I am very tired today. Let's not go to the bazaar. I don't like shopping (to do shopping). I really want to stay at home.
- **b** Look, it's already six o'clock. Let's go to town as have dinner in a nice restaurant.
- **c** I'm not feeling very well. I think we should call a doctor. Do you have a telephone number?
- **d** Where were you born? I was born in Delhi, but after Partition I came in Karachi. I've been living here for fifty years.
- **e** All kinds of people live in Delhi–Sikhs, Muslims and Hindus. Sikhs usually speak Panjabi, but everyone understands Urdu.
- **f** Excuse me, where is the station? Is it easy the get a ticket? ('can a ticket be got with ease?') No, it's quite difficult. You should have got a reservation.
- **g** Yesterday I telephoned Mr Rahim. He says he will come at ten o'clock. I want to go to Calcutta next week. I am sure that he will be able to make arrangements.
- **h** What's the time? It's half past twelve. Really? I'm late. ('to me lateness has come about') My train leaves at one thirty. Can I order a taxi?
- **i** I didn't sleep last night. My friends arrived at eleven o'clock and we were talking until five in the morning. I haven't even has a cup of tea this morning. What can I do?
- **j** Hello, Mr Khan. I have heard that you are a very famous doctor in Delhi. My wife is also a doctor and she wishes to talk to you. Do you have time today?

15

آپ کو دہلی آئے ہوئے کتنے دن ہو گئے ہیں؟

How long have you been in Delhi?

In this unit you will learn how to:

- Say 'while doing' and 'as soon as I do'
- Say how long you have been somewhere
- Announce yourself to total strangers
- Start to use the postal system

مکالمہ ایک *mukālima ek* Dialogue 1

CD 2, TR 8, 00:10

John finds Aslam's friend, Sharif Ahmad, and introduces himself.

جان : آداب عرض ہے۔ آپ شریف احمد صاحب ہیں؟

شریف احمد : جی ہاں اور آپ کا اسم شریف

جان : میرا نام جان اسمتھ ہے۔ آپ مجھے نہیں جانتے۔ مجھے امید ہے کہ بے وقت نہیں ہوں۔ بات یہ ہے کہ دو تین ہفتے پہلے میں کراچی میں تھا اور وہاں محمد اسلم خان سے میری ملاقات ہوئی تھی۔ انہوں نے مجھے آپ کا پتہ دے دیا اور مجھ سے کہا کہ مجھے دہلی میں ہوتے ہوئے آپ سے ملنا چاہئے۔ مجھے آپ کو ٹیلیفون کرنا چاہئے تھا لیکن میرے پاس آپ کا نمبر نہیں تھا۔

شریف احمد : اچھا، آپ اسلم صاحب کو جانتے ہیں؟ میں ان کی بیگم کے خاندان سے خوب واقف ہوں۔ آیئے، تشریف لایئے اور مجھے سب کچھ تفصیل سے سنایئے۔ اور آپ کہاں کے رہنے والے ہیں؟ دہلی آئے ہوئے کتنے دن ہو گئے ہیں؟ یہاں آپ کی کیا مصروفیات ہیں؟

جان : آپ شاید اندازہ لگا سکتے ہیں کہ میں انگریز ہوں۔ انگلستان میں میرے بہت ہندوستانی اور پاکستانی دوست ہیں۔ ان کے ساتھ رہتے رہتے میں نے تھوڑی بہت اردو سیکھ لی۔

شریف احمد : آپ کی اردو بہت اچھی ہے۔ ماشاءاللہ۔ اور اسلم صاحب سے کب ملاقات ہوئی تھی؟

جان : کراچی پہنچتے ہی میں ان سے ملا۔ شہر میں چلتے چلتے میں نے ان کو روک لیا اور ان سے دریافت کیا کہ وکٹوریہ روڈ کہاں ہے، انہوں نے فوراً گھر پر آنے کی دعوت دی۔ بہت شریف آدمی ہیں۔

شریف احمد : میں بھی شریف ہوں۔ یعنی شریف میرا نام ہے۔ آیئے میں آپ کو چائے پلاؤں گا۔ میری ایک چھوٹی سی گزارش ہے۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان تعلقات عموماً اچھے نہیں ہوتے۔ میں آپ کو اپنی نئی کتاب دوں گا۔ اگر آپ انگلستان پہنچتے ہی اسلم صاحب کو ہوائی ڈاک سے بھیج سکیں، تو میں آپ کا بے حد ممنون ہوں گا۔ مجھے پتہ نہیں کہ کتنا خرچ ہوگا، لیکن میں آپ کو دو سو روپے دوں گا۔

جان : جی نہیں شریف صاحب۔ مجھے کتاب دے دیجیے اور لندن میں اترتے ہی میں اس کو فوراً ڈاک میں ڈالوں گا۔

آئے ہوئے کتنے دن ہو گئے	*āe hūe kitne din ho gae*	how long have you been here?	اندازہ لگانا	*andāza lagānā*	to guess
			رہتے رہتے	*rahte rahte*	while staying
اسم شریف	*ism šarīf*	name (formal) (m.)	تھوڑا بہت	*thoṛā bahut*	a little

QUICK VOCAB

QUICK VOCAB

مجھے امید ہے	*mujhe ummīd hai*	I hope
امید	*ummīd*	hope (f.)
بات یہ ہے	*bāt yih hai*	the matter is that
مجھے ... ہوتے ہوئے	*mujhe . . . hote hūe*	while I was
سے واقف	*se vāqif*	acquainted with
تفصیل	*tafsīl*	detail (f.)
سنانا	*sunānā*	to tell, relate
مصروفیات	*masrūfiāt*	activities (f.p.)
اندازہ	*andāza*	guess, estimate (m.)
کے درمیان	*ke darmiyān*	between
تعلقات	*ta'luqāt*	relations, connections (m.p.)
عموماً	*'umūman*	generally
پہنچتے ہی	*pahuṅcte hī*	as soon as you arrive
ڈاک	*ḍāk*	post, mail (f.)
ہوائی ڈاک	*havāī ḍāk*	air mail (f.)
ممنون	*mamnūn*	indebted, grateful
آپ کا ممنون	*āp kā*	I shall be

ماشاءاللہ	*māšallāh*	praise be to God
پہنچتے ہی	*pahuṅcte hī*	as soon as I arrived
چلتے چلتے	*calte calte*	while walking
روکنا، روک لینا	*roknā, rok lenā*	to stop (someone)
سے دریافت کرنا	*se daryāft karnā*	to enquire from
دعوت	*da'vat*	invitation (f.)
شریف	*šarīf*	honourable, kind
پلانا	*pilānā*	to give to drink
گزارش	*guzāriš*	request (f.)
ممنون ہوں گا	*mamnūn hūṅgā*	grateful to you
بے حد	*be had*	extremely
مجھے پتہ نہیں	*mujhe pata nahīṅ*	I don't know
خرچ	*xarc*	expense (m.)
اترنا	*utarnā*	to come down, land
اترتے ہی	*utarte hī*	as soon as I land
ڈالنا	*ḍālnā*	to put in
ڈاک میں ڈالنا	*ḍāk meṅ ḍālnā*	to post

قواعد *qavā'id* Grammar

ہجے *hijje* Spelling

ماشاءاللہ *māšallāh* 'Praise be to Allah!' is composed of three Arabic words: ما *mā* 'which, as'; شاء *šā-a* 'wished'; اللہ *allāh*: i.e. 'as Allah wished'. Note the way in which the final *-a* of شاء and the initial *-a* of اللہ are elided. The phrase is often used to express praise, and may be rendered in English as 'Praise be to God!'

عموماً *'umūman* 'usually' is another example of an Arabic adverb ending in ا *tanvīn*. Compare the examples given in Unit 11.

اسم شریف *ism šarīf* 'your good name'

This formal phrase, used when politely enquiring someone's name something like the rather old-fashioned English: 'What is your good name, sir?'), is composed of two Arabic words: اسم *ism* 'name' and شریف *šarīf* 'noble, honourable'. شریف is also a common Muslim name (e.g. the Egyptian film star Omar Shareef عمر شریف *umar šarīf*). A شریف آدمی *šarīf ādmī* is someone who observes high moral standards, and it can be rendered in English as 'a decent fellow'. In the dialogue, Sharif Ahmad makes a weak pun on his name.

امید *ummīd* 'hope'

The phrase verb مجھے امید ہے کہ *mujhe ummīd hai (ki)* 'to me there is hope (that)' means 'I hope that . . .':

ہمیں امید ہے کہ کل بارش نہیں ہوگی We hope that it will not rain tomorrow

Some uses of the present and past participles

We have seen that the present participle ('doing, going') is formed by adding the suffixes: تا، تی، تے to the stem of the verb: کرتے، کرتی، کرتا etc. The past participle ('gone, done') is formed by adding the suffixes: ا، ی، ے، یں to the consonant stems and یا، ئی، ئے، ئیں to the vowel stems: پڑھے، پڑھی، پڑھا، آئے، آئی، آیا، etc.

The Urdu participles are, in fact, adjectives and to some extent function like any other adjectives, as they do in English, e.g. 'a loving mother; a burning house; a desired child; a dead man'. It should be noted that, in both Urdu and English, not every participle can be used in this way. For example, we cannot say 'an arrived bus' or 'a doing person'.

We may illustrate the adjectival use of the participles in Urdu by using the two verbs جلنا *jalnā* 'to burn/to be burnt' and مرنا *marnā* 'to die'.

The participles form their feminine, masculine plural and oblique like اچھا *acchā*:

Present participle						
	جلتا	jaltā	burning	مرتا	martā	dying
Masculine singular direct	جلتا	jaltā		مرتا	martā	
Masculine singular oblique	جلتے	jalte		مرتے	marte	
Masculine plural	جلتے	jalte		مرتے	marte	
Feminine	جلتی	jaltī		مرتی	martī	

Past participle						
	جلا	jalā	burnt	مرا	marā	dead
Masculine singular direct	جلا	jalā		مرا	marā	
Masculine singular oblique	جلے	jale		مرے	mare	
Masculine plural	جلے	jale		مرے	mare	
Feminine	جلی	jalī		مری	marī	

These participles may be used simply as adjectives:

جلتا مکان	a burning house	جلتے مکان میں	in a burning house
مرتے لوگ	dying people	مرتی عورت	a dying woman
جلا مکان	a burnt house	جلے مکان میں	in a burnt house
مری عورت	a dead woman		

These phrases may be compared to: اچھا مکان، اچھے مکان میں، اچھی عورت، اچھے لوگ.

The past participle of ہونا: ہوا، ہوئے، ہوئی *hūā, hūī, hūā*, is often placed directly after the present and past participles of the main verb:

جلتا ہوا	*jaltā hūā*	burning	جلا ہوا	*jalā hūā*	burnt
مرتا ہوا	*martā hūā*	dying	مرا ہوا	*marā hūā*	dead

Both elements change for gender, number and case:

جلتی ہوئی روٹی	burning bread	مرتے ہوئے لوگ	dying people
جلتے ہوئے مکان میں	in a burnt house	مری ہوئی عورت	a dead woman

This is by far the most common form of the participles, especially when used as adjectives.

When the participle is used as an adjective, it can often be translated into English by a clause beginning with 'who' or 'which':

یہ آپ کی لکھی ہوئی کتاب ہے؟	*yih āp kī likhī hūī kitāb hai?*	Is this the book that you wrote ('your written book')?

The masculine oblique participle in adverbial phrases

In English, typical adverbial phrases are: 'while going', 'since coming', 'as soon as arriving'. In Urdu, such phrases are expressed by the masculine oblique participle:

دہلی میں ہوتے ہوئے میں ان سے ملا	*dihlī meṅ hote hūe maiṅ un se milā*	While (being) in Delhi, I met him
دوستوں کے ساتھ رہتے ہوئے میں نے اردو سیکھ لی	*dostoṅ ke sāth rahte hūe maiṅ ne urdū sīkh lī*	While staying with friends, I learnt Urdu

آپ کو کراچی آئے ہوئے کتنے دن ہو گئے؟

āp ko karācī āe hūe kitne din ho gae haiṅ?
How long have you been in Karachi ('to you having come to Karachi how many days have come about')?

When it is implied that the action took place gradually, the oblique present participle, without the addition of ہوئے, is repeated:

ان کے ساتھ رہتے رہتے میں نے اردو سیکھ لی	*un ke sāth rahte rahte maiṅ ne urdū sīkh lī*	While staying with them I gradually learnt Urdu
راستے پر چلتے چلتے میں گر گیا	*rāste par calte calte maiṅ gir gayā*	While walking (gradually) along the road, I fell down

گرنا *girnā/gir jānā* means 'to fall down'.

Followed by ہی the masculine oblique present participle has the sense of 'as soon as':

لندن پہنچتے ہی میں آپ کو فون کروں گا	*landan pahuṅcte hī maiṅ āp ko fon karūṅga*	As soon as I arrive in London, I'll phone you ('as soon as arriving')

ہیتھرو اترتے ہی میری چٹھی بھیج دیجیے	*hīthro utarte hī merī ciṭṭhi bhej dījie*	Send my letter as soon as you land at Heathrow ('as soon as landing')

The past participle of چلنا: چلا، چلی، چلے *calā, calī, cale* followed by جانا means 'to go away':

میں ابھی چلا جاتا ہوں	*maiṅ abhī calā jātā hūṅ*	I'm going away now
لڑکی چلی گئی ہے	*laṛkī calī gaī hai*	The girl's gone away
ہم یہاں سے چلے جائیں گے	*ham yahāṅ se cale jāeṅge*	We'll go away from here
چلے جاؤ	*cale jāo*	Go away

How long?

When you ask how long a person has been/will be somewhere in Urdu, you have to specify what you mean by 'long' – 'a little while', 'so many days/ months/years':

آپ کتنی دیر کے لئے یہاں رہیں گے؟	*āp kitnī der ke lie yahāṅ raheṅge?*	For how long will you stay here?

Here دیر means 'short space of time'. Its use in the last question implies that the person is not expected to stay very long:

آپ کو یہاں آئے ہوئے کتنے دن ہو گئے؟	*āp ko yahāṅ āe hūe kitne din ho gae?*	How long ('for how many days') have you been here?

کتنے دن could be substituted by کتنے مہینے 'how many months?' کتنے سال 'how many years?', etc.

تھوڑا بہت thoṛā bahut 'a little'

The rather curious combination تھوڑا بہت 'little much' means 'a little (bit of)'

آپ کو اردو آتی ہے! جی ہاں، تھوڑی بہت اردو آتی ہے — Do you know Urdu? Yes I know a little Urdu

Pairs of verbs

In past units, we have had a number of examples of pairs of related verbs. The second of the pair is often distinguished from the first by having ا *-ā* added to the stem. The addition of ا usually has the literal sense of 'to cause

to', 'to make', although in English we often employ a completely different verb to convey this 'causal' meaning. Examples are:

پہنچنا	to arrive	پہنچانا	'to cause to arrive' = to take to
پڑھنا	to read	پڑھانا	'to cause to read' = to teach
لگنا	to be applied	لگانا	'to cause to be applied' = to apply
سننا	to hear	سنانا	'to cause to hear' = to relate, tell

In this unit, we met the phrase verb اندازہ لگانا *andāza lagānā* 'to apply a guess = 'to guess'.

The verb سنانا *sunānā* 'to tell' means more or less the same as مجھے سب کچھ تفصیل سے سنائیے : بتانا ('tell me everything in detail') and is frequently used in the context of story telling:

میں آپ کو کہانی سناؤں گا I'll tell you a story

There are also some slightly irregular formations such as:

پینا	*pīnā*	to drink	پلانا	*pilānā*	'to cause/give to drink'
کھانا	*khānā*	to eat	کھلانا	*khilānā*	'to cause/give to eat'/to feed

آیئے تشریف رکھیے اور میں آپ کو چائے پلاؤں گا Come and sit down and I'll give you some tea (to drink)

گاؤں میں وہ آپ کو خوب کھلائیں گے In the village, they will feed you well

No hard and fast rules can be given for the formation of one of the pairs from the other and individual verbs are best learnt as separate items of vocabulary.

مجھے پتہ نہیں *mujhe pata nahīṅ* 'I don't know'

The word پتہ literally means 'trace' and is also used in the sense of 'address':

میرے پاس آپ کا پتہ نہیں تھا I didn't have your address

The phrase مجھے پتہ نہیں 'to me is/not a trace' is the exact equivalent of معلوم نہیں:

مجھے پتہ نہیں کہ خرچ کتنا ہوگا I don't know how much the cost will be

ڈاک *ḍāk* 'the post', 'mail'

The word ڈاک *ḍāk* is used throughout the subcontinent for 'post', 'mail'. Common words and expressions in which it occurs are:

ڈاک خانہ	*ḍāk xāna*	post office (m.)
ہوائی ڈاک سے	*havāī ḍāk se*	by air mail

ڈاک سے بھیجنا	*ḍāk se bhejnā*	to send by post
ڈاک میں ڈالنا	*ḍāk meṅ ḍālnā*	to post ('to put into the post')

مشق *mašq* Exercise

15.1 Complete the sentences

Complete the verb in brackets:

(burnt bread)	مجھے ____ نہیں چاہئے۔ اس کو یہاں سے لے جاؤ۔	1
(as soon as arriving)	ہوائی اڈے ____ میں آپ کو فون کروں گا۔	2
(while staying)	پاکستان میں ____ بچارہ احمد بیمار ہو گیا۔	3
(while walking gradually)	راستے پر ____ وہ گانا گا رہا تھا۔	4
(while being)	لندن میں ____ میں شریف سے ملوں گا۔	5

مکالمہ دو *mukālima do* Dialogue 2

CD 2, TR 8, 03:00

Sharif Ahmad invites John to give a talk on the Indians and Pakistanis of Britain.

جان : شریف صاحب۔ آپ مجھے اپنے بارے میں اور اپنی زندگی کے بارے میں کچھ بتائیے۔ کیا آپ دہلی کے رہنے والے ہیں۔

شریف احمد : جی نہیں۔ میں مرادآباد میں پیدا ہوا تھا۔ وہ جگہ عموماً اردو کی جائے پیدائش کہلاتی ہے۔ جب میں سب سے پہلے دہلی آیا تھا۔ تو میں ایک کالج میں داخل ہوا اور وہاں ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ بی۔ اے کرنے کے بعد میں دہلی یونیورسٹی کے شعبۂ اردو میں داخل ہوا اور وہاں میں نے ایم۔ اے حاصل کی۔ سنہ ۱۹۷۰ء (انیس سوستر) میں مجھے شعبۂ اردو میں ملازمت ملی اور تب سے میں اس شعبے میں اردو ادب پڑھا رہا ہوں۔ یعنی وہاں اردو پڑھاتے ہوئے تیس (۳۰) سال ہو گئے ہیں۔

جان : ظاہر ہے کہ اردو کے بہت طالب علم ہوں گے۔

شریف احمد : جی ہاں۔ نہ صرف ہندوستانی بلکہ کافی غیر ملکی طلبہ بھی ہیں۔ جاپانی ہیں، امریکن ہیں، روسی ہیں وغیرہ۔ جب آپ کو فرصت ہوگی تو آپ شعبے میں تشریف لائیے۔ کیا کل شام کو آپ کو فرصت ہوگی؟

جان : جی ہاں۔ کیا میں اپنی بیگم کو بھی لے آسکتا ہوں؟

شریف احمد : ضرور۔ غیر ملکی طلبہ میں سے ایک امریکن ہیں جو اتنی اچھی اردو بولتے ہیں جتنی آپ بولتے ہیں۔ ایک جاپانی طالب علم ہیں جن سے ملکے آپ کو بڑی خوشی ہوگی۔ جس وقت آپ آنا چاہیں آئیے۔ کل شام کو پانچ بجے تارکین وطن کے بارے میں بحث ہوگی۔ یعنی جو ہندوستانی اور پاکستانی تارکین وطن یورپ اور امریکہ میں آباد ہیں، ان کے مسائل پر گفتگو ہوگی۔ کیا آپ ایک چھوٹی سی تقریر کر سکیں گے۔

جان : احمد صاحب، میں نے کبھی اردو میں تقریر نہیں کی، لیکن میں کوشش کروں گا۔

اپنے بارے میں	*apne bāre meṅ*	about yourself	طالب علم	*tālib'ilm*	student (m.)
مرادآباد	*murādābād*	Muradabad (town near Delhi)	طلبہ	*talaba*	students (m.p.)
			جاپانی	*jāpānī*	Japanese
			روسی	*rūsī*	Russian
جائے پیدائش	*jā-e paidāiš*	birthplace (f.)	جب	*jab*	when
			جو	*jo*	who, which
کہلانا	*kahlānā*	to be called	اتنی ... جتنی	*itnī . . . jitnī*	as . . . as
کالج	*kālij*	college (m.)	جن سے ملکے	*jin se milke*	meeting whom
داخل ہونا	*dāxil hūā*	I entered, was enrolled	جس وقت	*jis vaqt*	at the time when
			آنا چاہیں	*ānā cāheṅ*	you may wish to come
ابتدائی	*ibtidāī*	initial			

تعلیم	*ta'līm*	education (f.)	تارکینِ وطن	*tārikīn-e vatan*	emigrants (m.p.)
حاصل کرنا	*hāsil karnā*	to acquire, receive	بحث	*bahs*	discussion (f.)
تعلیم حاصل کی	*ta'līm hāsil kī*	I was educated	جو ہندوستانی تارکینِ وطن	*jo hindustānī tārikīn-e vatan*	the Indian emigrants who . . .
بی اے	*bī e*	BA (f.)			
یونیورسٹی	*yūnīvarsiṭī*	university (f.)			
شعبہ	*šu'ba*	department (m.)	یورپ	*yūrap*	Europe (m.)
شعبۂ اردو	*šu'ba-e urdū*	Department of Urdu (m.)	آباد	*ābād*	settled, living
			مسائل	*masāil*	problems (m.p.)
ستر	*sattar*	seventy			
ملازمت	*mulāzimat*	employment (f.)	گفتگو	*guftagū*	conversation (f.)
تب سے	*tab se*	from then on	گفتگو کرنا	*guftagū karnā*	to converse
ادب	*adab*	literature (m.)	تقریر	*taqrīr*	speech (f.)
			تقریر کرنا	*taqrīr karnā*	to make a speech
پڑھانا	*paṛhānā*	to teach			

قواعد *qavā'id* Grammar

ہجے *hijje* Spelling

More on the *izāfat*

After ا (*alif*), the *izāfat* is written ـے:

جائے پیدائش *jā-e paidāiš* place of birth, birthplace

Note the expression تارکینِ وطن ***tārikīn-e vatan*** 'emigrants' (literally 'abandoners of the native land'). The Arabic word تارک ***tārik*** means 'one who abandons/ gives up'. Its special Arabic plural is تارکین ***tārikīṅ***.

Abbreviations

Many English abbreviations are employed in Urdu. These are written by spelling out the English sounds in the Urdu script:

بی اے	*bī e*	BA
ایم اے	*em e*	MA
ٹی وی	*ṭī vī*	TV

اپنے بارے میں **apne bāre meṅ 'about oneself'**

We have seen that when a compound postposition such as کی طرف، کے ساتھ کے بارے میں is used in conjunction with one of the personal pronouns, the corresponding possessive adjective must be used as the equivalent of the pronoun + کے or کی: میرے ساتھ 'with me', ہمارے بارے میں 'about us', اس کی طرف سے 'on his/her behalf'

In sentences like 'tell me about yourself', 'I'll take it with me', 'she'll give the money on her own behalf', where both pronouns refer to the same person, the second pronoun in the English sentence is expressed by اپنے or اپنی:

اپنے بارے میں بتائیے	Tell me about yourself
میں اپنے ساتھ لوں گا	I'll take it with me
وہ اپنی طرف سے پیسے دے گی	She'll give the money on her own behalf

کو کہنا **'to call'** کہلانا **'to be called'**

The English sentence 'what is this called?' can be expressed with the personal phrase کو کہنا *ko kahnā* 'to say for':

اس کو (اسے) اردو میں کیا کہتے ہیں؟ اسے کتاب کہتے ہیں

us ko/use urdū meṅ kyā kahte haiṅ? use kitāb kahte haiṅ

What do they call ('say for') this in Urdu? They call ('say for') it *kitāb*.

ہم دہلی کو اردو کی جائے پیدائش کہتے ہیں We call Delhi the birthplace of Urdu

It can also be expressed with the verb کہلانا *kahlānā* (related to کہنا) 'to be called':

اردو میں یہ کتاب کہلاتی ہے	*urdū meṅ yih kitāb kahlātī hai*	In Urdu, this is called *kitāb*
دہلی اُردو کی جائے پیدائش کہلاتی ہے		Delhi is called the birthplace of Urdu

مشق *mašq* Exercise


15.2 اردو میں اسے کیا کہتے ہیں؟



a




b



c



d



e

جب *jab* 'when', تب *tab* 'then'

In sentences such as 'When I was in Karachi, the weather was fine'; 'When you go to Bombay, meet my friends', the word 'when', is expressed in Urdu by جب *jab*, which is used in much the same way as its English counterpart. There are, however, two important points to remember:

- if the 'when' half of the sentence refers to a future event, then the verb must be in the future tense
- the second half of the sentence is introduced by تو to 'then'.

Note the following examples carefully:

جب میں اردو بولتا ہوں تو مجھے خوشی ہوتی ہے	When I speak Urdu (then) I am happy
جب آپ بمبئی جائیں گے تو میرے دوست سے ملیے	When you (will) go to Bombay (then) meet my friends
جب میں کراچی گیا تو موسم اچھا تھا	When I went to Karachi (then) the weather was fine

The phrase جب سے *jab se* (literally) 'from when' means 'since' in the sense of 'from the time when'. If we say: 'Since I have been working here I have been very happy', the second half of the sentence usually begins with تب سے *tab se* 'since then'. The verb in the first half of the sentence 'have been working' is present continuous in Urdu, logically enough since you are *still working*, similarly the verb in the second half of the sentence is also in the present:

جب سے میں یہاں کام کر رہا ہوں تب سے میں بہت خوش ہوں

Since I have been working ('am working') here, (since then) I have been ('am') very happy

حاصل کرنا *hāsil karnā* 'to acquire', 'to receive'

حاصل کرنا is a phrase verb meaning 'to acquire, receive, get'. It is often used in the context of education تعلیم *ta'līm* (f.)

آپ نے تعلیم کہاں سے حاصل کی؟ میں نے دہلی یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی

Where did you acquire (your) education? I acquired (my) education from Delhi University

جو *jo* 'who', 'which'

In sentences such as 'the man who came . . .', 'the film which is running . . .' 'who' and 'which' are both expressed in Urdu by the so-called relative pronoun جو *jo*:

آدمی جو آیا	the man who came
فلم جو چل رہی ہے	the film which is running/showing

Note the use of چلنا *calnā* in the last sentence.

جو frequently precedes the noun to which it refers. In other words, you can also say: 'which man came . . .', 'which film is running . . .'. The second half of the sentence begins with یہ or وہ. For 'who was the man who came yesterday', in Urdu, you have to say: 'the man who came' or 'which man came yesterday, who was he?':

آدمی جو کل آیا وہ کون تھا؟
جو آدمی کل آیا وہ کون تھا؟

In such sentences either construction may be used, but the second pattern with جو? preceding the noun to which it refers is rather more common.

Oblique forms of جو

Like the pronouns یہ and وہ, جو also has plural and oblique forms, but makes no change for gender:

Singular direct	جو	*jo*
Singular oblique	جس	*jis*
Plural direct	جو	*jo*
Plural oblique	جن	*jin*

As always, the oblique forms are mainly used with postpositions. Compare the following sentences, paying attention to the English translation:

Singular direct	Singular oblique
وہ خاتون جو یہاں تھیں، وہ پاکستانی ہیں؟ جو خاتون یہاں تھیں وہ پاکستانی ہیں؟ Is the lady who was here a Pakistani?	آدمی جس سے آپ باتیں کر رہے تھے، وہ انگریز ہے جس آدمی سے آپ باتیں کر رہے تھے، وہ انگریز ہے The man to whom you were speaking is English

Plural direct	Plural oblique
تارکین وطن جو یورپ میں مقیم ہیں، ان کے مسائل بہت بڑے ہیں جو تارکین وطن یورپ میں مقیم ہیں، ان کے مسائل بہت بڑے ہیں The problems of emigrants who are settled in Europe.are very great	لوگ جن کے پاس پیسے ہیں، وہ ہمیشہ خوش رہتے ہیں جن لوگوں کے پاس پیسے ہیں، وہ ہمیشہ خوش رہتے ہیں People who have money always remain happy

Note the oblique phrase جس وقت *jis vaqt* 'at which time' i.e. 'when (ever'). جس وقت آپ آنا چاہیں، آئیے Come whenever you wish ('at which time you may want, come').

اتنا جتنا *itnā . . . jitnā* 'as . . . as'

We have seen that اتنا means 'so much'. The corresponding جتنا means 'as much'. They 'echo' each other in sentences like the following and may be translated into English as, 'so much as', 'as . . . as':

لندن میں اتنی گرمی نہیں ہوتی جتنی کراچی میں ہوتی ہے

It's not as warm in London as it is in Karachi ('in London there is not so much heat as much as there is in Karachi')

وہ اتنی اچھی اردو بولتے ہیں جتنی آپ بولتے ہیں

He speaks Urdu as well as you ('he speaks so much good Urdu as much as you speak')

More Arabic plurals

The following Arabic plural forms are very commonly used in Urdu: مصروفیات *masrūfiāt* 'occupations' (f.p.) (there is no singular). Note the phrase: آپ کی کیا مصروفیات ہیں؟ 'What are you up to?' (literally 'What are your occupations?'); مسائل *masāil* 'problems' (m.p.). The singular is مسئلہ *masala*, written with *hamza* between the sīn and the *lām*. طلبہ *talaba* 'students' (m.p.). The singular is طالب علم *tālib 'ilm* which literally means 'seeker (of) knowledge'.

Regarded as a masculine Urdu noun طالب علم can also be used as a plural:

میرے کالج میں بہت سے غیر ملکی طالب علم/طلبہ ہیں There are many foreign students in my college

Insight

Even during the 19th century, Indians began to migrate to other parts of the world, especially to East Africa, to take up employment. After Independence and the partition of India and Pakistan in 1947, many people from both countries sought opportunities in Britain, and to a certain extent in the USA. The presence of these communities, especially in Britain, can hardly be ignored and their culture has always made a significant impact on the societies in which they have come to dwell. Language and the preservation of its traditions have always been burning issues. The younger generation, born outside the subcontinent, however, unfortunately shows increasingly less interest in the 'mother tongue'. For this reason, much effort is spent in fostering its study in schools and elsewhere. Time will tell how successful these efforts will be.

مشقیں *mašqeṅ* Exercises

15.3 صحیح یا غلط True or false?

The following statements relate to the two dialogues in this unit. Say whether they are true or false.

1 جان نے شریف احمد کو ٹیلیفون نہیں کیا کیونکہ ان کے پاس ان کا نمبر نہیں تھا
2 جان نے ہندوستان میں رہتے ہوئے اُردو سیکھ لی
3 شریف احمد بلقیس کے خاندان سے خوب واقف ہیں
4 ہندوستان اور پاکستان کے درمیان تعلقات اچھے ہیں
5 جان شریف احمد کی کتاب بھیج نہیں سکیں گے

15.4 At the post office

CD 2, TR 8, 05:27

John is at the post office. Listen to his conversation with the clerk, then answer the questions.

1 How many letters (چٹھی *ciṭṭhī*) does John want to post?
2 To which countries are they to be sent?
3 How much does it cost to send a letter by air to America?
4 What has John done with his parcel?
5 Where is the parcel being sent to?
6 Has he filled in the form? (بھر لینا *bhar lenā* 'to fill in')
7 What other services does John require? (تار *tār* 'telegram') (m.)

15.5 Complete the sentences

Complete the sentences with the correct form of the pronouns کون، کوئی، جو

1 دہلی میں آپ (کون) کے پاس ٹھہریں گے؟
2 (جو) لوگ کل شام کو آئے تھے، وہ کون تھے؟
3 میں لاہور گیا لیکن (کوئی) سے نہیں ملا۔
4 (جو) لوگ کل شام کو یہاں تھے، وہ کون تھے؟
5 وہ آدمی (جو) سے آپ باتیں کر رہے تھے، وہ انگریز تھے؟
6 وہ (کون) کا سوٹ کیس ہے؟ میرا ہے۔
7 ہم یہاں (کوئی) سے واقف نہیں ہیں۔
8 (جو) لوگوں کے پاس آپ رہتے ہیں، وہ بہت مہربان ہیں۔

15.6 Dialogue

Take your part in the dialogue:

خان صاحب: آپ بڑی اچھی اردو بولتے ہیں/ بولتی ہیں۔ آپ نے اردو کہاں سیکھی؟

You: Say that you learnt it while staying with friends in London.

خان صاحب: کیا لندن میں بہت اردو بولنے والے رہتے ہے؟

You: Say that there are many Indian and Pakistani emigrants in England.

خان صاحب: وہ لوگ عام طور سے کیا کام کرتے ہیں؟

You: Say that many of them work in offices and factories.

خان صاحب: میرے ایک دوست وہاں رہتے ہیں۔ کیا آپ انہیں یہ چٹھی دے سکیں گے/ سکیں گی؟

You: Ask for his address and say you will gladly give it to him.

Test yourself

In the following sentences, fill in the blanks with an appropriate word or phrase from the list.

1 تارکینِ وطن 2 شریف 3 بے وقت 4 پہنچتے ہی

5 کرتے کرتے 6 ممنون 7 بلکہ 8 ہوتے ہوئے

9 ہیں، چلتے چلتے 10 دے سکتے

a امید ہے کہ میں نے ______ ٹیلیفون نہیں کیا۔

b دہلی ______ میں اپنے پرانے دوست سے ملا۔

c آپ کا اسمِ ______ کیا ہے؟ مجھے احمد خان کہتے ہیں۔

d دوستوں سے باتیں ______ میں نے اردو سیکھ لی۔

e برف پر ______ میں گر گیا اور میری ٹانگ ٹوٹ گئی۔

میری ایک چھوٹی سی گذارش ہے۔ کیا آپ مجھے ۵۰ روپے ______ ؟

پاکستان ______ میں یونیورسٹی کی طرف گیا۔

خواتین و حضرات، میں آپ کا بے حد ______ ہوں کہ آپ نے مجھے آپ کے سامنے باتیں کرنے کا موقع دیا۔

ہمارے کلاس میں نہ صرف پاکستان ______ غیر ملکی طلبہ بھی تھے۔

انگلستان میں کافی پاکستانی ______ آباد ہیں۔

خواتین و حضرات	*xavātīn o hāzrāt*	*ladies and gentlemen*
موقعہ	*mauq'a*	*opportunity*

۵۷

16

معزز خواتین و حضرات
Ladies and gentlemen

In this unit you will learn how to:

- Make a formal speech
- Say what you have to do in different ways
- Say 'perhaps' and 'although'
- Understand something of the problems faced by the Asian community abroad

---

جان کی تقریر John's speech

John gives a short talk on some of the problems of Asians living abroad.

جان کی تقریر

معزز خواتین و حضرات۔

میں آپ کا بے حد ممنون ہوں کہ آپ نے آج مجھے اس جلسے میں بلایا۔ کل شام کو ڈاکٹر شریف احمد نے مجھ سے یہ گزارش کی تھی کہ میں برطانیہ میں مقیم ہندوستانی اور پاکستانی تارکین وطن کے متعلق ایک مختصر تقریر کروں۔ شاید یہ مناسب ہو اگر میں ان کے بچوں کی تعلیم کے مسائل کے بارے میں چند الفاظ کہوں۔ جو لوگ تقسیم کے بعد برطانیہ پہنچے، ان میں سے بہت لوگ انپڑھ تھے اور فوراً ان کو انگریزی زبان سیکھنی پڑی۔ انگریزوں کے درمیان رہتے رہتے اور کارخانوں میں کام کرتے کرتے

انہوں نے کافی جلدی (خاص طور پر مردوں نے) انگریزی سیکھ لی۔ ان کے جو بچے پیدا ہوئے تھے ان کو انگریزی اسکولوں میں تعلیم حاصل کرنی پڑتی تھی۔

لہٰذا، حالانکہ وہ گھر پر اردو یا پنجابی بولتے تھے، پھر بھی اسکولوں میں اور انگریز بچوں کے ساتھ انگریزی ہی میں باتیں کرنی پڑتی تھی۔ مادری زبان والدین کے ساتھ بولتے تھے، لیکن عملاً ان کی روز مرہ کی زبان انگریزی ہو گئی تھی۔ ظاہر ہے کہ ان کو وقتاً فوقتاً اپنے رشتے داروں سے ملنے برصغیر لوٹنا پڑتا ہے۔ رشتے داروں کو خط لکھنے پڑتے ہیں۔ اس لئے بعض لوگوں کا کہنا یہ تھا کہ برطانیہ کے اسکولوں میں اردو پڑھانے کا انتظام ہونا چاہیے۔ سن پینسٹھ ٦٥ کے بعد تمام بڑے شہروں میں، خاص طور پر ان علاقوں میں جہاں بہت سے پاکستانی اور ہندوستانی رہتے ہیں، اردو پڑھانے کا انتظام ہو گیا تھا۔ لیکن ہمارے سامنے بہت سے بڑے مسائل پیش آئے۔ کتابیں نہیں تھیں۔ تجربہ کار اساتذہ کہاں سے مل سکتے ہیں؟ اب تک ہم نے اس مسئلے کو حل نہیں کیا۔ اور اگر ہم سنجیدہ ہوں تو ہمیں سوچنا پڑے گا کہ آئندہ اردو کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہیے۔

QUICK VOCAB

معزز	***mu'azziz***	respected
خواتین و حضرات	***xavātīn o hazrāt***	ladies and gentlemen
جلسہ	***jalsa*** (m.)	meeting
برطانیہ	***bartāniya*** (m.)	Britain
کے متعلق	***ke mut'aliq***	concerning, about
مختصر	***muxtasar***	brief, short
شاید ___ ہو	***šāyad . . . ho***	perhaps it may be
مناسب	***munāsib***	appropriate
چند	***cand***	a few
الفاظ	***alfāz*** (m.p.)	words
انپڑھ	***anpaṛh***	illiterate
ان کو سیکھنی پڑی	***un ko sīkhnī paṛī***	they had to learn
کے درمیان	***ke darmiyāṅ***	among
حاصل کرنی پڑی تھی	***hāsil karnī paṛī thī***	they had to acquire
لہٰذا	***lihāzā***	therefore
حالانکہ	***hālāṅki***	although
پھر بھی	***phir bhī***	even so , still
اور	***aur***	other

باتیں کرنی پڑی تھیں	*bāteṅ karnī paṛtī thīṅ*	they had to talk
عملاً	*amalan*	in practice
روزمرہ	*rozmarra*	daily
وقتاً فوقتاً	*vaqtan favaqtan*	from time to time
لوٹنا	*lauṭnā*	to go back, return
ان کو لوٹنا پڑتا ہے	*un ko lauṭnā paṛtā hai*	they have to return
لکھنے پڑتے ہیں	*likhne paṛte haiṅ*	they have to write
بعض	*ba'z*	some
تمام	*tamām*	all
جہاں	*jahāṅ*	where
ہمارے سامنے	*hamāre sāmne*	before us
کے سامنے	*ke sāmne*	in front of, before
پیش آئے	*peš āe*	came before, confronted
تجربہ کار	*tajrubakār*	experienced
اساتذہ	*asātiza* (m.p.)	teachers
کو حل کرنا	*ko hal karnā*	to solve
سنجیدہ	*sanjīda*	serious
ہمیں سوچنا پڑے گا	*hameṅ socnā paṛegā*	we shall have to think
آئندہ	*āinda*	in the future

QUICK VOCAB

قواعد *qavā'id* Grammar

ہجے *hijje* Spelling

لہٰذا *lihāzā* 'therefore' is a loanword from Arabic commonly used in Urdu as a synonym for اس لیے *is lie*. The first *alif* is written above the word between *choṭī he* and *zāl*.

ً tanvīn is used in the words عملاً *amalan* 'in practice' and وقتاً فوقتاً *vaqtan favaqtan* 'from time to time'.

More Arabic plurals

In this unit, we have two more very common Arabic plurals:

الفاظ	*alfāz*	words	(plural of لفظ *lafz* word)
اساتذہ	*asātiza*	teachers	(plural of استاد *ustād* teacher)

استاد is used for 'teacher' in any sense. Musicians often employ it as a title before their name: استاد علی اکبر خان Ustad Ali Akbar Khan.

Obligation: 'must, have to, should'

English has a number of ways of expressing obligation: 'must, have to, had to, should, should have, ought to' etc.

So far we have met two methods used in Urdu:

Infinitive + ہے

مجھے اب جانا ہے	I have to go now

Infinitive + چاہیے

مجھے جانا چاہیے	I should go

The past of these is formed by (a) changing ہے to تھا and (b) by adding تھا to چاہیے:

مجھے کل جانا تھا	I had to go yesterday
مجھے کل جانا چاہیے تھا	I should have gone yesterday

In all cases, if the infinitive takes an object (I have to read **a book**), the infinitive and the relevant part of ہے and چاہیے must agree with the object:

مجھے کتاب پڑھنی ہے	I have to read a book (f.s.)
آپ کو کتابیں پڑھنی تھیں	You had to read the books (f.p.)
ان کو اردو سیکھنی چاہیے	He ought to learn Urdu (f.s.)
ہمیں کتابیں پڑھنی چاہئیں	We ought to have read the books (f.p.)

The sentences مجھے جانا ہے, مجھے جانا تھا refer to one specific instance: 'I have to go now/at this moment'; 'I had to go then/at that particular time'.

Habitual obligation: 'I (usually) have/had to go' is expressed by the verb پڑنا *paṛnā* to fall to:

مجھے جانا پڑتا ہے	It falls to me to go = I (usually) have to go
مجھے جانا پڑتا تھا	It used to fall to me to go = I (usually) had to go

English makes no distinction between what one must do now and what one must do usually. In Urdu, the distinction is very important. Compare the following sentences:

آج ہمیں بہت کام ہے	Today we have to do a lot of work
عموماً ہمیں بہت کام کرنا پڑتا ہے	Usually we have to do a lot of work
کل مجھے ان سے ملنا تھا۔	Yesterday I had to meet him
مجھے ہر روز ان سے ملنا پڑتا تھا	I had to meet him every day

If the infinitive takes an object, e.g. 'I usually have to read **books**', both the infinitive and پڑنا must agree with the object in gender and number:

مجھے عموماً کام کرنا پڑتا ہے	I (usually) have to work (m.s.)
مجھے عموماً کتاب پڑھنی پڑتی ہے	I (usually) have to read a book (f.s.)
مجھے عموماً دو کام کرنے پڑتے ہیں۔	I (usually) have to do two jobs (m.p.)
مجھے عموماً دو کتابیں پڑھنی پڑتی ہیں۔	I (usually) have to read two books (f.p.)

In the past, 'I (usually) had to . . .' , the above sentences would be:

مجھے کام کرنا پڑتا تھا	I (usually) had to work (m.s.)
مجھے کتاب پڑھنی پڑتی تھی	I (usually) had to read a book (f.s.)
مجھے دو کام کرنے پڑتے تھے	I (usually) had to do two jobs (m.p.)
مجھے دو کتابیں پڑھنی پڑتی تھیں	I (usually) had to read two books (f.p.)

Future obligation: 'shall have to'; past obligation: 'had to go'

Future obligation, 'I shall have to go,' is expressed with the infinitive and the future tense of پڑنا - پڑے گا *paṛegā* etc. or the future tense of ہونا - ہوگا *hogā* etc.:

کل مجھے جانا پڑے گا کل مجھے جانا ہوگا	Tomorrow I shall have to go

Summary of obligation

The various ways of expressing obligation may be summarized using the phrase verb کام کرنا as follows:

مجھے آج کام کرنا ہے	I have to work today
مجھے کام کرنا پڑتا ہے	I usually have to work
کل مجھے کام کرنا تھا / پڑا	Yesterday I had to work

مجھے عموماً کام کرنا پڑتا تھا — I usually had to work
مجھے کام کرنا پڑے گا / ہوگا — I shall have to work
مجھے کام کرنا چاہیے — I should/ought to work
مجھے کام کرنا چاہیے تھا — I should have worked

Further uses of the subjunctive

The English sentence 'I want you to do something' is expressed in Urdu as 'I want that you **may do** something', 'may do' being in the subjunctive mood:

میں چاہتا ہوں کہ آپ ان سے ملیں

I want you to meet him ('I want that you may meet him')

Similarly:

انہوں نے گزارش کی کہ میں ایک مختصر تقریر کروں

He requested me to make a brief speech ('He made a request that I may…')

The subjunctive is frequently used with شاید *šāyad* perhaps:

آپ شاید اندازہ لگا سکیں کہ میں انگریز ہوں

Perhaps you can ('may be able to') guess that I am English

شاید کل بارش ہو — Perhaps it will ('may') rain tomorrow

حالانکہ *hālāṅki* اگرچہ *agarci* 'although'

Both حالانکہ and اگرچہ mean 'although' and are equally common. In 'although' sentences, the second half of the sentence must begin with either لیکن *lekin* 'but' or پھر بھی *phir bhī* 'even so':

حالانکہ بچے گھر پر اردو بولتے ہیں، پھر بھی انہیں اسکولوں میں انگریزی بولنی پڑتی ہے۔

Although the children speak Urdu at home, (even so) they have to speak English at school

اگرچہ وہ غریب ہے لیکن وہ بہت خوش ہے

Although he is poor, (but) he is very happy

جہاں *Jahāṅ* 'where'

In the sentence 'The area **where** I live is a good area', 'where' is translated by جہاں:

وہ علاقہ جہاں میں رہتا ہوں وہ بہت اچھا علاقہ ہے

جہاں is often 'echoed' by وہاں 'there':

جہاں میں رہتا ہوں، وہاں بہت پاکستانی رہتے ہیں

Many Pakistanis live where I live ('where I live, there live . . .')

مکالمہ *mukālima* Dialogue

John talks to an American student, Philip, about problems in the USA.

فلپ: جان صاحب۔ آداب عرض ہے۔ میرا نام فلِپ ہے۔ میں نیویارک کا رہنے والا ہوں۔ میں اسی شعبے میں اردو پڑھ رہا ہوں۔ کیا میں اردو میں آپ سے باتیں کر سکتا ہوں۔

جان: ضرور، مجھے آپ سے ملکے بڑی خوشی ہوئی۔ کل شام کو شریف صاحب فرما رہے تھے کہ آپ یہیں ہیں۔

فلپ: آپ کی تقریر بہت ہی دلچسپ تھی۔ جو مسائل انگلستان میں پائے جاتے ہیں، ہمارے ہاں بھی بالکل وہی مسائل ہیں۔ لیکن کیا کیا جائے؟۔ اکثر میں سوچتا ہوں کہ اگر اردو بولنے والے والدین واقعی چاہتے ہیں کہ ان کے بچے اردو سیکھ لیں تو اُنہیں کو کچھ کرنا چاہیئے۔ لیکن وہ اتنا آسان نہیں ہے۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے، امریکہ میں، خاصکر نیویارک میں، سینکڑوں زبانیں بولی جاتی ہیں۔ لیکن اچھی ملازمت حاصل کرنے کے لئے، آپ کو انگریزی سیکھنی پڑتی ہے۔ اگرچہ لوگ گھر پر اپنی مادی زبان بولتے ہیں، لیکن گھر سے باہر ہر آدمی یہی دکھانا چاہتا ہے کہ میں کتنا اچھا امریکن ہوں۔

جان: یہی بات ہے۔ انگلستان مین، حالانکہ اردو کئی کالجوں اور یونیورسٹیوں میں پڑھائی جاتی ہیں، پھر بھی

اکثر ایشیائی بچوں کو اردو پڑھنے سے کوئی خاص دلچسپی نہیں ہوتی۔ کہتے ہیں کہ اردو پڑھنے سے کیا فائدہ ہوگا۔ آخر تو ملازمت ڈھونڈنی پڑے گی۔ ہے نا؟

فلپ: ہاں، میں بھی وہی سوچ رہا تھا۔ مجھی کو بھی نوکری کی تلاش کرنی ہوگی۔ اردو ہی میں تعلیم حاصل کرکے میں کیا کرسکوں گا۔ امریکہ میں اردو کا مستقبل اتنا روشن نہیں معلوم ہوتا ہے جتنا بعض لوگ سوچتے ہیں۔

جان: خیر، مجھے یقین ہے کہ آپ کچھ نہ کچھ پائیں گے۔ کیوں فلپ صاحب، ایک کپ چائے پیا جائے؟ چلیں چائے خانے میں بیٹھیں اور آپ اپنے بارے میں مزید معلومات دے سکیں گے۔

QUICK VOCAB

فلپ	*filip*	Philip
نیویارک	*nyū yārk* (m.)	New York
اسی شعبے میں	*isī šu'be meṅ*	in this very department
یہیں	*yahīṅ*	right here
پائے جاتے ہیں	*pāe jāte haiṅ*	are found
وہی	*vahī*	that very, the same
کیا کیا جائے؟	*kyā kiyā jāe?*	what can be done?
انہیں کو چاہیے	*unhīṅ ko . . . cāhie*	*they* ought to
خاصکر	*xāskar*	especially
سیکڑوں	*saikṛoṅ*	hundreds of
بولی جاتی ہے	*bolī jātī haiṅ*	are spoken
سے باہر	*se bāhar*	outside
یہی	*yahī*	this very, the same
دکھانا	*dikhānā*	to show
یہی بات ہے	*yahī bāt hai*	*this* is the matter
کئی	*kaī*	several
پڑھائی جاتی ہے	*paṛhāī jātī hai*	is taught
ایشیائی	*ešiāī*	Asian
مجھی کو ..... ہوگی	*mujhī ko . . . hogī*	I shall have to
نوکری	*naukarī* (f.)	employment, a job
مستقبل	*mustaqbil* (m.)	the future
روشن	*raušan*	bright

کچھ نہ کچھ	*kuch na kuch*	something or other
پانا	*pānā*	to find
ایک کپ چائے پیا جائے	*ek kap cāe piyā jāe*	let's have a cup of tea
مزید	*mazīd*	more
معلومات	*ma'lūmāt* (m.p.)	information

QUICK VOCAB

قواعد *qavā'id* Grammar

Emphatic pronouns

We have seen that the word ہی *hī* often lends emphasis to the word it follows. Sometimes it can be translated into English as 'only', 'just', 'very', but the emphasis is more usually conveyed in English by raising the voice or a change of tone:

رحیم ہی جائیں گے	*Rahim* will go
وہ کراچی ہی جاتے ہیں	He goes (only) to *Karachi*

When ہی follows the personal pronouns including یہ and وہ, the pronouns have special forms, which are usually termed 'emphatic.' For example:

یہ + ہی	becomes	یہی	*yahī* 'this (very)'
وہ + ہی	becomes	وہی	*vahī* 'that (very)'
اُس + ہی	becomes	اُسی	*usī* (emphatic of اُس *us*)

The emphatic pronouns in the direct and oblique forms are as follows:

Direct		Oblique	
میں ہی	*main̊ hī*	مجھی	*mujhī*
توہی	*tū hī*	تجھی	*tujhī*
یہی	*yahī*	اِسی	*isī*
وہی	*vahī*	اُسی	*usī*
ہمیں	*hamīn̊*	ہمیں	*hamīn̊*
تمہیں	*tumhīn̊*	تمہیں	*tumhīn̊*
آپ ہی	*āp hī*	آپ ہی	*āp hī*
یہی	*yahī*	اِنہیں	*inhīn̊*
وہی	*vahī*	اُنہیں	*unhīn̊*

Care must be taken to distinguish between the Emphatic forms ہمیں، تمہیں، انہیں، اِنہیں، *hamīṅ, tumhīṅ, inhīṅ, unhīṅ* and the extended oblique forms, which are spelt the same but pronounced differently: *hameṅ, tumheṅ, inheṅ, unheṅ.*

Meaning and use of the emphatic pronouns

In many cases, the emphatic pronouns are truly emphatic:

اچھی بات ہے میں ہی جاؤں گا	Very well, *I'll* go
میں انہیں سے ملنا چاہتا ہوں	I want to meet *them*
میں اس شعبے میں پڑھتا ہوں	I teach in *this* department

یہی and وہی can often be translated into English as 'the (very) same':

دیکھیے - وہی گاڑی ہے	Look, it the same car!
یہی بات ہے	It's the (very) same thing

Note the expression ایک ہی *ek hī* 'the same':

میری بات اور آپ کی بات ایک ہی ہے

We say the same thing ('your thing and my thing are the same')

Sometimes the emphasis may be conveyed by 'only':

وہی ہماری مدد کر سکیں گے	Only he can help us

یہیں *yahīṅ* 'here'; وہیں *vahīṅ* 'there'

The emphatic forms of یہاں and وہاں are یہیں and یہیں:

اچھا آپ یہیں ہیں	I see you are *here*
میرا گھر وہیں تھا	my house was *there* ('in that very place')

The passive

In English, the form of the verb 'it is done', 'I was seen', 'you are heard' is known as the passive. In Urdu, the passive is much more restricted than it is in English and is usually only found in the third person: 'is/was/will be done' etc.

The passive is formed with the past participle followed by the verb جانا:

کیا جاتا ہے	*kiyā jātā hai*	is done

دیکھا جاتا ہے	*dekhā jātā hai*	was seen
پڑھایا جائے گا	*paṛhāyā jāegā*	will be taught

When one says 'it is done by me', 'by' is rendered by سے

مجھ سے کیا جاتا ہے *mujh se kiyā jātā hai* It is done by me

Both the past participle and جانا have to agree with the subject of the sentence in gender and number:

اردو ہندوستان اور پاکستان میں بولی جاتی ہے

Urdu is spoken in India and Pakistan

نیویارک میں سیکڑوں زبانیں بولی جاتی ہیں

In New York, hundreds of languages are spoken

The passive is often used idiomatically. Note the English translation of the following examples:

کیا کیا جائے؟	*kyā kiyā jāe?*	What can we do? ('what may be done?')
ایک کپ چائے پیا جائے؟	*ek kap cāe piyā jāe?*	Shall we have a cup of tea? ('may a cup of tea be drunk?')
دیکھا جائے گا	*dekhā jāegā*	We'll see ('it will be seen')
مجھ سے وہ کام نہیں کیا جائے گا	*mujh se vuh kām nahīṅ kiyā jāegā*	I can't do that ('by me that work is not done')

کچھ نہ کچھ **kuch na kuch 'something or other', 'some or other'**

The expression کچھ نہ کچھ means 'something or other', 'some or other':

مجھے کچھ نہ کچھ کرنا پڑے گا	I shall have to do something or other
کچھ نہ کچھ لوگ اردو سے دلچپی لیتے ہیں	Some people (or other) take an interest in Urdu

Compare ایک نہ ایک *ek na ek* 'one or the other':

ایک نہ ایک دن میں پاکستان جاؤں گا	One of these days I'll go to Pakistan

Insight

In the Urdu-speaking world, public speaking is still highly regarded, and the 'science of oratory' (علم بلاغت *'ilm-e balāġat*) is given great prominence in school and college education. All over the world, where Urdu speakers have made their home, literary and learned societies meet regularly to discuss their particulars interests, and attendances are usually very high. The tradition goes back centuries, and such functions are still enjoyed by many people. Speeches on almost any subject tend to be highly formal and are often extremely lengthy. Their language usually employs a vast number of Persian and Arabic words. Indeed, sometimes one has the impression that the mode of delivery is given more importance that the actual content. If you as a 'foreign-learner' of Urdu should attend one of these gatherings, you will almost certainly be invited to say a few words, and the formulae found in the two dialogues of this unit will stand you in good stead.

The above remarks apply not only to Urdu but also to most of the other languages of the subcontinent. In Hindi speeches, for example, you will hear a great deal of Sanskrit, which is gradually replacing the Persian element current in former times.

In an Indian newspaper article, written during the elections of 2008, it was reported that an elderly Congress MP visited a city in South India, where he delivered a lengthy peroration to his party faithful. When he finished, he was somewhat taken aback by the cool response of his audience. The organizers of the function politely informed him that he had in fact been addressing the wrong meeting. By mistake he had been at a rally of the rival party, the BJP. He was, however, complemented on his excellent oratory!

مشق *mašq* Exercise

16.1 True or false?

The following questions relate to the two passages in this unit. Say whether the answers that follow are true or false.

1 جان کی تقریر کس چیز کے بارے میں تھی؟
2 انگلستان میں اکثر پاکستانی بچے اردو بول سکتے ہیں؟
3 کیا انگلستان میں اردو پڑھانے کا انتظام ہوتا ہے؟
4 فلپ اردو بول سکتے ہیں؟
5 نیویارک میں کتنی زبانیں بولی جاتی ہیں؟
6 امریکہ لوٹنے کے بعد فلپ کیا کریں گے؟
7 امریکہ میں وہی مسائل ہیں جو انگلستان میں پائے جاتے ہیں؟
8 تقریر کے بعد جان اور فلپ کیا کرتے ہیں؟

a جان کی تقریر انگریز لوگوں کے مسائل کے بارے میں تھی۔
b جی ہاں۔ اکثر پاکستانی بچے اردو بول لیتے ہیں۔
c انگلستان کے اسکولوں میں اردو پڑھانے کا انتظام ہوتا ہے۔
d فلپ کو اردو نہیں آتی۔
e نیویارک میں سیکڑوں زبانیں بولی جاتی ہیں۔
f فلپ یونیورسٹی میں اردو پڑھائیں گے۔
g جی نہیں۔ امریکہ میں مسائل نہیں ہوتے۔
h وہ دونوں ایک کپ چائے پینے جاتے ہیں۔

16.2 Complete the following sentences with the correct verb of obligation.

1 میں معافی چاہتا ہوں۔ کل مجھے آپ سے ملنے آنا ______________ (should have)
2 آپ کو اگلے ہفتے زیادہ کام کرنا ______________ (will have to)
3 اِس وقت مجھے فرصت نہیں۔ مجھے باہر جانا ______________ (have to)
4 ایک زمانے میں مجھے ہر روز خریداری کرنی ______________ (had to)

5 نیویارک میں سب لوگوں کو انگریزی سیکھنی ________ (have to)

6 ہمیں اب کیا کرنا ________؟ (should)

7 مجھے آپ کے استاد سے باتیں کرنی ________ (shall have to)

16.3 Translate into Urdu

Mr Khan originally comes from Pakistan. He arrived in England in 1956 and looked for work in Manchester. At that time he could only speak Urdu. Therefore he had to learn English quickly. In 1962 he bought a house in the centre of the city, where his children went to school. Although Mr Khan's children speak Urdu at home, unfortunately, they do not have much interest in it. Mr Khan always tells them that they must learn Urdu, because they will have to write to their (own) relatives in Pakistan.

Test yourself

1 How would you say the following in Urdu?

- **a** Ladies and gentlemen, I am most grateful to you for giving me the opportunity to come to Karachi.
- **b** After the partition of India and Pakistan many people had to leave their homeland (وطن).
- **c** Although there are many Urdu speakers in Britain, very few English people have any interest in this language.
- **d** Obviously, we shall have to think about these problems.
- **e** When you go to Delhi, I want you to meet my old friend. He lives in the centre of the city.

2 Take your part in the following dialogue.

رحیم : آپ لاہور کے لئے کب روانہ ہوں گے / ہوں گی؟

You : I am not sure. If I have the time, I shall try to go next Thursday.

رحیم : یا اس وقت آپ بہت مصروف ہیں؟

You : Yes. Tomorrow I have to make a speech at the university, but it is very difficult for me to write in Urdu.

رحیم : آپ فکر نہ کریں۔ آج شام کو میں آپ کے پاس آؤں گا اور آپ کی مدد کروں گا۔

You : Rahim Sahib. I am most grateful to you. If you can come, all my problems will be solved.

رحیم : کوئی بات نہیں۔ میں ٹھیک سات بجے آؤں گا۔ کیا آپ گھر پر ہوں گے / ہوں گی؟

You : Of course. I'll wait for you at seven. I am sure that my speech will be wonderful!

17

قیمت کم کیجیے

Bring down the price!

In this unit you will learn how to:

- Say if you had done something
- Say things keep happening
- Buy clothes in the bazar
- Appreciate Muslim weddings

مکالمہ ایک *mukālima ek* Dialogue 1

گرمی ہونا	*garmī honā*	to be hot, warm
آج گرمی ہے	*āj garmī hai*	it's warm today
گرمیاں	*garmiāṅ*	summer, the hot season (f.p)

گڑبڑ	*gaṛbaṛ*	confusion, upset, mess (m.)
پیٹ میں گڑبڑ ہے	*peṭ meṅ gaṛbaṛ hai*	I have an upset stomach
گزرنا	*guzarnā*	to pass (of time); to go/pass through
گلا	*galā*	throat, neck (m.)
گلے میں خراش ہے	*gale meṅ xarrāš hai*	I have a sore throat
گوشت	*gošt*	meat (m.)
گھر	*ghar*	house, home (m.)
گھر پر	*ghar par*	at home
گھنٹہ	*ghanṭa*	hour (m.)

ل *lām*

لاکھ	*lākh*	one hundred thousand (m.)
دس لاکھ	*das lākh*	one million
لال	*lāl*	red
لانا	*lānā*	to bring
لڑکا	*laṛkā*	boy (m.)
لڑکی	*laṛkī*	girl (f.)
لفافہ	*lifāfā*	envelope (m.)
لکھنا	*likhnā*	to write
لگنا	*lagnā*	to be applied; seem; feel; begin to
لگتا ہے کہ	*lagtā hai ki*	it seems that
(کو) اچھا لگتا ہے	*(ko) acchā lagtā hai*	it seems good to; one likes
کرنے لگا	*karne lagā*	he began to do
بھوک لگتی ہے	*bhūk lagtī hai*	one feels hungry
لمبا	*lambā*	long; tall
لوٹنا	*lauṭnā*	to come back, return
لوگ	*log*	people (m.p.)
لے آنا	*le ānā*	to bring
لے جانا	*le jānā*	to take away

کے لئے	*ke lie*	for (the sake of)
دو دن کے لئے	*do din ke lie*	for two days
لیکن	*lekin*	but
لینا	*lenā*	to take

م *mīm*

ماتھا	*māthā*	forehead (m.)
مارچ	*māṛc*	March (m.)
ماں	*māṅ*	mother (f.)
مبارک	*mubārak*	congratulations (m.)
عید، سالگرہ مبارک	*'id, sālgirah mubārak*	happy Eid, birthday
سفر مبارک ہو	*safar mubārak ho!*	bon voyage!
مبارکباد دینا	*mubārakbād denā*	to congratulate
مت	*mat*	do not (+ imperative)
مٹر	*maṭaṛ*	pea(s) (m.)
مٹھائی (آں)	*miṭhāī (āṅ)*	sweet(s) (f.)
محبت	*mahabbat/ muhabbat*	love (f.)
تم سے محبت ہے	*tum se mahabbat hai*	I love you
مدد	*madad*	help (f.)
(کی) مدد کرنا	*(kī) madad karnā*	to help
مذاق	*mazāq*	joke (m.)
کا مذاق اڑانا	*kā mazāq uṛāna*	to make fun of
مرد	*mard*	man (m.)
مرغی	*murğī*	chicken (f.)
مرکز	*markaz*	centre (m.)
مرنا	*marnā*	to die
مزا	*mazā*	pleasure (m.)
مزاج شریف	*mizāj šarīf?*	how are you?

کیسے مزاج؟	*kaise mizāj?*	how are you?
مزے دار	*mazedār*	tasty, pleasurable, funny
مسائل	*masāil*	problems (m.p.)
مسجد	*masjid*	mosque (f.)
مسلم	*muslim*	Muslim (m.)
مسئلہ	*masala*	problem (m.)
مشرق	*mašriq*	east (m.)
مشق	*mašq*	practice (f.)
مشق کرنا	*mašq karnā*	to practise
مشکل	*muškil*	difficult
مشکل	*muškil*	problem (f.)
کوئی مشکل نہیں	*koī muškil nahīṅ*	no problem
مشہور	*mašhūr*	famous
مصروف	*masrūf*	busy
مصروفیات	*masrūfiāt*	activities (f.p.)
مضامین	*mazāmīn*	subjects (m.p.)
مضمون	*mazmūn*	subject (m.)
مطلب	*matlab*	meaning (m.)
مطلب یہ ہے کہ	*matlab yih hai ki*	this means that
معاف	*m'uāf (māf)*	excused
معاف کرنا	*mu'āf karnā*	to excuse
معاف کیجیے	*mu'āf kījie*	excuse me, I'm sorry
معلوم	*ma'lūm*	known
کو معلوم ہونا	*ko ma'lūm honā*	to know
مجھے معلوم ہے	*mujhe ma'lūm hai*	I know
معلوم ہوتا ہے کہ	*ma'lūm hotā hai ki*	it seems that
مجھے معلوم ہوا	*mujhe ma'lūm hūā*	I found out
معلومات	*ma'lūmāt*	information (m.p.)
مغرب	*mağrib*	west (m.)

کے مقابلے میں	*ke muqābile meṅ*	compared to, than
مقبرہ	*maqbara*	tomb, shrine (m.)
مکان	*makān*	house, building (m.)
ملازمت	*mulāzimat*	work, employment (f.)
ملانا	*milānā*	to introduce; to mix
ملاقات	*mulāqāt*	meeting (f.)
سے ملاقات ہونا	*se mulāqāt honā*	to meet (with)
ملک	*mulk*	country (m.)
ملنا	*milnā*	to be acquired, meet
مجھے ملتا ہے	*mujhe miltā hai*	I get, acquire
سے ملنا	*se milnā*	to meet with
پھر ملیں گے	*phir mileṅge*	'we'll meet again', see you!
ممکن	*mumkin*	possible
ممکن ہے کہ	*mumkin hai ki*	it's possible that
مناسب	*munāsib*	appropriate
منتظر	*muntazir*	waiting, looking forward
میں اس کا منتظر ہوں	*maiṅ is kā muntazir hūṅ*	I'm looking forward to it
منٹ	*minaṭ*	minute (m.)
ایک منٹ ٹھہریے	*ek minaṭ ṭhahrīe*	wait a minute!
منگل	*mangal*	Tuesday (m.)
منگنی	*maṅganī*	engagement (for marriage)(f.)
میری منگنی ہوئی	*merī maṅganī hūī*	I'm engaged
منگوانا	*maṅgvānā*	to order (meals, etc.)
منہ	*muṅh*	face, mouth (m.)
منہ ہاتھ دھونا	*muṅh hāth dhonā*	'to wash face and hands', have a wash
موسم	*mausam*	weather (m.)
موزہ (موزے)	*moza (moze)*	sock(s) (m.)
مہربان	*mihrbān*	kind, pleasant

مہربانی	*mihrbānī*	kindness; thank you (f.)
مہربانی کرکے	*mihrbāni karke*	please
مہمان	*mihmān*	guest (m.)
مہمان نواز	*mihmān navāz*	hospitable
مہمان نوازی	*mihmān navāzī*	hospitality (f.)
مہنگا	*mahaṅgā*	expensive, dear
مہینہ	*mahīna*	month (m.)
مئی	*maī*	May (f.)
میٹر	*mīṭar*	meter (in a taxi) (m.)
میز	*mez*	table (f.)
میل	*mīl*	mile (m.)
میں	*meṅ*	in, among
میں سے	*meṅ se*	from among, among, out of
مینار	*mīnār*	minaret (m.)

ن **nūn**

نا	*nā*	isn't it?
ناپ	*nāp*	measurement, size (m.)
ناچنا	*nācnā*	to dance
ناچنے والی	*nācnevālī*	dancing girl (f.)
ناراض	*nārāz*	angry
ناشتہ	*nāšta*	breakfast (m.)
ناشتہ کرنا	*nāšta karnā*	to have breakfast
نام	*nām*	name (m.)
نان	*nān*	naan, oven-baked bread (m.)
نانا	*nānā*	grandfather, mother's father (m.)
نانی	*nānī*	grandmother, mother's mother (f.)
نزدیک	*nazdīk*	near, nearby
سے نزدیک	*se nazdīk*	near

نسخہ	*nusxa*	copy (of a book); prescription (m.)
نظر آنا	*nazar ānā*	to come into view, be seen
مجھے نظر آتا ہے	*mujhe nazar atā hai*	I can see
نقشہ	*naqša*	map (m.)
نکاح	*nikāh*	wedding ceremony (m.)
نکالنا	*nikālnā*	to take out, extract
نکلنا	*nikalnā*	to go out
نکل آنا	*nikal ānā*	to come out
نماز	*namāz*	prayer (s) (f.)
نماز پڑھنا	*namāz paṛhnā*	to pray
نمستے	*namaste*	hello, goodbye (Hindu greeting)
نوکر	*naukar*	servant (m.)
نوکری	*naukarī*	(manual) work (f.)
نومبر	*navambar*	November (m.)
نہ	*na*	not, nor
نہ .... نہ	*na ... na*	neither . . . nor
نہ جائیے	*na jāie*	don't go
ہے نہ	*hai na?*	isn't it?
نہانا	*nahānā*	to bathe, have a bath/shower
نہیں	*nahīṅ*	not; no
نے	*ne*	postposition used with past transitive verbs
نیا (نئی، نئے)	*nayā (naī, nae)*	new
نیلا	*nīlā*	blue
نیند	*nīnd*	sleep (f.)
(کو) نیند آنا	*(ko) nīnd ānā*	to feel sleepy

و vāū

واپس	*vāpas*	back
واپس آنا	*vāpas ānā*	to come back, return
واقعی	*vāqaī*	really, indeed

سے واقف ہونا	*se vāqif*	acquainted with
والد	*vālid*	father (m.)
والدہ	*vālida*	mother (f.)
والدین	*vālidain*	parents (m.p.)
وجہ	*vajah*	reason (f.)
اس وجہ سے	*is vajah se*	for this reason
کی وجہ سے	*kī vajah se*	because of
وزن	*vazan*	weight (m.)
وطن	*vatan*	homeland (m.)
وغیرہ	*vağaira*	etcetera, and so on
وقت	*vaqt*	time (m.)
اس وقت	*is vaqt*	at this time
وقت پر	*vaqt par*	on time
وکیل	*vakīl*	lawyer (m.)
ولایت	*vilāyat*	Britain (f.)
وہاں	*vahāṅ*	there
وہیں	*vahīṅ*	right there

ہ choṭī he

ہاتھ	*hāth*	hand (m.)
ہاتھی	*hāthī*	elephant (m.)
ہار	*hār*	necklace, garland (m.)
ہاں	*hāṅ*	yes, indeed
ہر	*har*	every
ہر ایک	*har ek*	every one, every single
ہر روز	*har roz*	every day
ہر طرح کا	*har tarah kā*	all kinds of
ہر طرف	*har taraf*	everywhere
ہر قسم کا	*har qism kā*	of every kind
ہزار	*hazār*	thousand

ہفتہ	*hafta*	week; Saturday (m.)
اس ہفتے	*is hafte*	this week
ہفتے کو	*hafte ko*	on Saturday
ہمیشہ	*hameša*	always
ہنسنا	*haṅsnā*	to laugh
ہوائی اڈا	*havāī aḍḍā*	airport (m.)
ہوائی جہاز	*havāī jahāz*	aeroplane (m.)
ہوٹل	*hoṭal*	hotel (m.)
ہو جانا	*ho jānā*	to become
ہونا	*honā*	to be
ہی	*hī*	only, just
ہیلو	*helo!*	hello! (answering the telephone)

ye ی

یا	*yā*	or
یاد	*yād*	memory (f.)
(کو) یاد آنا	*(ko) yād ānā*	to be recalled, come to mind
یاد رہنا	*yād rahnā*	to remain in the memory
یاد ہونا	*yād honā*	to be remembered
مجھے یاد ہے	*mujhe yād hai*	I remember
یعنی	*ya'nī*	that is, namely
یقین	*yaqīn*	certainty (m.)
کو یقین ہونا	*ko yaqīn honā*	to be certain
مجھے یقین ہے	*mujhe yaqīn hai*	I am certain
یونیورسٹی	*yūnīvarsiṭī*	university (f.)
یہاں	*yahāṅ*	here
یہیں	*yahīṅ*	right here

English–Urdu vocabulary

Many English words can have more than one meaning or fall into two or more grammatical categories. For example,'order' can be a noun or a verb: 'to place an order'; 'to order someone'. As a noun it can also mean 'command' or 'request': 'an order to a soldier'; 'an order for lunch'. In the following vocabulary, where confusion is likely to arise, nouns are marked (n.) and verbs (v.). Where necessary, words with more than one meaning are defined with a near synonym, e.g. 'poor (indigent)'; 'poor (pitiful, pathetic)', etc.

Pronouns are given in both the direct and oblique cases, e.g. 'who?'

a	ایک
a bit	ذرا
a few	تھوڑے سے
a little	کچھ۔ تھوڑا سا
abandon	چھوڑنا
about (approximately)	تقریباً
about (concerning)	کے بارے میں
above	کے اوپر
absolutely	بالکل
account	حساب
acquainted with	سے واقف ہونا
acquire	پانا ۔ ملنا
activities	مصروفیات
address	پتہ
advance (v.)	آگے بڑھنا
advantage	فائدہ
aeroplane	ہوائی جہاز
after	کے بعد
afterwards	بعد میں
again	پھر سے
age	عمر
ago	پہلے
agriculture	زراعت ۔ کھیتی باڑی
airport	ہوائی اڈہ
all	تمام ۔ سارا۔ سب
all day long	دن بھر
all kinds of	ہر طرح کا
all over	ہر طرف
all over the place	ہر جگہ
all right	ٹھیک ۔ خیر
all sorts of	ہر طرح کا
all this much	اتنا زیادہ
all through	بھر
Allah	اللہ
almost	تقریباً ۔ قریب ۔ قریب قریب
alone	اکیلا
along with	ساتھ
also	بھی

although	اگرچہ ۔ حالانکہ
always	ہمیشہ
a.m.	دوپہر سے پہلے
among	کے درمیان ۔ میں ۔ میں سے
and	اور
and so on	وغیرہ
angel	فرشتہ
angry	ناراض
animal	جانور
answer (n.)	جواب
answer (v.)	جواب دینا
anxiety	پریشانی ۔ فکر
anxious	پریشان ۔ فکرمند
appropriate	مناسب
approximately	قریب قریب ۔ کوئی
April	اپریل
Arabic	عربی
area	علاقہ
army	فوج
arrange (v.)	انتظام کرنا
arrangement	انتظام
arrive	پہنچنا
artificial	مصنوعی
as	جیسا ۔ جیسا کہ ۔ جیسے ۔ کی طرح
as far as	جہاں تک
as much as	اتنا جتنا
as quickly as possible	جتنی جلدی ممکن ہو سکے
as well	بھی
ask	پوچھنا
at	پر ۔ کو
at last	آخر ۔ آخرکار
at least	کم سے کم
at leisure	فرصت سے
at this time	اس وقت
at what time	کس وقت ۔ کتنے بجے
August	اگست
back	واپس
bad	برا
bank	بینک
bathe	نہانا
bathroom	غسل خانہ
bazaar	بازار
be	رہنا ۔ ہونا
be able	سکنا
be acquired	حاصل ہونا ۔ ملنا
be applied	لگنا
be called	کہلانا
be educated	تعلیم پانا
be enrolled	داخل ہونا ۔ داخلہ لینا
be played	بجنا
be seen	نظر آنا
beach	ساحل
beautiful	خوبصورت
because	چونکہ ۔ کیونکہ
because of	کی وجہ سے
become	ہو جانا

become tired	تھک جانا
bed	بستر
before (in front of)	سامنے - سے پہلے
before (of time)	پہلے
begin	شروع کرنا
begin to	لگنا
beginning	شروع
behind	پیچھے - کے پیچھے
best	سب سے اچھا
better	بہتر
better than this	اس سے اچھا
between	کے درمیان
big	بڑا
bill	حساب
birthday	سالگرہ
blue	نیلا
boil (v.)	ابالنا
boiled	ابلا ہوا
bon voyage	سفر مبارک ہو
book	کتاب
both	دونوں
bother (v.)	پریشان کرنا
boy	لڑکا
bread	روٹی
breakfast	ناشتہ
bring	لانا - لے آنا
brother	بھائی
brown	خاکی
build	بنانا
building	عمارت - مکان
bus	بس
business	کاروبار
busy	مصروف
but	بلکہ - لیکن
buy (v.)	خریدنا
by	سے - کے پاس
by means of	کے ذریعے
call (v.)	بلانا
camel	اونٹ
can (to be able)	سکنا
capital	دارالحکومت
car	کار - گاڑی
carriage	ڈبہ
castle	قلعہ
centre	مرکز
century	صدی
certainly	ضرور
certainty	یقین
chair	کرسی
change (v.)	بدلنا
cheap	سستا
cheat (n. v.)	دھوکہ باز - دھوکہ دینا
chess	شطرنج
chicken	مرغی
child	بچہ
childhood	بچپن
circle	دائرہ

city	شہر
class	درجہ
clean	صاف
clean and tidy	صاف ستھرا
close (nearby)	قریب
close (v.)	بند کرنا
closed	بند
cloth	کپڑا
clothes	کپڑے
coffee	کافی
cold	ٹھنڈا
cold (head cold)	زکام
cold season	جاڑا ۔ سردیاں
coldness	ٹھنڈک
college	کالج
colour	رنگ
colourful	رنگین
comb	کنگھی
come	آنا
come back	لوٹنا ۔ واپس آنا
come down	اترنا
come in	اندر آنا ۔ اندر تشریف لانا
come into view	نظر آنا
come late	دیر سے آنا
come out	نکل آنا
come to mind	یاد آنا
comfort	آرام
comfortable	آرام دہ
common	عام

compare	آرام سے ۔ آسانی سے
compared to	کے مقابلے میں
compartment	ڈبہ
complete	تمام ۔ مکمل
concerning	کے بارے میں
condition	حال ۔ حالت
confusion	گڑبڑ
congratulate	مبارکباد دینا
congratulation	مبارک
converse with	سے باتیں کرنا
cook (n.)	باورچی
cook (v.)	پکانا
cool	ٹھنڈا
copy (v.)	نقل کرنا
correct	صحیح
country	ملک
cross (v.)	پار کرنا
crowd	بھیڑ
cry (v.)	رونا
custom	رسم

dance (n.)	ناچ
dance (v.)	ناچنا
dancing girl	ناچنے والی
date	تاریخ
dates (fruit)	کھجور
daughter	بیٹی
day	دن ۔ روز
dear (beloved)	پیارا

December	دسمبر
decorate	سجانا
delay (n.)	دیر
delay (v.)	دیر کرنا
deliver	پہنچانا
depart	روانہ ہونا
departing	روانہ
departure	روانگی
detail	تفصیل
details	تفصیلات
die (v.)	مرنا
difference	فرق
difficult	مشکل
dinner	شام کا کھانا
direction	طرف
divide	تقسیم کرنا
division, partition	تقسیم
do	کرنا
doctor	ڈاکٹر
door	دروازہ
drag	کھینچنا
dress (n.)	پوشاک ۔ لباس
drink (v.)	پینا
drive	چلانا
ear	کان
early	سویرے
earn	کمانا
ease	آرام

easily	آرام سے ۔ آسانی سے
east	مشرق
easy	آسان
eat	کھانا
education	تعلیم
elder	بڑا
elder brother	بڑا بھائی
elder sister	آپا ۔ بڑی بہن
elephant	ہاتھی
else	اور ۔ یا
employment	ملازمت ۔ نوکری
empty	خالی
end	ختم
engineer	انجینیر
enjoy	پسند آنا ۔ مزہ آنا
enough	بس ۔ کافی
enter	داخل ہونا
envelope	لفافہ
especially	خاص کر ۔ خاص طور پر ۔ خاص طور سے
essential	ضروری
etcetera	وغیرہ وغیرہ
even	بھی ۔ تک
even more	اور بھی
even so	پھر بھی
evening	شام
evening meal	شام کا کھانا
ever	کبھی
every	تمام ۔ سب ۔ ہر

every day	ہردن ۔ ہرروز
every one	ہرایک
every single	ہرایک
every single thing	سبھی کچھ
everything	سب کچھ
everywhere	ہرطرف ۔ ہرجگہ
example	مثال
excellent	خوب
except	کے سوا
excuse (n.)	بہانہ
excuse (v.)	معاف کرنا
excuse me	معاف کیجیے
excused	معاف
expense	خرچ
expensive	قیمتی ۔ مہنگا
extremely	بےحد
eye	آنکھ

fabulous	شاندار
face	چہرہ ۔ منہ
factory	کارخانہ
fall	پڑنا ۔ گرنا
family	خاندان
famous	مشہور
far	دور
far from	سے دور
fare	کرایہ
fate	قسمت
father	باپ ۔ والد

father's brother	تایا ۔ چچا
father's father	دادا
father's mother	دادی
favourite	پسندیدہ
feel	لگنا ۔ محسوس کرنا
feel cold	سردی لگنا
feel hungry	بھوک لگنا
feel sleepy	نیند آنا
feel thirsty	پیاس لگنا
female friend	سہیلی
fever	بخار
few	کچھ ۔ کم
field	کھیت ۔ میدان
find	پانا
fine	بہتر ۔ عمدہ
finish (n.)	ختم
finish (v.)	ختم کرنا
first	پہلا
first class	پہلا درجہ
first of all	سب سے پہلے
five minutes away	پانچ منٹ کا راستہ
flower	پھول
food	روٹی ۔ کھانا
for (the sake of)	کے لیے
for example	جیسے ۔ مثال کے طور پر
forehead	پیشانی ۔ ماتھا
foreign	غیرملک
foreigner	غیرملکی
forget	بھولنا ۔ بھول جانا

formality	تکلف
fort	قلعہ
fortunate	خوش قسمت
fotunately	خوش قسمتی سے
forward	آگے
fourth	چوتھا
free	آزاد ۔ فارغ
Friday	جمعہ
friend	دوست
from	سے
from now on	اب سے
fruit	پھل
full	پورا ۔ بھرا ہوا
funny	مزیدار

garden	باغ
gather	جمع کرنا
general	عام
generally	عام طور پر ۔ عام طور سے
gentleman	صاحب
get	پانا ۔ کو ملنا
get married	شادی کرنا
get up	اٹھنا
give	دینا
give leave	اجازت دینا
give up	چھوڑنا
go	جانا ۔ چلنا
go forward	آگے بڑھنا ۔ آگے چلنا
go on foot	پیدل جانا ۔ پیدل چلنا

go out	باہر جانا ۔ نکلنا
God	اللہ ۔ خدا
God willing	انشاءاللہ
going around	سیر
good	اچھا ۔ بہتر ۔ خوب
good news	خوشخبری
goodbye	خداحافظ ۔ نمستے
grandfather	دادا۔نانا
grandmother	دادی۔نانی
great	بڑا
greens	سبزی
greet	سلام کرنا
greetings	سلام
guest	مہمان

habit	عادت
hair	بال
half	آدھا
hand	ہاتھ
happiness	خوشی
happy	خوش
happy birthday	سالگرہ مبارک
happy Eid	عید مبارک
hard	سخت
haste	جلدی
hat	ٹوپی
have a bath	غسل کرنا ۔ نہانا
have a headache	سر میں درد ہونا
have a shower	غسل کرنا ۔ نہانا

have a wash	منہ ہاتھ دھونا
have breakfast	ناشتہ کرنا
head	سر
health	صحت ۔ طبیعت
hear	سننا
heart	دل
heat	گرمی
heavy	بھاری
hello	آداب عرض ۔ نمستے ۔ ہیلو
help (v.)	مدد کرنا
here	ادھر ۔ یہاں
high	اونچا
history	تاریخ
holiday	چھٹی
home	گھر
homeland	وطن
honour	عزت
hope	امید ۔ امید کرنا
hospitable	مہمان نواز
hospital	اسپتال
hospitality	مہمان نوازی
hot	گرم
hotel	ہوٹل
hour	گھنٹہ
house	گھر
how	کتنا ۔ کیسا ۔ کیسے
how far	کتنی دور
how long	کب تک
how much	کتنا
hundred	سو
hunger	بھوک
hunt (n.)	شکار
hunt (v.)	شکار کھیلنا
hurry (n. v.)	جلدی ۔ جلدی کرنا
husband	شوہر
I	میں
ice cream	آئس کریم
idea	خیال
if	اگر
ill	بیمار
important	اہم ۔ ضروری
in	اندر ۔ میں
in a little while	تھوڑی دیر سے ۔ تھوڑی دیر کے بعد
in detail	تفصیل سے
in front	آگے ۔ سامنے
in front of	کے آگے ۔ کے سامنے
in my opinion	میرے خیال سے
in this direction	اس طرف
in this way	اس طرح
in total	کل ملاکر
indeed	بے شک ۔ ہاں ۔ واقعی
information	اطلاع ۔ خبر ۔ معلومات
inhabitant	رہنے والا
interest	دلچسپی
interesting	دلچسپ
introduce	تعارف کرانا ۔ ملانا

introduction	تعارف
invite	دعوت دینا
invitation	دعوت
January	جنوری
jewels	زیورات
job	کام
joke	مذاق
journey	سفر
July	جولائی
June	جون
just	ذرا ـ ہی
keep	رکھنا
key	چابی
kilo	کیلو
kilometre	کیلومیٹر
kind (sort)	طرح
kind (gentle)	مہربان
king	بادشاہ
kitchen	باورچی خانہ
know	جاننا ـ معلوم ہونا
knowingly	جان بوجھ کر
knowledge	علم
known	معلوم
Koran	قرآن
ladies	خواتین
lady	بیگم ـ خاتون ـ صاحبہ

land (n.)	زمین
land (v.)	اترنا
language	زبان
last	پچھلا
late (to be)	دیر ہونا, کرنا
lateness	دیر
laugh	ہنسنا
lawyer	وکیل
learn	سیکھنا
leave (permission)	اجازت
leave (v.)	چھوڑنا
left	بائیں ـ بایاں
leftover	باقی
leisure	فرصت
lentils	دال
less	کم
less one quarter	پونا
lesson	سبق
letter	چٹھی ـ خط
life	زندگی
like	جیسا ـ جیسے ـ کی طرح
like (v.)	پسند آنا
listen	سننا
little	تھوڑا ـ چھوٹا
live (v.)	رہنا
lonely	اکیلا
long	لمبا
look	دیکھنا
look after	دیکھ بھال کرنا

look for	تلاش کرنا
look forward	منتظر رہنا
love (n.)	پیار ۔ محبت
love (v.)	محبت کرنا
lovely	پیارا ۔ خوبصورت
low	کم ۔ نیچا
luggage	سامان
lunch	دوپہر کا کھانا
mad	پاگل
make	بنانا
make fun of	مذاق اڑانا
man	آدمی ۔ مرد
manage	انتظام کرنا ۔ سنبھالنا
mango	آم
manual work	نوکری
many	بہت ۔ بہت سے
map	نقشہ
March	مارچ
market	بازار
married	شادی شدہ
May	مئی
mean (I mean)	یعنی
meaning	مطلب
means	ذریعہ ۔ واسطہ
meanwhile	اتنے میں
measure (v.)	ناپنا
measurement	ناپ
meat	گوشت
meet	ملاقات کرنا ۔ ملنا
meet with	سے ملاقات کرنا ۔ سے ملنا
meeting	ملاقات
memory	یاد
mess	گڑبڑ
meter	میٹر
method	ذریعہ ۔ طور ۔ طریقہ
midday	دوپہر
mile	میل
milk	دودھ
minaret	مینار
minute	منٹ
mistake	غلطی
mix	ملانا
Monday	پیر
money	پیسا ۔ پیسے ۔ رقم
month	مہینہ
more	اور ۔ زیادہ ۔ زیادہ تر
more than	سے زیادہ
morning	صبح
mosque	مسجد
most	اکثر ۔ زیادہ
mostly	اکثر ۔ زیادہ تر
mother	ماں ۔ والدہ
mother's father	نانا
mother's mother	نانی
mouth	منہ
move	چلنا ۔ ہلنا
Mr	صاحب

Mrs	صاحبہ
much	بہت ۔ بہت سا
much more	بہت زیادہ
Muslim	مسلمان
naan	نان
name	نام
namely	یعنی
narrow	تنگ
native (of)	رہنے والا
near	کے پاس ۔ کے قریب ۔ نزدیک
nearby	آس پاس کا ۔ قریب ۔ نزدیک
necessary	ضروری
necessity	ضرورت
neck	گردن
necklace	ہار
need	ضرورت
neither ... nor	نہ ..... نہ
never	کبھی نہیں
new	نیا ۔ نئی ۔ نئے
news	خبر
newspaper	اخبار
next	اگلا ۔ آنے والا ۔ دوسرا
night	رات
no	نہیں
no one	کوئی نہیں
no problem	کوئی بات نہیں
noise	شور
north	شمال

northern	شمالی
not	نہ ۔ نہیں
nothing	کچھ نہیں
November	نومبر
now	اب ۔ ابھی
nowadays	آج کل
nowhere	کہیں نہیں
object (v.)	اعتراض کرنا
objection	اعتراض
obvious	ظاہر
obviously	ظاہر ہے کہ
occasion	بار ۔ موقع
o'clock	بجے
October	اکتوبر
of	کا ۔ کی ۔ کے
of course	ضرور
of every kind	ہر قسم کا
of what kind	کیسا
office	دفتر
often	اکثر
old	پرانا
on	پر ۔ کو
on foot	پیدل
on the left	بائیں ہاتھ پر
on the right	دائیں ہاتھ پر
on time	وقت پر
once	ایک بار
once again	ایک بار پھر ۔ پھر سے

once more	ایک بار پھر ۔ پھر سے
one	ایک
one and a half	ڈیڑھ
one hundred thousand	لاکھ
one million	دس لاکھ
one time	ایک بار
one's own	اپنا
only	صرف
open	کھلا
open (v.)	کھولنا
opinion	خیال
opportunity	موقع
or	کہ ۔ یا
or not	کہ نہیں ۔ یا نہیں
order (command)	حکم
order (v.) (to command)	حکم دینا
order (v.) (to request)	منگوانا
other	دوسرا
ought to	چاہیے
ought to have	چاہیے تھا
out	باہر
out of	میں سے
out of time	بے وقت
outside	باہر
pack (v.)	باندھنا
pain	درد
paisa	پیسہ
parents	ماں باپ ۔ والدین
partition	تقسیم
party	دعوت
pass (v. of time)	گزرنا
passport	پاسپورٹ
peace	سلام
peace be upon you	السلام علیکم
peas	مٹر
people	لوگ
per cent	فی صدی
period (of time)	زمانہ
person	شخص
phone (v.)	فون کرنا
photograph	تصویر
picture	تصویر
pineapple	انناس
place (n.)	جگہ
place (v.)	رکھنا
play	کھیل ۔ کھیلنا
pleasant	خوشگوار
please	مہربانی
please (v.)	خوش کرنا
pleasing	پسند
pleasurable	خوشگوار
pleasure	خوشی ۔ مزہ ۔ مسرت
plus	اور
plus one half	ساڑھے
plus one quarter	سوا
p.m.	دوپہر کے بعد
polite	مہذب

poor (indigent)	غریب
poor (pitiful)	بےچارہ
porter	قلی
possible	ممکن
post	ڈاک
post office	ڈاک خانہ
postage stamp	ڈاک ٹکٹ
pour	ڈالنا
practice	مشق
pray (v.)	نماز پڑھنا
prayer	دعا
prayers	نماز
preparation	تیاری
prepare	تیار کرنا
prescription	نسخہ
previous	پچھلا
price	قیمت
problem	مسئلہ ۔ مشکل
problems	مسائل ۔ مشکلات
province	صوبہ
pull	کھینچنا
push	دھکا دینا
put	رکھنا
put in	ڈالنا
put on (clothes)	پہننا

question (n.)	سوال
question (v.)	سوال کرنا
queue	قطار
quick	تیز ۔ جلدی
quickly	تیزی سے ۔ جلدی سے
quiet	خاموش
quietly	آہستہ سے ۔ خاموشی سے
quite	بالکل ۔ کافی
quite good	اچھا سا

rain (n.)	بارش
rain (v.)	بارش ہونا
rajah	راجا
rank	درجہ
rather	ذرا
read	پڑھنا
ready	تیار
really	اچھا ۔ واقعی
reason	وجہ
recently	حال ہی میں
red	لال
region	علاقہ
relation (ship)	تعلق
relations (relative)	رشتےدار
remain	رہنا
remaining	باقی
rent	کرایہ
reside	رہنا
rest (n.)	آرام
rest (v.)	آرام کرنا
return	لوٹنا ۔ واپس آنا
rice	چاول
rich	امیر ۔ دولتمند

rickshaw	رکشہ
right (correct)	ٹھیک ۔ صحیح
right (hand)	دایاں ۔ دائیں
right here	یہیں
right now	ابھی
right there	وہیں
ring (v.)	بجنا
rise (v.)	اٹھنا
river	دریا
road	راستہ ۔ سڑک
rupee	روپیہ

saree	ساڑی
Saturday	ہفتہ
say	فرمانا ۔ کہنا
scarf	سکارف
scatter	بکھیرنا ۔ پھیلانا
school	اسکول
sea	سمندر
seat (v.)	بٹھانا
second	دوسرا
see	دیکھنا
see you	پھر ملیں گے
seem	لگنا
self	خود
sell	بیچنا
send	بھیجنا
September	ستمبر
servant	نوکر
serve	خدمت کرنا
service	خدمت
ship	جہاز
shirt	قمیض
shoes	جوتے
shopping	خریداری
shore	ساحل
short	چھوٹا
shoulder	کندھا
show	دکھانا
shrine	مقبرہ
shut (closed)	بند
shut (v.)	بند کرنا
sign (v.)	دستخط کرنا
silent	خاموش
silk	ریشم
since	چونکہ
since then	تب سے
since when	کب سے
sing	گانا
singer	گانے والا
sir	جناب ۔ صاحب
sister	بہن
sixth	چھٹا
sit	بیٹھنا
sit down	تشریف رکھنا
sleep (v.)	سونا
slow	آہستہ ۔ سست
slowly	آہستہ سے

small	چھوٹا
smart	تیز
so	لہٰذا - تو
so much	اتنا ۔ اتنازیادہ
so what	تو کیا
socks	موزے
some	تھوڑا ۔ کچھ ۔ کوئی
somehow	کہیں
someone	کوئی
someone else	اورکوئی
something	کچھ
something else	اورکچھ
sometimes	کبھی ۔ کبھی کبھی
somewhere	کہیں
son	بیٹا ۔ صاحبزادہ
soon	جلد
sorrow	افسوس ۔ غم
sorry	معاف کیجیے
sort	طرح
soul	روح
south	جنوب
speak	بولنا
special	خاص
speed	رفتار
spend	خرچ کرنا
spending	خرچ
spice	مسالہ
spicy	تیز ۔ مسالہ دار
splendid	شاندار

stand (v.)	کھڑاہونا
state	حال ۔ حالت
station	اسٹیشن
stay (v.)	ٹھہرنا ۔ رہنا
still	اب تک
stomach	پیٹ
stop (v.)	رُکنا ۔
street	سڑک
strike (n.)	ہڑتال ۔ ہڑتال کرنا
strong	تیز ۔ مضبوط
student	طالب علم
study (v.)	پڑھنا
subject	مضمون
subjects	مضامین
such	ایسا
sugar	شکر
suitcase	سوٹ کیس
summer	گرمیاں
sun	سورج
Sunday	اتوار
sunshine	دھوپ
surroundings	آس پاس کا
sweat	پسینہ
sweet (n.)	مٹھائی

table	میز
take	لینا
take a photo	تصویر کھینچنا
take advantage	فائدہ اٹھانا

take away	لے جانا
take out	نکالنا
tall	اونچا - لمبا
tasty	مزیدار
taxi	ٹیکسی
taxi driver	ٹیکسی چلانے والا
tea	چائے
teashop	چائے خانہ
teacher	استاد - استانی - ٹیچر
telephone	ٹیلیفون
television	ٹیلیویژن
tell	بتانا - فرمانا
than	سے - کے مقابلے میں
thank you	آپ کا شکریہ
	آپ کی مہربانی
that	وہ
that is	یعنی
then	پھر - تب - تو
there	وہاں
thing	بات - چیز
think	سوچنا
third	تیسرا
thirst	پیاس
this	یہ
thought	خیال
thousand	ہزار
three and a half	ساڑھے تین
three and a quarter	سوا تین
throat	حلق

through	کے ذریعے
Thursday	جمعرات
ticket	ٹکٹ
tie (v.)	باندھنا
till now	اب تک
time	بار - زمانہ - وقت
time off	فرصت
tired	تھکا ہوا
to	کو
today	آج
together	ساتھ
tomb	مقبرہ
tomorrow	کل
tongue	زبان
too	بھی
too much	بہت زیادہ
tour	سیاحت
tour (v.)	سیر کرنا
tourist	سیاح
town	شہر
train	ریل گاڑی
travel	سفر
travel (v.)	سفر کرنا
trouble	تکلیف
trousers	پتلون
true	سچ
Tuesday	منگل
turn (n.)	باری
turn off	بند کرنا

two and a half	ڈھائی
two and a quarter	سوا دو
uncle	چچا
understand	سمجھ میں آنا ۔ سمجھنا
understanding	سمجھ
unfortunately	بدقسمتی سے
university	یونیورسٹی
untimely	بےوقت
up	اوپر
up to	تک
upset (sad)	اداس
upstairs	اوپر کی منزل
Urdu	اردو
use (v.)	استعمال کرنا
usual	عام
usually	عام طور پر ۔ عام طور سے
vegetables	سبزی
very	بہت ۔ بڑا ۔ زیادہ ۔ کافی
very soon	بہت جلد
wait (for)	انتظار کرنا
waiter	بیرا
waiting	انتظار
wake up	جاگنا
walk	پیدل چلنا
wall	دیوار
want	چاہنا
warm	گرم
warmth	گرمی
was	تھا ۔ تھی
wash	دھونا
watch (n.)	گھڑی
water	پانی
way	ذریعہ ۔ راستہ ۔ طرح ۔ طرف ۔ طور
wear	پہننا
weather	موسم
wedding	شادی
Wednesday	بدھ
week	ہفتہ
weep	رونا
weight	وزن
welcome	خوش آمدید
well	اچھا ۔ بس ۔ خوب ۔ خیر ۔ کیوں
were	تھے ۔ تھیں
west	مغرب
what	کس ۔ کون ۔ کیا
what's the matter	کیا بات ہے
when	جب ۔ کب
where	جہاں ۔ کہاں
which	جو ۔ کون ۔ کون سا ۔ کیا
white	سفید
who	جو ۔ کون
whole	پورا ۔ سارا ۔ تمام
why	کیوں
wife	بیگم ۔ بیوی
winter	سردیاں

wish (v.) چاہنا
with کے پاس ۔ کے ساتھ
woman عورت
word بات ۔ لفظ
work (n.) کام ۔ ملازمت
work (v.) کام کرنا
world دنیا
worried پریشان
worry (v.) پریشان ہونا ۔ فکر کرنا
wretched بیچارہ
write لکھنا
wrong غلط

year سال
yellow پیلا
yes جی ۔ جی ہاں ۔ ہاں
yesterday کل
young جوان
younger چھوٹا
younger brother چھوٹا بھائی
younger sister چھوٹی بہن

zero صفر
zone علاقہ
zoo چڑیا گھر

Answer key

Test yourself

a

تاج محل	*Tāj mahal*	Taj mahal
کراچی	*Karāci*	Karachi
لاہور	*Lāhaur*	Lahore
کلکتہ	*Kalkatta*	Calcutta
دہلی	*Dihlī*	Delhi
بمبئی	*Bambaī*	Bombay
حیدرآباد	*Haidrābād*	Hyderabad
ماؤنٹ، ایورسٹ	*Māunṭ evaresṭ*	Mount Everest
بنارس	*Banāras*	Benares

b *ahmad* Ahmad/Ahmed; *rām* Ram; *muhammad 'alī jinnāh* Muhammad Ali Jinnah; *mahātmā gāndhī* Mahatma Gandhi; *jamīla* Jamila/Jameela; *panḍit nehrū* Pandit Nehru; *vinsṭan carcil* Winston Charchill; *barāk obāmā* Barack Obama; *benazīr bhuṭṭo* Benazir Bhutto.

c *nān; capāti; kabāb; parāṭhā; sāg panīr; dopiyāza; cikan tikkā; gulāb jāmun; jalebī, qulfi; āīs krīm.*

d *pākistān* Pakistan; *frāns* France; *afğānistān* Afganistan; *nepāl* Nepal; *jāpan* Japan; *yūnāiṭid kingḍam* United Kingdom; *beljam* Belgium; *ispen* Spain.

e *hindostān* India; *sa'ūdī 'arab* Saudi Arabia; *urdan* Jordan; *irāq* Iraq; *cīn* China; *abū zābī* Abu Dhabi; *srī lankā* Sri Lanka *(Ceylon); banglā deš* Bangla Desh *(literally* 'Bengali Country'*) rūs* Russia

f *ma'lūm (mālūm); ši'r (šer); šu'la (šola); vāqi'āt (vāqeāt); a'lā (ālā); ya'nī (yānī); i'tibār (etibār); ma'rūf (mārūf); ni'mat (nemat)*

Unit 1

Exercise 1.1

1 اچھی 2 دلچسپ 3 نئی 4 بڑا 5 ہندوستانی

Exercise 1.2

1 السلام علیکم، خان صاحب۔ کیا حال ہے؟
2 بندر روڈ کہاں ہے؟
3 میرا نام .... ہے۔
4 میرا ہوٹل دور نہیں ہے۔
5 اچھا، اجازت۔ خدا حافظ۔

Exercise 1.3

1 وعلیکم السلام میں بالکل ٹھیک ہوں۔
2 جی ہاں میں انگریز ہوں۔
3 جی ہاں، میں ہوٹل میں ہوں۔
4 جی نہیں۔ دور نہیں ہے۔
5 خدا حافظ۔

Exercise 1.4

1 سات 2 نو 3 دس 4 آٹھ 5 چھے

Exercise 1.5

ا. السلام علیکم، خان صاحب۔ آپ کا گھر کہاں ہے؟
ب. میرا گھر لندن میں ہے۔
ا. آپ پاکستانی ہیں یا ہندوستانی؟
ب. میں پاکستانی ہوں۔
ا. آپ کا گھر یہاں سے دور ہے؟
ب. جی نہیں، بہت دور نہیں ہے۔
ا. اور آپ کا گھر اچھا ہے۔
ب. جی ہاں، اچھا ہے، لیکن پرانا ہے۔

A : Hello, Khan Sahib. Where is your house?
B : My house is in London.
A : Are you a Pakistani or an Indian?
B : I'm a Pakistani.
A : Is your house far from here?
B : No, it's not very far.
A : Is your house nice?
B : Yes, it's nice, but it's old.

Answers 1 In London 2 Pakistan 3 No 4 Old

Exercise 1.6

1 Pakistan 2 False 3 False 4 Ten 5 False

Test yourself

a 7; **b** 10; **c** 8; **d** 1; **e** 9;
f 5; **g** 2; **h** 4; **i** 3; **j** 6

Unit 2

Exercise 2.1

پانچ بیٹیاں *pā̃c beṭiā̃* سات بجے *sāt bacce* آٹھ کتابیں *āṭh kitābẽ*
چھے گھر *che ghar* دس آدمی *das ādmī*

Exercise 2.2

1 اچھے، ہیں 2 انگریز، ہیں 3 ہیں، ہیں 4 آپ کے، ہیں 5 ان کے بڑے اچھے ہیں

Exercise 2.3

1 ہو 2 ہیں، ہیں 3 ہیں 4 ہیں، ہیں 5 ہے، ہے

Exercise 2.4

1 آؤ 2 لائیے، رکھیے 3 دیکھیے 4 چلیے 5 بتاؤ

Exercise 2.5

جان	رحیم صاحب، یہ بتائیے۔ آپ کے کتنے بچے ہیں؟
رحیم	ہمارے دو بیٹے ہیں اور ایک چھوٹی بیٹی۔
جان	کیا وہ سب اسکول میں ہیں؟
رحیم	میرے دو بیٹے اسکول میں ہیں۔ چھوٹی لڑکی، یعنی بلقیس، اسکول میں نہیں۔ وہ گھر پر ہے۔
جان	اور ان کا اسکول اچھا ہے؟
رحیم	جی ہاں۔ وہ بڑا امریکن اسکول ہے۔
جان	اور آپ کا گھر بڑا ہے؟
رحیم	جی نہیں۔ صرف پانچ کمرے ہیں۔ لیکن وہاں بہت لوگ ہیں۔ یعنی میں ہوں اور میری بیگم ہیں۔ میرے والدین اور میرے چچا بھی ہیں۔
جان	اور یہ مشکل ہے؟
رحیم	جی نہیں، بہت مشکل نہیں۔ ہم پاکستانی ہیں اور کیا!

John	Rahim Sahib, tell me. How many children do you have?
Rahim	We have two sons and one small daughter.
John	Are they all at school?
Rahim	My two sons are at school. The little girl, namely Bilqis, is not at school. She is at home.
John	And is their school good?
Rahim	Yes. It's the big American school.
John	And is your house big?
Rahim	No. There are only five rooms. But they are lots of people there. Namely, I and my wife, my parents and my uncle.
John	Is that difficult?
Rahim	No. It's not very difficult. We are Pakistanis. So what!

Answers **1** Three **2** No **3** American **4** Five **5** Yes

Test yourself

a السلام علیکم جمیلہ صاحبہ۔ تشریف لائیے اور تشریف رکھیے۔

b یہ میری بیگم ہیں۔ ان کا نام پروین ہے۔

c ہمارے دو بچے ہیں۔ کیا آپ کے بچے بھی ہیں؟

d کیا پاکستان افغانستان سے دور ہے؟

e میرے بچے اسکول میں بہت خوش ہیں۔ کیا لندن میں اسکول اچھے ہیں؟

f کراچی میں کتنی مزے دار چیزیں ہیں! لندن میں کھانا بہت مزے دار ہے۔

g کیا تکلف ہے! جی نہیں، کوئی تکلف نہیں ہے!

h آپ کی چیزیں ہر جگہ بکھری پڑی ہیں۔ یہ بہت مشکل ہے۔

i یہ ہوٹل واقعی بہت اچھا ہے۔ کیا کلفٹن سے دور ہے؟

j میرے بڑے بیٹے آج گھر پر نہیں ہے، وہ اسکول میں ہیں۔

Unit 3

Exercise 3.1

1 آپ انجینئر ہیں؟ 2 نہیں 3 فرصت 4 انگریزی کھانا 5 یہ کتابیں

Exercise 3.2

1 مجھے/مجھ کو 2 آپ کو 3 انھیں، ان کو 4 ہمیں، ہم کو 5 تمھیں، تم کو 6 اسے، اس کو

Exercise 3.3

1 جی ہاں۔ مجھے بہت پسند ہے۔
2 مجھے معلوم ہے۔ میرا ہوٹل وہاں سے زیادہ دور نہیں۔
3 اس کا نام کیا ہے؟
4 جی نہیں، اس وقت مجھے فرصت نہیں ہے۔

Exercise 3.4

1 اے بیرا۔ ادھر آئیے۔
2 تندوری مرغی اچھی ہے؟
3 مجھے ساگ، بھونا گوشت اور پلاؤ چاہیے۔ میرے دوست کو تندوری مرغی، نان اور دال چاہیے۔
4 ہمیں آج پھل نہیں چاہیے۔
5 ہمیں ایک کوفی اور ایک چائے چاہیے۔
6 ۳۷ روپے۔

Exercise 3.5

رحیم : آداب عرض ہے، اسلم صاحب۔ کیا حال ہے؟
اسلم : ٹھیک ہوں، شکریہ۔ اور آپ؟
رحیم : میں بالکل ٹھیک ہوں۔ کیا آج آپ کو فرصت ہے؟
اسلم : جی ہاں، آج چھٹی ہے۔
رحیم : میرے دوست سے ملیے۔ ان کا نام بل ہے۔ وہ امریکن ہیں۔
اسلم : اچھا۔ یہ بہت دلچسپ ہے۔ چلیں، چائے پئیں۔ میرے گھر میں۔ آج میرے بیوی اور بچے شہر میں ہیں۔ لیکن گھر میں اچھی چائے ہے۔

رحیم : آپ کا گھر یہاں سے دور ہے؟
اسلم : جی نہیں۔ نزدیک ہے۔ بندر روڈ پر۔

Rahim : Hello, Aslam. How are you?
Aslam : I'm well, thanks. And you?
Rahim : I'm extremely well. Are you free today?
Aslam : Yes. It's a holiday today.
Rahim : Meet my friend. His name is Bill. He's an American.
Aslam : Really? That's very interesting. Come on, let's have tea. In my house. Today my wife and children are in town, but I have some good tea in the house.
Rahim : Is your house far from here?
Aslam : No, it's nearby. On Bandar Road.

Answers 1 Yes 2 A holiday 3 American 4 In town 5 Nearby

Test yourself

a ملیے **b** معلوم **c** چھٹی **d** پسند **e** خالی

f پسندیدہ **g** عمارتیں **h** کہ **i** پوچھیے **j** کیجیے

Unit 4

Exercise 4.1

1 کے 2 کا 3 کی 4 کی 5 کے

Exercise 4.2

فہمیدہ : السلام علیکم، ممتاز، کیا حال ہے؟
ممتاز : میں ٹھیک ہوں، شکریہ۔ کیا تم شہر میں ہو؟
فہمیدہ : جی ہاں بچے اسکول میں ہیں۔ مجھے فرصت ہے۔

ممتاز : مجھے بھی فرصت ہے۔ چلیں، ایک کپ چائے پیئیں؟
فہمیدہ : ضرور۔ کیا یہاں کوئی ہوٹل ہے؟ تمہیں معلوم ہے کہاں؟
ممتاز : جی ہاں۔ وہاں ہے۔ چائے بھی ہے اور مزے دار کھانا بھی ہے۔
فہمیدہ : مجھے صرف چائے چاہیے۔ آج کافی گرمی ہے نا؟
ممتاز : جی ہاں، بہت گرمی ہے۔ تو چلیں، چائے پیئیں، ایک گھنٹے کی فرصت ہے۔
فہمیدہ : کیا وہاں آئس کریم بھی ہے؟
ممتاز : ضرور۔ چلیں، آئس کریم کھائیں۔ بہت اچھا خیال ہے۔

F : Hello, Mumtaz. How are things?
M : I'm well, thank you. What, are you in town?
F : Yes, the children are at school. I've got some free time.
M : I'm also free. Come on, let's have a cup of tea.
F : Of course. Is there some hotel here? Do you know where?
M : Yes. There's (one) there. They have both tea and also delicious food.
F : I only want tea. It's quite warm today, isn't it?
M : Yes, it's very warm. Come on then, let's go and have tea. I've got an hour.
F : Do they have icecream there as well?
M : Of course. Let's go and have icecream. It's a good idea.

Answers **1** In town **2** At school **3** A hotel **4** Warm **5** Have ice cream

Exercise 4.3

1 محمد صاحب کے دو بچے ہیں۔
2 آج بہت گرمی ہے۔
3 جی ہاں۔ ان کو کھانا پسند ہے۔
4 وہ آئس کریم کی دوکان میں ہیں۔
5 بیس روپے ہیں۔

Exercise 4.4

1 رحیم صاحب اصل میں دہلی کے رہنے والے ہیں، لیکن ان کا گھر پاکستان میں ہے۔
2 انگلستان کے موسم اور ایشیا کے موسم میں بہت فرق ہے۔
3 السلام علیکم، ممتاز صاحبہ۔ چلیں۔ آئس کریم کھائیں۔
4 آج بہت گرمی ہے۔ چلیں، ایک کپ چائے پئیں۔
5 لاہور کراچی سے کم سے کم ایک ہزار میل دور ہے۔

Test yourself

a اسلم صاحب کا گھر کراچی میں ہے۔

b ان کے گھر میں سات کمرے ہیں۔

c ان کے چار بچے ہیں۔ ان کے نام حامد، اقبال، نرگس اور جمیلہ ہیں۔

d کراچی کے مرکز سے کلفٹن کوئی پانچ میل دور ہے۔

e جمیلہ کی عمر دو سال ہے۔

f میں کافی خوش ہوں۔ میری زندگی بری نہیں (ہے)۔

g میرے شوہر آج مصروف ہیں۔ وہ شہر میں ہیں، چلیں، آئس کریم کھائیں۔

h آج کافی گرمی ہے نہ؟ مجھے (مجھ کو) گرمی پسند نہیں (ہے)

i جمیلہ صاحبہ، آپ کہاں کی رہنے والی ہیں؟ یعنی آپ کا وطن کیا ہے؟

j وہ بہت پیچیدہ بات ہے۔ میرا وطن ہندوستان ہے لیکن میں پاکستانی ہوں۔

Unit 5

Exercise 5.1

1 At 5 a.m. **2** Says prayers and has breakfast **3** With her parents **4** By train **5** In a little restaurant with Nargis **6** At 6 o'clock **7** Eats and watches TV

Exercise 5.2

1 میں انگلستان کا رہنے والا ہوں/کی رہنے والی ہوں۔
2 میں لندن میں ڈاکٹر ہوں۔
3 جی ہاں۔ مجھے پاکستان بہت پسند ہے۔
4 جی ہاں۔ کراچی میں میرے بہت دوست ہیں۔
5 یہ بہت اچھا خیال ہے۔ چلیں۔

Exercise 5.3

1 وہ کراچی میں رہتے ہیں۔
2 ان کے چار بچے ہیں۔ بچوں کے نام حامد، اقبال، نرگس اور جمیلہ ہیں۔
3 جی نہیں، وہ پیر سے جمعہ تک کام کرتے ہیں۔
4 گھر پر بلقیس کھانا پکاتی ہیں۔
5 عام طور سے نوکر خریداری کرتا ہے۔
6 جی نہیں۔ ان کو دوکانیں پسند نہیں۔

Exercise 5.4

1 False **2** True **3** False **4** False **5** True **6** False

Exercise 5.5

1 پانچ بجے، پانچ بجے ہیں ۵

2 نو بجے، نو بجے ہیں ۹

3 دو بجے، دو بجے ہیں ۲

4 گیارہ بجے، گیارہ بجے ہیں ۱۱

5 چھے بجے، چھے بجے ہیں ٦

Test yourself

1 a ممتاز پاکستانی ہیں۔ وہ کراچی میں رہتی ہیں۔

b وہ کراچی کے ایک بڑے دفتر میں کام کرتی ہیں۔ ہفتے اور اتوار کو وہ کام نہیں کرتیں۔

c وہ چھ بجے صبح اٹھتی ہیں۔

d اٹھنے کے بعد وہ نماز پڑھتی ہیں

e وہ دفتر میں نو بجے پہنچتی ہیں اور شام کو سات بجے گھر آتی ہیں۔

f شام کے کھانے کے بعد وہ ٹیلی وژن دیکھتی ہیں یا کتاب پڑھتی ہیں۔

g ہفتے اور اتوار کو وہ آرام کرتی ہیں۔

2 a مجھے ہندوستان اور پاکستان کی پرانی عمارتوں سے دلچسپی ہے۔

b میں لندن میں رہتا / رہتی ہوں لیکن برائٹن میں کام کرتا / کرتی ہوں۔ میرا دفتر میرے گھر سے دور ہے۔

c آپ شام کو کتنے بجے گھر جاتے / جاتی ہیں؟

d اٹھنے کے بعد اکثر لوگ نماز پڑھتے ہیں۔ اس کے بعد ناشتہ کرتے ہیں۔

e عام طور سے میں سات بجے شام کا کھانا کھاتا / کھاتی ہوں۔

اس کے بعد میں ٹیلی وژن دیکھتا / دیکھتی ہوں۔

f اکثر پاکستانی عورتوں کی طرح، میری بیگم کھانا پکاتی ہیں اور بچوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں۔ وہ کام نہیں کرتیں۔

Unit 6

Dialogue 1

John	:	So, this is Clifton. There are (some) very splendid houses here. I think quite rich people live here. Look, that big, beautiful house. Whose house is that?
Aslam	:	I think it is some minister's house. Ministers in every country are rich, aren't they? But who lives there, I don't know.
John	:	And there is the sea. Tell me, Aslam Sahib. Which sea is this?
Aslam	:	This is the *Buhaira-e Arab*, that is, 'the Arabian Sea'.
Helen	:	But there are very few people on the beach. In Pakistan, don't people bathe in the sea?
Aslam	:	No. In Pakistan, there is no custom, like in England, of sitting on the beach and swimming in the sea.
Helen	:	And look. There's a camel on the beach. Whose camel is it?
Aslam	:	I think it's that little boy's camel. Obviously ['it is clear that'] it is someone's (camel). Sometimes there are tourists here. They like to sit on a camel.
Helen	:	And what lovely weather! Neither hot nor cold.
Aslam	:	Yes. In (The month of) November the weather is usually good. Come on, Helen Sahiba. Have a ride (sit) on a camel.

Exercise 6.1

1 ہوتی ہے　2 ہے　3 ہیں، ہوتے ہیں　4 ہوتے ہیں　5 ہے، ہوتے ہیں

Dialogue 2

John	:	Hamid, since we are in Clifton today, so show us the school. You study (read) here, don't you.
Hamid	:	Yes, but today is Saturday. Our school is closed.
John	:	It doesn't matter. At least show us where you study.
Hamid	:	All right, but Clifton is quite a big area. My school is a bit far from here.
Aslam	:	It's all right. Fortunately, we have our car (with us) today. In the car it's only (a road of) five minutes. Come on, sit in the car. But wait a minute. I haven't got the key. Who's got (the key)? Someone's got it. Bilqis. Do you have the key?
Bilqis	:	Yes. Don't worry. I have it.
Aslam	:	Why do you have the key?
Bilqis	:	It's with me because ['for this reason that'] you always forget everything. Do you have (any) money with you today?
Aslam	:	Yes, I'll have a look now . . . no, I haven't got any money.
Bilqis	:	There you are (see)! You forget the key, you forget the money! So it's good that I have money. Come on. I've got the key, so today I'll drive!

Exercise 6.2

1 True **2** True **3** False **4** False **5** False

Dialogue 3

John	:	Good heavens! (Bravo!) What a splendid school, Hamid. What sort of children study here?
Aslam	:	Mostly the children of middle-class families study here. Unfortunately, the children of poor people do not study here. There are poor people in every country in the world. But what can you do? Someone is rich, someone is poor.
John	:	I think the education (of) here is good.
Aslam	:	Yes. Usually in the big schools of Karachi the education is very good. Hamid, tell John Sahib what you study, and which subjects you like.
Hamid	:	We study all kinds of subjects. From among languages, English, Urdu and Arabic. In addition to this, history, geography, science, etc.
John	:	And do you like English?
Hamid	:	Yes. English is quite easy, but Arabic is very difficult.

Exercise 6.3

رحیم	السلام علیکم، خان صاحب۔ کیا آپ بھی یہاں اسٹیشن پر ہیں؟ ریل گاڑی کتنے بجے پہنچتی ہے؟
خان	میرے خیال سے تین بجے آتی ہے۔ کیا آپ آج کام پر نہیں ہیں؟
رحیم	جی نہیں، آج چھٹی ہے۔ عام طور پر چار نومبر کو چھٹی ہوتی ہے نا؟
خان	اچھا، کیوں؟
رحیم	وزیر کی سالگرہ ہے۔ اس لئے چھٹی ہے۔
خان	واہ! واہ! وزیر بہت بڑے آدمی ہیں۔ ان کی سالگرہ پر چھٹی ہوتی ہے؟
رحیم	ضرور۔ دیکھیے، ریل گاڑی وہاں ہے۔ اس میں ہمارے وزیر صاحب ہیں۔

R	Hello, Khan Sahib. You're also here at the station? What time does the train arrive?
K	I think it comes at 3 o'clock. Aren't you at work today?
R	No. There's a holiday today. There's usually a holiday on the 4th of November, isn't there?
K	Really. Why?
R	It's the minister's birthday. That's why there's a holiday.
K	Bravo! The minister is very great man. Is there a holiday on his birthday?
R	Of course! Look. The train's there. Our minister's in it.

Answers **1** b **2** b **3** a **4** a **5** a **6** b

Exercise 6.4

1 کی طرح **2** سے **3** پاس **4** کو **5** پر

Exercise 6.5

پانچ نومبر کو، بارہ بجے، دو جنوری کو، نو اور سولہ = پچیس، اکتیس اکتوبر، میری سالگرہ ستائیس اپریل کو ہے۔
مہینے میں کبھی تیس دن ہوتے ہیں اور کبھی اکتیس دن، پچیس روپے، ایک روپے میں سو پیسے ہیں۔

Exercise 6.6

1 نقشے پر آٹھ (۸) شہر ہیں۔

2 لاہور پنجاب میں ہے۔

3 اسلام آباد لاہور سے کوئی دو سو میل دور ہے۔

4 حیدرآباد ملتان سے کوئی پانچ سو میل دور ہے۔

5 کراچی بحیرۂ عرب پر ہے۔

Test yourself

a 4; **b** 7; **c** 9.9; **d** 10.10; **e** 1; **f** 8; **g** 2; **h** 5; **i** 6; **j** 3

Unit 7

Dialogue 1

Rahim : Hello, John Sahib. How are you? What are you doing these days?

John : Hello (it is your prayer), Rahim Sahib. These days I'm quite busy. We are preparing to go to Lahore.

Rahim : Really. When are you going?

John : Perhaps next week. On the 10th. We are still not certain.

Rahim : How are you going? By train or by air?

John : We intend to go (there is an intention of going) by train. What do you think?

Rahim : This is good, because on the 10th my sister and her husband are going to Lahore by train. Go with them.

John : This is very good, but we don't have tickets or reservations. Where does one get tickets? Can you get them from the station (where are tickets got?, are they got from?)?

Rahim : No. Don't go to the station. There's always bother there. I'll do it like this. A good friend of mine works in a travel agency here. I'll telephone him today. Don't worry. So, this means – two tickets Karachi – Lahore, in first class, for the 10th. All right?

John : Rahim Sahib, thank you very much.

Rahim	:	No problem! Telephone me this (today) evening. Do you have my number?
John	:	No, I don't.
Rahim	:	All right, so write (it): 10593 Now I am going somewhere (to one place). (Can I take my) leave?
John	:	Thank you very much, Rahim Sahib. Goodbye.

Exercise 7.1

1 لڑکا آئس کریم کھا رہا ہے۔
2 لڑکی کتاب پڑھ رہی ہے۔
3 آدمی ٹیلیفون کر رہا ہے۔
4 یہ دو آدمی ریل گاڑی میں بیٹھ رہے ہیں۔
5 عورت کھانا پکا رہی ہے۔

Dialogue 2

John	:	Hello! This is John speaking (I am John speaking). Is Rahim Sahib at home?
Begam Rahim	:	Yes. One minute. I'll just call him. He's coming.
Rahim	:	Hello, John Sahib. Listen. There is (one) good news. I have your tickets with me. My friend is a very cunning fellow! You can always get tickets from him easily. I don't know how. I never ask. Well, this means that you are going next week, on the 10th, at eight in the morning.
John	:	Thank you, Rahim Sahib. This is your and your friend's kindness.
Rahim	:	Then tell me John. What are you doing this evening? Are you going out somewhere?
John	:	No. At this moment we are in the hotel. Usually we have the evening meal here.
Rahim	:	Right. Don't eat there. Come here for dinner. This evening my sister and her husband are also coming. Meet them. What's the time now? It's seven o'clock, isn't it? So you come at eight.
John	:	Thank you, Rahim Sahib. We'll arrive at eight sharp.

Dialogue 3

Rahim	Come in, John Sahib. Come in, Helen Sahiba. Please sit down. Meet my wife. Her name is Fatima. And this is my sister, Kausar, and my brother-in-law, Qasim Sahib. He is a native of Lahore. They are going with you next Thursday. Qasim Sahib knows everything about Lahore. Qasim Sahib, you know that John and Helen are our English friends. Both are doctors in England. And both speak very good Urdu.
Qasim	Tell me, John Sahib. Where do you intend to stay in Lahore?
John	So far I don't know. I suppose in some hotel.
Qasim	In Lahore, there are many good new hotels but my favourite hotel is an old English hotel. It is near Mall Road. Right in the centre. I'll give you the telephone number. Ring there tomorrow and give my name.

Exercise 7.2

1 میں مصروف ہوں اور اسلام آباد جانے کی تیاری کر رہا ہوں/کر رہی ہوں۔

2 جی نہیں میرا ریل گاڑی سے جانے کا ارادہ ہے۔

3 جی ہاں۔ مجھے معلوم ہے۔ مجھے ٹکٹ کہاں سے ملتے ہیں۔

4 بہت شکریہ، رحیم صاحب۔ میں ٹھیک آٹھ بجے ٹیلیفون کرتا/کرتی ہوں۔

Exercise 7.3

فاطمہ	آداب عرض ہے، کوثر۔ آج آپ کیا کر رہی ہیں۔
کوثر	کچھ نہیں۔ آج میں گھر پر ہوں۔ اس وقت میں کھانے کی تیاری کر رہی ہوں۔
فاطمہ	اچھا۔ آپ کیا پکا رہی ہیں؟
کوثر	میں زیادہ نہیں پکا رہی ہوں۔ روٹی، مرغی، چاول۔
فاطمہ	کیا آج شام کو آپ کو فرصت ہے؟
کوثر	جی نہیں ہم لوگ باہر جا رہے ہیں۔ کھانے پر۔

فاطمہ تو کل صبح آپ کیا کر رہی ہیں۔ کیا فارغ ہیں۔
کوثر جی ہاں۔ میں فارغ ہوں۔
فاطمہ اچھا تو مجھے ٹھیک نو بجے فون کیجیے۔ خدا حافظ۔

Fatima : Hello, Kausar. What are you doing today?
Kausar : Nothing. I'm at home today. At the moment I'm preparing lunch.
Fatima : I see. What are you cooking?
Kausar : I'm not cooking much. Bread, chicken, rice.
Fatima : Do you have some time this evening?
Kausar : No. We're going out to dinner.
Fatima : Then what are you doing tomorrow morning? Are you free?
Kausar : Yes. I'm free.
Fatima : Good. Then phone me at nine sharp. Goodbye.

Answers 1 b 2 b 3 a 4 a 5 b

Exercise 7.4

1 ہیلو۔ یہ نمبر چھے صفر چار نو پانچ (۵۹۴۰۶) ہے؟
2 قاسم صاحب تشریف رکھتے ہیں؟
3 میرا نام بل براؤن/میری جونز ہے۔ میں اگلی جمعرات کو لاہور جا رہا/رہی ہوں، میں امریکن ہوں۔
4 کیا آپ کو معلوم ہے کہ پہلے درجے کا ریزرویشن کہاں سے ملتا ہے۔
5 بہت شکریہ۔ آپ کی مہربانی ہے۔ میرا نمبر لیجیے۔ اور آج شام کو مجھے ٹیلیفون کیجیے۔

Test yourself

a اٹھتا/اٹھتی ہوں b نہا رہا/رہی ہوں c کر رہے ہیں۔ پڑھ رہا ہوں۔
d جا رہی ہیں e بولتے ہیں

f کھاتے ہیں g ملتے ہیں h جانتے / جانتی ہیں
i کر رہی ہوں j کر رہا / رہی ہوں۔

Unit 8

Dialogue 1

John	Hello, sir.
Manager	Hello, Mr Smith. How are you? Are you having a good time in Karachi? (a good time is passing?)
John	Yes, we are having very good days here (good days are passing). We like your hotel very much. Tomorrow morning we are going to Lahore and we shall stay there for about ten days.
Manager	I see. How will you go? By train or by air?
John	We shall go by train. The train will depart from the station at 8 a.m. (in the morning). Therefore, we have to get up early. Can one get a taxi from here easily?
Manager	Yes. There will be no problem. I'll call a taxi for you at seven. Before going, have breakfast. Will you have breakfast in the room?
John	This will be very good. And give me the bill by this (today) evening. I have to go out now for two (or) three hours. I'll come back at about six.
Manager	All right. Mr Smith. You go. By six o'clock all will be ready. Will you have dinner here this evening?
John	No, we are going to friends. We shall have dinner with them.
Manager	Very well, sir. I shall be (remain) here in the evening. If you need anything else, then tell me.
John	Thank you. We'll meet again in the evening.

Dialogue 2

John	Hello, sir. Thank you for the breakfast. I have to pay (give you money) for it.
Manager	No, Mr Smith. It's no trouble. It's on (from the side of) the hotel. And here is (some) fruit for the journey. Take (it). This is also from us.

John	Oh, you are taking too much trouble! Thank you very, very much. We shall always remember your hotel (will remain a memory to us).
Manager	Where is your luggage? Is it in the room?
John	Yes. There are three suitcases. But they are quite heavy.
Manager	All right. You sit here. I'll call the porter. He'll bring the luggage and put it in the taxi. You have plenty of time. Before going will you have (drink) tea or coffee?
John	No, thank you. I think that we'll be off now, because we have to meet friends at the station. They are going to Lahore with us.
Manager	After Lahore, what do you intend? Will you go home from there?
John	No, we shall go from there to Delhi and stay for two weeks in India.
Manager	I see. You will like Delhi a lot. Delhi is the homeland of my family. That is, I am a native of Delhi. It's a very splendid city.
John	I am sure that Delhi is very splendid. But first of all we shall see Lahore. Right. That's our taxi driver, isn't it? So, we'll be off. Once more, thank you very, very much. We shall meet again.
Manager	Come again some time. Goodbye.

Exercise 8.1

1 پڑھنی ہیں 2 دینے ہیں 3 کرنی ہے 4 کرنا ہے 5 جانا ہے 6 بلانا ہے

Dialogue 3

Taxi driver	Where do you have to go, sahib? Do you have to go to the station?
John	Yes. We are going to Lahore. From which platform does the train depart? You probably know (you will know).
Taxi driver	Yes, sahib. There's no problem. I'll call the porter for you. The station is not very far from here. It's only twenty minutes (a road of twenty minutes). You are English, aren't you? How do you know Urdu (how does Urdu come to you)?
John	Well, I'm learning Urdu. A lot of Urdu speakers live in England.

Taxi driver : Yes, I know. My elder brother lives in Manchester. I shall also go there.
John : I see. When do you intend to go?
Taxi driver : There are always intentions, sahib, but one needs money, doesn't one? I'm a taxi driver. I don't earn much. But one day I shall certainly go there. Look. The station is here.
John : Oho! What a big crowd! How shall we get (arrive) to the platform?
Taxi driver : It's no problem, sahib. I'll call the porter. He will put (seat) you in the train. Give him ten rupees. No more.
John : And how much money do I have to give you?
Taxi driver : Well. Give [me] twenty-five rupees. See that man? He's your porter.
John : Thank you very much. Goodbye.

Exercise 8.2

1 جی ہاں، میں لاہور جا رہا (رہی) ہوں۔

2 میرے پاس صرف دو سوٹ کیس ہیں۔

3 جی ہاں۔ ریل گاڑی کتنے بجے روانہ ہوگی؟

4 بہت شکریہ۔ مجھے آپ کو کتنے پیسے دینے ہیں؟

Exercise 8.3

1 کھانی 2 اٹھنا 3 پڑھنی 4 کرنا 5 جانا

Exercise 8.4

1 Ten 2 1630 rupees 3 Five times 4 309 rupees 5 22 rupees 6 3921 rupees

---

Test yourself

1 a 4; b 3; c 6; d 2; e 5; f 1

2 a رہیں گے b چلیں گی c ہوگا

d دیکھیں گے e جائیں گے

Unit 9

Dialogue 1

Qasim	John Sahib, hello! Where were you? You weren't on the platform. I was very worried.
John	Hello, Qasim Sahib. Excuse (me). But there was such a big crowd. It's difficult, isn't it? In such a crowd, you can't see anyone (anyone does not come into view).
Qasim	Well, never mind. The important thing is that you are here. The compartment is quite comfortable, isn't it? And there will only be the four of us (we shall only be four people). There won't be anyone else. Are you enjoying Pakistan (is Pakistan coming pleasing)?
John	We're enjoying it very much. In Karachi, our hotel was very good. The food was good, the people were good and the hotel manager was an especially kind person. We have many new friends.
Qasim	In Lahore, you will find (will be acquired) many more friends. The people of Panjab are very hospitable. Good heavens! Where's my wife? Five minutes ago she was on the platform with (her) (lady) friends. Now I can't see her anywhere (she does not come into view). You sit here. I'll look for her. The train will depart in (after) five minutes.
John	Qasim Sahib, don't be anxious. Look, she is coming.
Qasim	Kausar! Where were you? Were you with (your) friends? Come on. Get (sit) in the compartment. The train is going now.

Exercise 9.1

1 تھے 2 تھے 3 تھیں 4 تھیں 5 تھا

Dialogue 2

John	(Why), Qasim Sahib. Are you a native of Lahore?
